Scanned by CamScanner

جلال الدین ۵

۹۲

ان اللہ لطیف خبیر

علمی، دینی، اصلاحی اور معلوماتی

ماہنامہ

اللطیف

ویلور

زیر ظل حمایت و سرپرستی:-

تقدس مآب اعلیٰ حضرت مولانا مولوی ابو النصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب قبلہ قادری
مد ظلہ العالی سجادہ نشین مکان حضرت قطب ویلور، قدس سرہ العزیز

مدیر اعلیٰ

فضیلت مآب حضرت مولانا ابو الحسن صدر الدین سید شاہ محمد طاہر صاحب قبلہ قادری
دامت برکاتہم العالی بی اے ناظم دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز

مدیر مسئول:-

جناب افضل العلماء مولانا مولوی ابو المکارم سید مصطفیٰ حسین بخاری قادری صاحب کڈپوی

(فاضل لطیفیہ) صدر شعبۂ عربی دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز

مدیر معاون:

جناب مولانا مولوی پی محمد ابو بکر صاحب لطیفی قمری استاذ دار العلوم لطیفیہ

نمائندگان طلبا

(۱) مولوی حافظ ایم شبیر الحق قریشی مولوی عالم ادیب فاضل ادہونی سکریٹری انجمن دائرۃ المعارف

(۲) حافظ سید محمد یوسف پاشاہ طاہر فرقانی کڈپوی جنرل مانیٹر

(۳) سید دستگیر پاشاہ عدروس منگولی - جنرل کیاپٹن

سنہ ۱۳۹۴ھ
1974ء

مطبعۂ قومی پریس بنگلور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

عطیہ
مولانا حضرت ابو صالح عماد الدین
شاہ سید محمد ناصر صاحب قادری قبلہ
مدظلہ العالی المعروف بہ حضرت
میراں پاشاہ صاحب

از قدوۃ السالکین
زبدۃ العارفین شیخ المشائخ اعلیٰحضرت رکن الدین شاہ سید ابو الحسن قربی قادری قدس سرہ العزیز

ثنا کہتا ہوں صدقِ دل سوں میں مولیٰ تعالیٰ کا ۔۔۔ اگرچہ ہو نہیں سکتا ثنا اس ذاتِ اعلیٰ کا

وہی ہے گلشنِ ہستی میں مالی اسکی قدرت کا ۔۔۔ گلِ تر وجہِ گل رُخ کا صنوبر قدِ دلارا کا

صدف میں ایک قطرے سوں کیا ہے لولوئے لالا ۔۔۔ دو قطرے سوں کیا شاداب قدِ شمشادِ بالا کا

اسی کی حمد میں دائم زباں بھرتی ہے عالم کی ۔۔۔ اگرچہ کوئی ثنا کہتا ہے ماہِ مہر سیما کا

عبادت میں اسی کے ہیں سبی ذرّات عالم کے ۔۔۔ اگرچہ کوئی کیا پوجا بتِ بی دست و بی پا کا

ہر ایک ذرّہ اشارت ہے یہی توحید برحق ہے ۔۔۔ اگر توں ہے اشارت فہم کر ادراک معنا کا

ایس کی ذات کوں لاکر کہ ہووے کشف لا الّا اللہ ۔۔۔ بغیر از لا کے نا کہہ لیے تجھے اسرار اِلّا کا

دِسے گا وجہ اُس کا ہر ذرّے سوں گر کریگا حل ۔۔۔ یقیں سوں ثمّ وجہ اللہ کے مشکل معمّا کا

ذرات خلق نیں ہے غیر ذاتِ لم یزل ہرگز ۔۔۔ تو ہر ایک ذات کوں پر تو سمج اس ذاتِ والا کا

صفت ہور اسم ہر شئی کا صفت ہور اسم حق کا ہے ۔۔۔ کہ ہے اسم و مسمّٰی عکس اس اسم و مسمّا کا

تجلّی ہے یو سب غیب ہویت ہور وحدت کی ۔۔۔ اگر ہے جہل جاہل کا و گر ہے علم دانا کا

بغیر از عاجزی قربی تجھے چارہ ثنا سوں نیں ۔۔۔ کہ جیوں کہنا اتھا تیوں نیں کہے کوئی حمد مولا کا

رباعی
۴۸۷/۹۲
کلام اللہ
قرآنِ کریم میں کرامت دیکھی،
ہر جزو کے ساتھ کُل کی شرکت دیکھی
ہر منزل کو اسی کی منزل پایا،
ہر سُورہ میں خدا کی صُورت دیکھی
حضرت امجد حیدرآبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آغازِ سخن

اِدارہ

الحمدللہ سالنامۂ اللطیف کا چودھواں شمارہ پیش کرتے ہوئے ہمیں بیحد مسرت ہو رہی ہے۔ کثرتِ مشاغل اور ہوش ربا گرانی کے باوجود سالنامہ کا بغیر کسی تاخیر کے اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ افروز ہو کر آپ کے ہاتھ میں پہنچ جانا صرف تائیدِ غیبی ہے اور بس۔ سالنامۂ اللطیف کو اسکی شاندار روایات کے مطابق قدیم و جدید فنکاروں کی نگارشات، بزرگوں کے نادر و نایاب تبرکات، اسٹاف اور طلبائے عزیز وغیرہ کے دلچسپ تحقیقی و معلوماتی مقالات سے زینت دی گئی ہے۔ مربیانِ دارالعلوم اساتذۂ کرام اور طلبائے عزیز نے اس کی آرائش جمال میں اپنی بھرپور کوششوں کو صرف کیا اور ناظرین کی ضیافتِ طبع کے لئے ایک بیمثال معطر گلدستہ کی تشکیل دیتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی انجام دیا ہے۔

جہاں "سالنامۂ اللطیف" میں کئی سال سے مکتوباتِ لطیفی کا ترجمہ اور ایک نادر و نایاب کتاب "مخزن السلاسل" جو ایکسو اکانوے (۱۹۱) سلاسل پر مشتمل ہے شائع ہوتی آرہی ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس سال سے مزید ایک اور عجیب و غریب کتاب "خوارقِ حیدریہ" متن اور ترجمہ کے ساتھ قسط وار شائع کیجارہی ہے۔ مذکورہ کتاب جو ابھی تک زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوئی تھی، پہلی بار اس کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

نیز انتہائی خوشی اور مسرت ہمیں اس بات کی ہے کہ بفضلہٖ تعالےٰ زبدۃ العارفین الحاج الحافظ اعلیٰحضرت محی الدین سید شاہ عبداللطیف قادری المشہور بہ حضرت قطبؔ ویلور قدس سرہ العزیز کی تالیفِ انیف "جواہر السلوک" جو دنیائے تصوف کا بےمثال شاہکار ہے، جس میں تصوف کے گراں مایہ موتی اکھٹا کر دئے گئے ہیں جسکی ضرورت ایک مدت سے تشنگانِ علوم معرفت شدت سے محسوس کرتے آرہے ہیں، اس کا ایک حصہ ترجمہ کے ساتھ زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظرِ عام پر آگیا، جو قابل دید ہے۔ مذکورہ عظیم الشان کتاب جہاں حسب صاحبِ بصیرت اہل ذوق حضرات کے لئے بیش بہا معلومات کا ذریعہ بنیگی انشاء اللہ تعالیٰ شائقین تصوف و

سلوک کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی۔

ہمیں اسبات پر انتہائی تعجب ہے کہ علم تصوّف کی حقیقت سے ناآشنا لوگ اس کو سمجھے بغیر تصوف پر بیجا اعتراضات کر دیتے ہیں اور اسکی مختلف عبارتوں کی غلط تعبیر کرتے ہوئے اس کو بدنام کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں حالانکہ علم تصوف قرآن وسنت سے ہٹ کر کوئی دوسری چیز نہیں ہے۔ تزکیۂ نفس، تصفیہ قلب، تخلیۂ سِرّ اور تجلیۂ روح یہی سب کچھ تصوف کا لب لباب ہے، جن کی تعلیم سے قرآن اور حدیث لبریز ہیں۔ چنانچہ حضرت جنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے علمنا هذا مشيد بالكتاب والسنة یعنی ہمارا یہ علم تصوف قرآن وسنت کی بنیاد پر قائم ہے۔ شریعت اور طریقت ایک ہی اصل سے نکلی ہوئی دو ایسی چیزیں ہیں جن میں کسی قسم کا تعارض نہیں البتہ ایک دوسرے کے بغیر بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں۔ حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں من تفقه ولم يتصوف فقد تفسق ومن تصوف ولم يتفقه فقد تزندق ومن جمع بينهما فقد تحقق یعنی جس نے علم شریعت سیکھا علم طریقت نہ جانا وہ بکواس کیا جس نے علم طریقت سیکھا اور علم شریعت نہ جانا زندیق ہوا اور جس نے دونوں کو جمع کیا اس نے حقیقت کو پالیا۔

غرض جس اصول اور ضابطہ کے بل بوتے علم فقہ کو قرآن وسنت سے الگ قرار نہیں دیا جاسکتا اسی اصول وضابطہ کے تحت علم تصوف کو بھی ان سے الگ اور جداگانہ حیثیت کا حامل قرار نہیں دے سکتے، البتہ صوفیائے کرام نے ہمیشہ شریعت کو اولیت دیتے ہوئے اس میں استحکام کے بعد طریقت میں قدم رکھنے کی اجازت دی ہے۔

حضرت سلطان الاولیاؒ رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے تفقه ثم اعتزل پہلے علم فقہ حاصل کرو، پھر درویشی کرنا نیز آپ نے ایک دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا كُلُّ حَقِيْقَةٍ رَدَّتْهَا الشَّرِيْعَةُ فَهِيَ زَنْدَقَةٌ یعنی ہر وہ حقیقت جس کو شریعت نے رد کر دیا ہو وہ زندقہ ہے۔

حاصل کلام علم تصوف جو کسی صورت قرآن وسنّت سے الگ نہیں ہے اس کو سمجھنے کے لئے دوسرے علوم وفنون کی طرح اسکی بھی اصطلاحات جاننا ضروری ہے۔ اسکے بعد مشائخ کرام کی حقائق سے بھری ہوئی کتابوں کا مطالعہ کریں تو یقیناً اسکی حقیقت سمجھ میں آئیگی اور اس کے لطیف ودقیق مسائل منکشف ہوتے جائینگے۔

ربنا ارنا مناسكنا وتب علينا انك انت التواب الرحيم، آمین یارب العالمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

دارالعلوم لطیفیہ کے حوض اور عمارت کا دلکش منظر

پیشکش :- سید مرتضیٰ حسین جہانگیر لطیفی ویلوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

روئداد دار العلوم لطیفیہ

سالِ نو

الحمد للہ والمنۃ

ہندوستان کی عظیم قدیم
دینی درسگاہ ام المدارس دار العلوم لطیفیہ

مکانِ حضرت قطبِ ویلور قدس سرہ العزیز کے تعلیمی سالِ نو کا آغاز مورخہ ۱۰ر شوال المکرم ۱۳۹۳ھ مطابق ۷ر نومبر ۱۹۷۳ء روز چہارشنبہ سے ہوا حسبِ سابق اس سال بھی کثیر طلباء کو داخلہ کی اجازت دی گئی، علاقہ آندھرا پردیش، ٹمل ناڈ، کرناٹک، مہاراشٹر اور کیرلا وغیرہ کے تشنگانِ علوم وفنون اس سرچشمۂ رشد وہدایت سے سیراب ہوتے رہے۔ تقدس مآب اعلیحضرت مولانا مولوی ابوالنصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی سجادہ نشین مکان حضرت قطبِ ویلور قدس سرہ العزیز اور آپ کے برادرانِ عزیز حضرت مولانا ابو صالح عماد الدین سید شاہ محمد ناصر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی حضرت مولانا ابو الحسن صدر الدین سید شاہ محمد طاہر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی بی اے ناظم دار العلوم لطیفیہ نے طلباء کو ہر قسم کی سہولت بہم پہنچائی۔ نیز صاف ستھری غذا اور عمدہ تعلیم وتربیت سے ان کے ظاہر و باطن کو آراستہ وپیراستہ کرتے رہے۔

دورۂ حدیث

زبدۃ العارفین سراج حافظ اعلیحضرت محی الدین شاہ عبد اللطیف قادری المشہور بہ حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز نے اپنے فیوضات ظاہری وباطنی سے خطۂ ویلور کو بقعۂ نور بنا دیا تھا، آج بھی آپ کے فیوضات و برکات کا لامتناہی سلسلہ جاری وساری ہے۔ آپ قدس سرہ العزیز نے جنوب میں علم حدیث کو پھیلانے اور اس کو فروغ دینے میں بڑی جد وجہد کی۔ اسی لئے آپ نے اپنے شاگرد رشید مولانا عبد الوہاب صاحب بانی مدرسہ باقیات الصالحات کو جو حیدرآباد میں منصب تحصیلداری پر فائز تھے خط لکھا کہ حدیث پڑھنے کے بعد پڑھانا چاہیئے چلے آؤ۔ موصوف اپنے مربی ومرشد کے حکم پر چلے آئے، اور دین کے کام میں جٹ گئے۔

مدارسِ جنوب میں یہ شرف صرف ام المدارس دار العلوم لطیفیہ کو حاصل ہے کہ سب سے پہلے یہاں طلبہ کو دورۂ حدیث کرایا گیا۔ بفضلہ تعالیٰ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ صحیح بخاری شریف اور صحیح مسلم شریف حدیث مقدسہ کی یہ دو جلد کتابیں مکمل پڑھائی جاتی ہیں۔ مورخہ ۲۵ر شوال المکرم ۱۳۹۳ھ مطابق ۲۱ر نومبر ۱۹۷۳ء بروز چہارشنبہ خانقاہ قطبیہ عالیہ میں تقدس مآب اعلیحضرت مولانا مولوی ابوالنصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی سجادہ نشین مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز کی دعاؤں سے دورۂ حدیث شریف کا آغاز ہوا اور مورخہ ۲۵ر رجب المرجب ۱۳۹۴ھ مطابق ۱۴ر اگست ۱۹۷۴ء بروز چہارشنبہ فضیلت مآب اعلیحضرت

قبلہ مدظلہ العالی کی دعاؤں پر اختتام پذیر ہوا۔

ادبی افتتاحی اجلاس

دارالعلوم کے تمام شعبوں میں انجمن دائرۃ المعارف کو بھی ایک امتیازی اور مثالی حیثیت حاصل ہے۔ جہاں وہ طلبا کی تقریری صلاحیتوں کو پروان چڑھاتی ہے وہاں اس سے قابل ذکر فائدہ یہ ہوتا ہے کہ ملک و ملت کی اعلیٰ شخصیتوں کو اس میں مدعو کیا جاتا ہے تاکہ طلباء عزیز رہنمایان قوم و ملت کو قریب سے دیکھیں اور ان کی قیمتی آراء سے مستفید ہوں حسب عادت امسال بھی مورخہ ۷ ذیقعدہ ۱۳۹۳ھ مطابق ۱۳ ڈسمبر ۱۹۷۳ء بروز پنجشنبہ انجمن دائرۃ المعارف کے افتتاحی جلسہ سے خطاب کرنے کیلئے عالیجناب مولانا مولوی محمد حسین صاحب یم اے پرنسپال جامعہ عربی کالج یرمبور مدراس کو مدعو کیا گیا۔ مذکورہ افتتاحی اجلاس بعد نماز عشاء دارالعلوم کے وسیع وعریض ہال میں بزیر صدارت فضیلت مآب اعلیحضرت مولانا مولوی ابوالنصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی سجادہ نشین مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز منعقد ہوا۔ قرأت قرآن مجید و نعت شریف کے بعد مہمان خصوصی عالیجناب مولانا مولوی محمد حسین صاحب یم اے نے طلبائے عزیز اور اہل جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے فضیلت علم پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ اس لئے کیا کہ وہ علم اسماء سے واقف تھے۔ آپ نے اہل یورپ کی ترقی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ وہ لوگ تو کائنات کی تسخیر کر سکے لئے مگر اپنی تسخیر نہ کر سکے ہم کو چاہئے کہ تحصیل علوم کے بعد اپنی کامیابیوں پر نازاں نہ ہوں بلکہ اسلامی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی کو آراستہ کریں۔ مزید آپ نے کہا کہ انسان کے دو دشمن ہیں ایک شیطان یہ دشمن ازلی ہے دوسرا خواہشات نفس، ان دونوں کو قابو میں کرنا ضروری ہے۔ موصوف نے سلسلۂ بیان جاری رکھتے ہوئے تقریر کی خوبیوں اور اس کے اثرات و نتائج کو بیان کیا۔ اسمیں اچھا ملکہ حاصل کرنے کی ترغیب دلائی۔ فاضل مقرر کی تقریر آیات قرآنیہ احادیث شریف اور زریں اقوال سے لبریز تھی۔

آپ کے بعد جناب افضل العلماء مولانا مولوی ابوالمکارم سید مصطفےٰ حسین بخاری صاحب قادری کڈپوی صدر شعبہ عربی دارالعلوم لطیفیہ نے اہل جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ۔ سورۂ حدید کی اس آیت کریمہ پر روشنی ڈالی۔ آپ نے بتایا کہ لوہا ایک ایسا مادہ ہے جو آج دنیا کی ہر چیز میں استعمال ہوتا ہے۔ یورپ نے اس کو مختلف روپ دیکر اپنے کام میں لایا اور بے انتہا فائدہ اٹھایا۔ اس کے برخلاف مسلمانوں نے غفلت سے کام لیا اور خسارے میں رہے۔ اگر مسلمان آج بھی صحیح معنی میں قرآن کریم کا مطالعہ کریں اور اسکی حکمت سے بھری ہوئی تعلیمات پر عمل پیرا ہو جائیں تو دنیا کا ہر میدان ان کے ہاتھوں میں ہوگا اور دونوں جہاں میں کامیاب و کامران ہونگے۔

بعد ازاں عالیجناب حضرت مولانا ابوالحسن صدرالدین

سید شاہ محمد طاہر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی B.A ناظم دارالعلوم لطیفیہ و صدر انجمن دائرۃ المعارف نے اپنے خاص انداز میں طلباء اور اہل جلسہ سے خطاب فرمایا۔ زندگی کے پر پیچ عقدوں کا حل بتاتے ہوئے طلباء عزیز و اساتذۂ کرام کو تعلیم و تعلم درس و تدریس کے بہترین نکات واضح فرمائے۔ آپ کی تقریر بڑی دلچسپ اور لطائف و حقائق سے بھرپور رہی۔ مزید آپ نے انجمن دائرۃ المعارف کے ہفتہ واری جلسوں کی غرض و غایت کو بیان کرتے ہوئے فاضل مقررین کی تقاریر کی جانب طلباء اور اہل جلسہ کی توجہ مبذول فرمائی اور اخیر میں تمام کا شکریہ ادا فرمایا۔

اس سال بھی انجمن کے تقریباً پینتالیس ۴۵ اجلاس ہوئے جن میں اہم جلسۂ سیرۃ امام حسین علیہ السلام جلسۂ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور جلسۂ گیارھویں شریف ہے۔ نیز ۱۵ اگست ۱۹۷۴ء کو یوم آزادی کے موقع پر ایک جلسہ منعقد ہوا۔

دار التصنیف و الاشاعت

دارالعلوم کا یہ شعبہ بھی سرگرم عمل ہے۔ اس سال دنیائے تصوف کا عظیم شاہکار زبدۃ العارفین الحاج الحافظ اعلیحضرت محی الدین سید شاہ عبد اللطیف قادری المشہور بہ حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز کی تالیف انیف جواہر السلوک کا ایک حصہ ترجمہ کے ساتھ شائع ہوکر منظر عام پر آگیا ہے۔ حضرت سید شاہ ابو الحسن ثانی بیجاپوری قدس سرہ العزیز کی تصنیف لطیف کا ترجمہ جناب افضل العلماء مولانا مولوی ابو المکارم سید مصطفیٰ احسین صاحب بخاری کڈپوی صدر شعبۂ عربی دارالعلوم لطیفیہ نے مکمل فرمادیا۔ جو متن کے ساتھ قسط وار اسی رسالہ میں شائع ہو رہا ہے۔

مولوی محمد ابوبکر صاحب ملیباری منشی فاضل استاذ دارالعلوم لطیفیہ "خوارق حیدریہ" کا ترجمہ کر رہے ہیں۔ اس کی پہلی قسط اسی رسالہ میں ملاحظہ فرمائیں۔ لطائف لطیفی کے ترجمہ کا کام بھی شروع ہو چکا ہے۔ خدائے بزرگ و برتر اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں پورا فرمائے۔ آمین۔

صحت اسباب

طلباء عزیز اپنی صحتوں کو بحال رکھنے کیلئے ہر دن بعد نماز عصر دارالعلوم کے میدان میں مختلف گیمس، والی بال۔ بیٹ منٹن ٹنی کائٹ، کبڈی وغیرہ سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

نوید مسرت

دارالعلوم لطیفیہ سے ماہ مارچ ۱۹۷۴ء میں مدراس یونیورسٹی کے امتحانات افضل العلماء اور ادیب فاضل میں شریک ہونے والے سو فیصد تمام طلباء نے شاندار کامیابی حاصل کی الحمد للہ علی ذالک

امتحانات

۲۵ محرم الحرام ۱۳۹۴ھ مطابق ۱۸ فروری ۱۹۷۴ء روز دوشنبہ سہ ماہی اور ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۹۴ھ مطابق ۱۸ مئی ۱۹۷۴ء میں ششماہی امتحانات اساتذۂ کرام کی نگرانی میں ہوئے اور ۲۸ رجب المرجب ۱۳۹۴ھ مطابق ۱۷ اگست ۱۹۷۴ء سے دارالعلوم کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے اور ایک ہفتہ تک جاری رہے۔ سالانہ امتحانات کے بعض پرچے بیرونی علمائے کرام نے تیار فرمایا۔

اور جوابات کی کاپیاں تصحیح کے لئے انہیں کے پاس بھیجی گئیں۔

عبا پوشی و اعطائے اسناد

۱۰ شعبان المعظم ۹۴ھ بروز پنجشنبہ دار العلوم

لطیفیہ کے مزین و خوبصورت وسیع و عریض ہال میں صبح کے، ٹھیک دس بجے دار العلوم کا سالانہ اجلاس اعلیٰ پیمانہ پر منعقد ہوا جس کی صدارت سرپرست دار العلوم فضیلت انتساب اعلیٰحضرت مولانا مولوی ابو النصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی نے فرمائی جس میں مقامی و بیرونی علماء کرام حکماء اور معتقد علم دوست و علم پرور حضرات کثیر تعداد میں مدعو تھے۔ تقدس مآب اعلیٰحضرت قبلہ مدظلہ العالی نے بنفس نفیس اپنے دست فیض قدس سے فارغین کو عبائیں اور اسناد عطا فرمایا۔

تقسیم انعامات

اسی دن شام میں منعقد ہونے والی دوسری نشست میں درسیات مقالہ نویسی، مقابلہ تحریر، اور گیمس و اسپورٹس میں اول و دوم آنے والے طلباء کو اور ان عہدیداروں کو جو سال بھر اپنی عمدہ خدمات کو پیش کیا تھا نیز ان قدیم طلباء اور اسٹاف ممبران کو جو سالانہ گیمس و اسپورٹس میں حصہ لیکر سال کے آخری دنوں کو رنگین بنا دیا تھا قیمتی انعامات سے نوازا۔

ہدیۂ تشکر

ادارہ ان تمام حکیموں، اور ڈاکٹروں کا خصوصاً جناب ڈاکٹر یم خلیل الرحمٰن صاحب ایم۔ ڈی ایم او C.M.C ہاسپٹل کا مشکور ہے جو طلباء کی صحت کے سلسلہ میں وقتاً فوقتاً اپنی خدمات پیش کرتے رہے۔ نیز اُن مدیران اخبار کا بھی مشکور ہے جو دار العلوم کی کارروائیوں کو شائع کرتے رہے۔ بالخصوص ادارہ جناب عبد المتین صاحب مالک ایلکٹرک قومی پریس بنگلور کا تہ دل سے مشکور ہے کہ آپ نے اس سال "جواہر السلوک" اور "اللطیف" کی اشاعت میں پوری تندہی سے کام لیتے ہوئے پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے دار العلوم سے عقیدت و محبت رکھنے والوں کو دین و دنیا میں کامیاب و کامران فرمائے۔

آمین

ایسے بھی وہ علماء ہیں جنہیں حیات دوام حاصل ہے

از عالیجناب سید حسین
حضرت مولانا ابوالحسین سید شاہ محمد طاہر صاحب
صدر الدین سید شاہ ... ایم اے ناظم دار العلوم
قبلہ قادری ... فرزند و جانشین
لطیف پیکان حضرت ...

اسلامی علوم وفنون سے بہرہ ور ہونا ایک بہت بڑی خوش نصیبی ہے۔ یہی وہ علوم وفنون ہیں جو صرف خوش نصیبوں کو نصیب ہوتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی خاص عنایتیں اور رحمتیں ان پر ہوتی ہیں، اور وہ زندۂ جاوید بن جاتے ہیں۔

مولانا برہان الدین مرغینانی ایک زبردست عالم وباکمال مصنف تھے۔ ان کی جلالتِ علمی کا اندازہ ان کی زندۂ جاوید تصنیف "ھدایہ" سے لگایا جاسکتا ہے۔ حنفی فقہ میں آج تک اس کے مقابل کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ دنیا کے ہر مدرسہ میں جہاں اسلامی علوم وفنون کا درس دیا جاتا ہے وہاں "ھدایہ" بھی شامل درس ہے۔ آپ ایک عالم باکمال وفاضل بے بدل ہونے کے ساتھ صاحب مقامات اور جاہ وجلال والے بزرگ تھے۔ ایک روز آپ کی سواری کسی چوراہے پر سے چلی جارہی تھی تو لوگوں نے دیکھا اور ایک شور وغل ہونے لگا کہ صاحب ہدایہ کی سواری آرہی ہے۔ کثرت سے لوگ سڑک کے دونوں طرف آپ کے استقبال کے لئے جمع ہونے لگے۔ ان میں ایک کمسن سات سالہ بچہ بھی تھا۔ جب آپ کی سواری پہنچی تو وہ آگے بڑھ کر مؤدبانہ سلام بجالایا۔ آپ نے سواری روک کر کہا کہ میں اللہ کی طرف سے کہتا ہوں کہ یہ بچہ بڑا ہوکر اپنے وقت کا علامہ ہوگا۔ جب سواری چلنے لگی تو یہ بچہ بھی پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ پھر آپ سواری روک کر کہنے لگے کہ میں منجانب اللہ کہتا ہوں کہ یہ بچہ اپنے وقت کے اکابر علماء میں سے ہوگا اور بادشاہ اس کے در پر حاضری دیگا۔ کشف کے زور سے آپ نے جو پیشینگوئی کی تھی کہ یہ نونہال جن کا نام شیخ برہان الدین محمود تھا بڑے ہوکر اپنے وقت کے اکابر علماء میں سے ہوئے۔ اور بہت سی کرامتیں آپ سے صادر ہونے لگیں اور بادشاہ وقت سلطان غیاث الدین بلبن آپ کا معتقد اور آپ کی مجلس کا حاضر باش ہوا۔

مولانا نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی اپنے وقت کے جید عالم اور صاحب کشف وکرامات بزرگ تھے۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ سے آپ کو ارادت حاصل تھی۔ بیعت وخلافت سے مشرف تھے۔ آپ کے رشد وہدایات سے خائف ہوکر

بادشاہ دہلی محمد تغلق نے آپ کو مختلف آزمائشوں میں مبتلا کیا اور طرح طرح کی ایذائیں دینے لگا۔ ایک مرتبہ محمد تغلق نے آپ کے یہاں چاندی سونے کے برتنوں میں اس نیت سے کھانا بھیجا کہ اگر آپ اس سلطانی دعوت کے کھانے سے انکار کریں گے تو آپ کو سزا دینے کا ایک بہانہ مل جائے گا' اگر آپ نے ان سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا کھالیا تو وہ ایک فعل حرام کے مرتکب ہوجائیں گے' پھر دوسروں کو حرام کاموں سے روکنے اور منع کرنے کے قابل نہ رہیں گے۔

حضرت والا نے دسترخوان سے ایک پیالہ اٹھایا اور اس میں سے یخنی نکال کر اپنے ہاتھ پر رکھ کر کھایا۔ لہٰذا بادشاہ اپنے عزم فرسودہ میں ناکام و مایوس رہا۔ بالآخر اس نے آپ کو شہر بدر ہونے کا حکم دے دیا اور مقام ٹھٹھہ روانہ ہونے کیلئے کہدیا۔ آپ دوشاہی 'داریول' کے ساتھ نارنول کے راستے سے ٹھٹھہ روانہ ہوئے۔ جب نارنول پہنچے تو مولانا محمد ترک کے روضہ کے قریب سواری سے اتر پڑے اور روضہ پر حاضری دیتے ہوئے مراقبہ میں چلے گئے۔

مولانا محمد ترک علیہ الرحمہ ترکستان کے رہنے والے تھے' ہندوستان آئے اور مقام نارنول مقیم ہو گئے تھے آپ صاحب تقویٰ اور پرہیزگار ایک جید عالم اور برگزیدہ بزرگ تھے۔ آپ تمام علوم عقلیہ و نقلیہ میں ماہر و کامل تھے' آپ سے برکات و فیوضات کا سلسلہ جاری ہوا۔ رشد و ہدایت کے ساتھ آپ مسند درس و تدریس پر بھی فائز رہے' سینکڑوں طالبان علم آپ سے فیضیاب ہوئے۔ جب آپ کا وصال ہوا تو وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔

حضرت مولانا نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مراقبہ سے فارغ ہو کر سر اٹھاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "جس شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو وہ اس روضہ کی طرف متوجہ ہو' امید ہے کہ اس کی مشکل آسان ہو جائیگی"۔ یہ سن کر ایک بے باک نے کہا حضرت آپ تو خود اسوقت ایک بہت بڑی مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ حضرت نے فرمایا ہاں' اسی لئے تو کہتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ اس مزار کی برکت سے میری مشکل آسان فرمادیگا' چنانچہ آپ نارنول سے دو تین منزل آگے نکل گئے ہونگے کہ بادشاہ کی موت کی اطلاع ملی اور فوراً ہی آپ دہلی واپس آگئے۔ سفر اور شہر بدر کی مصیبتوں سے جلد ہی نجات حاصل کرلئے۔

تاریخ اسلام سے جو واقف ہیں وہ شہنشاہ اورنگ زیب کے علم و عمل سے بھی واقف ہوں گے' ایک روز شہنشاہ کی سواری بیجاپور میں ایک مقام سے گذر رہی تھی تو کسی نے کہا کہ حضور یہ حضرت مخدوم گنج العلم کا روضہ ہے۔ شہنشاہ نے کہا کہ ایسے تو کئی ہوتے ہیں' کوئی ہونگے۔ یہ کہنا ہی تھا کہ ان کی روشن ضمیری ضبط کرلی گئی۔ شہنشاہ سمجھدار تھا۔ فوراً گھوڑے سے اترا اور روضہ پر حاضری دیتے ہوئے معذرت

کرنے اور معافی چاہنے لگا۔ تو تب کہیں روشن ضمیری لوٹائی
گئی اور وہاں سے وہ بہت ہی ادب و احترام سے روانہ ہوا۔

اس موقع پہ ایک اور واقعہ کا ذکر ناظرین الطیف
کے لئے باعثِ معلومات ہوگا۔ مدینہ منورہ کا گورنر مروان بن
حکم ایک روز روضۂ منورہ کے پاس حاضر ہوا تو یہ دیکھا، کہ
ایک شخص مزارِ انور سے چمٹا ہوا ہے۔ مروان نے اسکی گردن
پکڑ کر اٹھایا اور کہا کہ اے شخص! تجھے کچھ خبر ہے کہ تو کیا کر
رہا ہے؟ تو اس شخص نے سر اٹھا کر جواب دیا کہ ہاں! میں خوب
جانتا ہوں کہ میں کیا کر رہا ہوں۔ اے مروان! میں مٹی اور پتھر
کے پاس نہیں آیا ہوں بلکہ رسول اللہ کے دربار میں حاضر
ہوا ہوں۔ اے مروان جب دیندار لوگ والی بنیں تو رونے کی
ضرورت نہیں ہے، جب نااہل لوگ دین کے والی بنیں تو رونا چاہئے۔
مروان یہ گرم جملے سن کر خاموشی کے ساتھ چلا گیا۔ گورنر مروان
کو جھنجھوڑ کر ڈانٹ دینے والی کوئی معمولی شخصیت نہیں تھی،
بلکہ ایک جلیل القدر صحابی رسول حضرت ابو ایوب انصاری
رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تھے۔

حضرت حمید الدین ناگوری المشہور بہ

حضرت قادر ولی بادشاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ خاصانِ خدا
میں سے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اپنے قربِ خاص
کی عزت وعظمت کا تاجدار بنایا تھا اور آپ کے سینے کو نورِ
باطن کا سفینہ بنا کر ایسا مخزنِ انوار بنایا کہ آپ کی ایک
نگاہ سے ذرّے رشکِ آفتاب و غیرتِ ماہتاب بن جاتے

سہ ۵ تمنا دردِ دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی
نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں میں

مولانا شاکر نائطی اپنے ایک شاہکار قصیدہ میں
ایک عجیب و غریب واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ایک خوش بخت سے روایت ہے،
کیا ہی اللہ کی عنایت ہے،
تھی تلاش ان کو شیخ کامل کی
مردِ عارف کی حق سے واصل کی
شوق تھا رات دن توسّل کا،
شیوہ تھا خلق سے تبتّل کا
شاہ گنج سوائی تک پہنچے،
اور رہے بارگہ میں جاکے کھڑے
عرض و معروض میں زبان کھلی
اور بڑی عاجزی سے عرض یہ کی
شیخ کامل مجھے دکھا دیجے
پردہ آنکھوں سے اب اٹھا دیجے
طالبِ حق کی آرزو پاکر
اور خود اپنے ساتھ لے جاکر
حلیۂ شیخ اسے دکھا بھی دیا
اور حضرت مکاں بتا بھی دیا

اس بشارتِ عظمیٰ کے بعد جناب غلام محی الدین خان
صاحب مستقیدار دھرمپوری سیدھے ویلور دارالسرور

آئے اور حضرت مکان کا بھرپور نظارہ جو خواب میں بتایا گیا تھا کیا۔ مرشدِ کامل کو دیکھتے ہی پہچان لیا۔ ملاقات و اجازت کے فوراً بعد دھرمپوری واپس گئے۔ اور مع اہل و عیال حاضر ہو کر اعلیحضرت مولانا مولوی الحاج ابو الفتح سلطان محی الدین سید شاہ عبد القادر قادری سجادہ نشین مکان حضرت قطبِ ویلور قدس سرہ العزیز کے دستِ حق پرست پر بیعت کر لی۔

مولانا محمد طیب الدین صاحب اشرفی تونگری "انوارِ اقطابِ ویلور" میں تحریر فرماتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ "بڑی خصوصیت اس خاندان کی یہ رہی ہے کہ اس خاندان میں مسندِ سجادگی پر فائز ہونے والوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ہمیشہ مقامِ قطبیت عطا فرمایا ہے"۔

زبدۃ العارفین اعلیحضرت مولانا مولوی محی الدین سید شاہ عبد اللطیف قادری ویلوری المشہور بہ حضرت قطبِ ویلور قدس سرہ العزیز بھی اپنے وقت کے زبردست عالم و فاضل، صاحبِ ولایت و کرامت اور ایک زبردست و باکمال مصنف واقع ہوئے ہیں۔ کئی ایک معرکۃ الآرا تصانیف آپ کے نوکِ قلم سے منصۂ شہود پر آ گئی ہیں، جن سے ایک عالم فیضیاب ہو رہا ہے۔ ایک وقت آپ حضرت قادر ولی بادشاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زیارت کے لئے ناگور شریف تشریف لے گئے۔ جب آپ روضہ پر پہنچے تو کہا جاتا ہے کہ درگاہ شریف کے دروازے خود بخود کھل گئے اور اندر داخل ہوتے ہی تمام دروازے بند ہو گئے۔ کامل ایک گھنٹہ آپ اندر رہے معلوم نہیں کہ کیا کچھ گفتگو ہوئی۔ جب پھر آپ باہر آئے تو دروازے کھلے اور بند ہو گئے۔ لوگوں کے دریافت کرنے پر صرف اتنا کہا کہ اولادِ صالح کی بشارت دی گئی ہے

حج بیت اللہ و زیارتِ رسول اللہ کی غرض سے آپ مکہ مکرمہ گئے اور حج کے مراسم سے فارغ ہو کر مدینۃ منورہ پہنچے۔ روضۂ اطہر پر حاضری دیتے ہوئے آپ نے دربارِ رسالت میں سلام پیش کیا۔ روضۂ اطہر سے آپ کو وَعَلَيْكُمُ السَّلَام کا جواب ملا۔ مدینۂ منورہ ہی میں آپ کا وصال ہوا۔ وہیں تدفین ہوئی۔ وصال کے وقت، آپ کے صاحبزادے حضرت رکن الدین سید شاہ محمد قادری قدس سرہ العزیز اور دیگر عزیز و اقارب مدینۂ منورہ ہی میں تھے۔

حضرت قطبِ ویلور کے تصرفات

ملاحظہ فرمائیں کہ ایک روز شب میں آپ اپنی خادمہ کے خواب میں آکر کہنے لگے کہ مسجدِ مکان میں فلاں قندھاری صاحب تین دن سے مقیم ہیں کسی نے بھی ان کی طرف توجہ نہیں کی، جو بھی حاضر ہے پیش کریں۔ خادمہ خواب سے بیدار ہو کر کھانا وغیرہ تیار کر کے صبح کی اذان کے بعد اس قندھاری مولوی صاحب کے سامنے پیش کی۔ وہ متحیر ہوئے کہ تین دن سے کسی نے بھی توجہ نہیں کی اور علی الصبح سویرے یہ خاصہ پیش ہونا کیا معنی ہے؟ کہنے لگے کہ جب تک اس کا راز معلوم نہ ہو وہ نہیں

کھاٹیں گے۔ مجبوراً خادمہ کو کہنا پڑا کہ خواب میں حضرت قطبؒ ویلور قدس سرہ العزیز کہہ رہے تھے کہ فلاں قندھاری صاحب مسجد مکان میں مقیم ہیں، کسی نے بھی ان کی طرف توجہ نہیں کی ہے، جو کچھ بھی حاضر ہے پیش کریں۔ لہٰذا یہ تو رہ حاضر ہے۔ آپ نے کہا کہ تم اپنے خواب کی تصدیق تو کر لیتیں، آیا کہ ایسا کوئی مسافر موجود ہے یا نہیں، خادمہ نے جواب دیا اس کی ضرورت نہیں ۔ ہمیں یقین کامل ہے کہ آپ موجود ہیں کہ نہیں وہ صاحب بہت حیران ہوئے اور طعام ماحضر سے فارغ ہوئے۔ کہاں مدینۂ منورہ اور کہاں ویلور دارالسرور۔ آپ تمام حالات کو دیکھتے ہیں اور ھدایت فرماتے ہیں۔ خاصان خدا وقت اور فاصلہ کی قید و بند سے آزاد ہیں، در و دیوار ان کی نگاہوں کے درمیان حائل نہیں ہو سکتے۔ ان واقعات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہر انسان کے لئے ایک حیات ہوتی ہے تو

ان علماء کی تین حیاتیں ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ جب وہ ایک عالم با عمل کی حیثیت سے پہلی بار منظر عام پر آتے ہیں تو رشد و ہدایت کے ساتھ درس و تدریس پر فائز ہوتے ہیں اور ان سے سینکڑوں طالبانِ علوم فیضیاب ہوتے ہیں اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہتا ہے۔ دوسری حیات وہ ہے کہ جب اللہ کے فضل و کرم سے کوئی ایک اچھی تصنیف ان کے نوکِ قلم سے وجود میں آجائے تو یہ خود بھی ایک زندۂ جاوید کارنامہ ہوتا ہے اور رہتی دنیا تک لوگ اس سے مستفید ہوتے ہیں۔

تیسری حیات بعد الممات ہے۔ مرنے کے بعد بھی ان کے تصرفات جاری و ساری رہتے ہیں۔ یہی وہ علماء ہیں، جنہیں حیات دوام حاصل ہے۔

ــــ ۵ ــــ

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

تقریباً تین سال سے مجھے خطابات از فصل الخطاب کے عنوان سے سالنامہ "اللطیف" میں کچھ لکھنے کی سعادت ملتی آرہی ہے۔ حسب عادت اس سال بھی زبدۃ العارفین الحاج الحافظ اعلیحضرت مولانا مولوی محی الدین سید شاہ عبداللطیف قادری نقوی المشہور بہ حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز کی تصنیف انیف "فصل الخطاب" "بین الخطاء والصواب" سے دو فائدے جو صدقہ و ایصال ثواب اور نذر کی بحث پر مشتمل ہیں ان کا خلاصہ مضمون کی شکل میں پیش کر رہا ہوں، جو یقیناً قارئین کی معلومات میں اضافہ کا باعث ہوگا۔

زندگی کا نعم البدل موت ہے۔ انسان کا دنیا سے رخصت ہونے کے بعد اس پر کیا گذرتی ہے اور ان کے احوال واقعی کیا ہیں سوائے خدائے علیم و خبیر کے کما حقہ، کوئی نہیں جانتا۔ قرآن کریم اور احادیث نبویہ ﷺ اور بزرگان دین کے اقوال زندگی کے بعد والے حالات کو بیان کرتے ہیں اور ان کے لئے جو چیزیں نفع بخش ہوتی ہیں ان کی وضاحت کرتے ہیں۔

زبدۃ العارفین الحاج الحافظ اعلیحضرت مولانا مولوی محی الدین سید شاہ عبداللطیف قادری نقوی المشہور بہ حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز، شرح عقائد نسفی کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ مرحوم کے لئے دعا اور صدقہ کرنا اس کے لئے بہت ہی نافع ہے علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

وفی دعاء الاحیاء للاموات وصدقتھم ای صدقۃ الاحیاء عنھم ای عن الاموات نفع لھم ای للاموات خلافاً للمعتزلۃ تمسکا بان القضاء لایتبدل وکل نفس مرھونۃ بما کسبت والمرء مجزیٌّ بعملہ لا بعمل غیرہ۔

مردوں کے لئے دنیا والوں کا دعا کرنا و صدقہ دینا نفع بخش ہے۔ اسکے برخلاف معتزلہ کہتے ہیں کہ قضا میں تبدیلی ممکن نہیں، کیونکہ ہر نفس اپنے کئے ہوئے کا ذمہ دار ہے۔ ہر آدمی اپنے عمل کی جزا پاتا ہے۔ غیر کے عمل کی نہیں۔

معتزلہ کے ان عقائد کی تردید اہلسنت والجماعۃ نے بہترین طریقے سے کی ہے جو بیدار مغز و سخن فہم حضرات کے نزدیک قابل پذیرائی ہے جیسا کہ من الدعاء للاموات خصوصا فی صلوۃ الجنازۃ وقد توارثہ السلف فلو لم یکن للاموات نفع فیہ لما کان لہ معنیٰ

مردوں کے لئے دعا کرنا بالخصوص نماز جنازہ کی ادائیگی بے معنی ہو جائیگی حالانکہ نماز جنازہ مسلمانوں

پر فرض کفایہ قرار دی گئی ہے۔ اگر ایک نے بھی ادا کی تو سب بری الذمہ ہو گئے ورنہ جس جس کو خبر پہنچی وہ سب گنہگار ٹھیرینگے۔ اور اسکی فرضیت کا جو بھی انکار کریگا وہ کافر ہے۔

عقائد کی لطیف و نازک اور دقیق و غامض بحثوں میں ذہانت اور سخن فہمی ضروری ہوتی ہے۔ فقط سادہ لوحی سے کام نہیں چلتا۔

اہلسنت والجماعت کے موقف کو مضبوط بنانے کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ احادیث کافی ہیں قال علیہ السلام ما من میت یصلی علیہ امۃ من المسلمین یبلغون مائۃ کلہم یشفعون لہ الا شفعوا فیہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی میت پر سو آدمیوں نے نماز جنازہ ادا کی اور وہ اس میت کے لئے شفاعت چاہیں تو ضرور ان کی شفاعت قبول ہوگی۔

نیز ایک اور مقام پر فرماتے ہیں ما المیت فی القبر الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوۃ تلحقہ من اب او ام او اخ او صدیق فاذا لحقت کان احب الیہ من الدنیا وما فیہا وان اللہ تعالی یدخل علی اھل القبور من دعاء اھل الارض امثال الجبال من رحمۃ وان ھدیۃ الاحیاء الی الاموات الاستغفار لہم

یعنی میت کی حالت قبر میں ڈوبنے والے طالب مدد کی طرح ہے اپنے رشتہ داروں ماں باپ بھائی یا دوست کی دعاؤں کی منتظر رہتی ہے۔ جب ان لوگوں کی دعا اسے پہنچتی ہے تو وہ اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ پسندیدہ ہوتی ہے، اللہ تعالی اہل قبور پر زمین والوں کی دعاؤں کو جبل رحمت کی طرح بنا دیتا ہے اور دنیا والوں کا ھدیہ اہل قبور کے لئے ان کی مغفرت چاہنا ہے۔ اس حدیث کا مطلب ہے کہ پانی میں ڈوبنے والا شخص جسطرح مدد کا طلبگار رہتا ہے یہی حالت اہل قبر کی ہوتی ہے جو اپنے ماں باپ یا بھائی یا دوست کی طرف سے ان کے حق میں دعا کرتا ہے تو وہ ان کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ عزیز تر ہوتی ہے۔ اللہ تبارک و تعالی اہل زمین کی دعاؤں سے قبر والوں پر بے انتہا رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ بیشک مردوں کے حق میں زندوں کا تحفہ ان کی مغفرت چاہنا ہے۔

مذکورہ بالا احادیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اعمال خیر صدقہ، دعا، درود، تلاوت قرآن کے ایصال ثواب کا فائدہ میت کو یقیناً پہنچتا ہے۔

عن سعد ابن عبادۃ قال یا رسول اللہ ان ام سعد ماتت فای صدقۃ افضل قال الماء فحفر بئرا وقال ھذہ لام سعد

حضرت سعد نے عرض کیا یا رسول اللہ میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ایصال ثواب کے لئے کونسا صدقہ زیادہ افضل ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی سب سے زیادہ افضل ہے۔ حضرت سعدؓ نے اپنی والدہ کے نام سے ایک کنواں کھدوایا جس سے ضرورتمند لوگ فائدہ اٹھاتے رہے اس کا ثواب ام سعدؓ کو پہنچتا رہا۔ حضرت سعدؓ کی گذارش پر حضور علیہ السلام نے پانی کا جو حکم دیا صرف اس لئے کہ سرزمین

عرب گرم اور ریگستانی علاقہ ہے۔ وہاں لوگوں کو سب سے زیادہ پانی
کی ضرورت ہے۔

"امام عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ در تکملہ روض الریاحین"
ذکر کردہ است کہ شیخ عزالدین بن عبدالسلام را در خواب دیدند
کہ می گوید کہ ما حکم میکردیم در دنیا کہ ثواب قرأت قرآن بمیت
نمی رسد (الآن) معلوم شد کہ میرسد بخوانید و ثواب آں بما برسانید۔"

حضرت امام عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ تکملہ روض الریاحین
میں ذکر فرماتے ہیں کہ شیخ عزالدین بن عبدالسلام کو خواب میں دیکھا
گیا، مخاطب ہو کر فرما رہے تھے کہ ہم نے دنیا والوں کو یہ حکم دیا تھا
کہ قرآن خوانی سے مُردوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا مگر اب ہمیں
یہ معلوم ہوا کہ اس کا ثواب میت کو ضرور پہنچتا ہے۔ اس لئے قرآن
پڑھو اور اس کے ثواب کو ہم پہ بخشو۔

زندگی بھر حضرت موصوف اس مسئلہ میں منکر رہے بعد
موت کے انہیں بھی اس عمل خیر کی ضرورت شدت سے محسوس ہوئی۔

مزید ہم فصل الخطاب بین الخطاء والصواب سے ایک اور
روایت نقل کرتے ہیں جو ایصال ثواب الی المیت کے ثبوت میں
مذکور ہے۔

ایک عالم صاحب فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے خواب میں دیکھا
کہ قبرستان کی تمام قبریں ایکدم شق ہو گئی ہیں اور اہل قبور جوق
در جوق کسی چیز کو سمیٹ رہے ہیں۔ ان میں سے ایک شخص
خاموش اطمینان سے بیٹھا ہوا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں اس
کے قریب گیا اور سلام کیا اور دریافت کیا کہ یہ لوگ کیا سمیٹ
رہے ہیں اور تم خاموش کیوں بیٹھے ہوئے ہو۔ اُس نے کہا کہ جو
لوگ صدقہ، دعا، درود، اور قرآن وغیرہ پڑھ کر اس
قبرستان والوں پہ بخشتے ہیں اس کے برکات و فیوضات کو
یہ لوگ سمیٹ رہے ہیں اور میں اس لئے خاموش بیٹھا ہوں
کہ میرا ایک لڑکا جو فلاں بازار میں ایک خاص قسم کا حلوا فروخت
کرتا ہے روزانہ ایک پارہ قرآن شریف کا پڑھ کر میرے نام بخشتا
ہے۔ لہٰذا میں مستغنی ہوں۔ راوی کہتے ہیں کہ میں صبح اُٹھ کر
اس بازار میں گیا، ایک جوان کو دیکھا جو اسی قسم کا حلوا
فروخت کر رہا ہے اور اس کے ہونٹ ہل رہے ہیں۔ میں نے پوچھا
کہ تم کیا پڑھ رہے ہو۔ اس نے کہا میں روزانہ ایک پارہ قرآن
شریف کی تلاوت کر کے اپنے والد مرحوم کو ہدیہ پیش کرتا ہوں
پھر ایک عرصہ کے بعد میں نے حسب سابق خواب میں انہیں لوگوں کو
سمیٹتے ہوئے پایا۔ اور اس مرتبہ اس شخص کو بھی سمیٹتے ہوئے
دیکھا جو پہلے مستغنی تھا۔ صبح اٹھ کر میں پھر اسی بازار میں
گیا، تلاش و جستجو سے معلوم ہوا کہ اس لڑکے کا انتقال ہو گیا
ہے۔ مذکورہ روایت سے ثابت ہوا کہ ایصال ثواب سے میت کو
کتنا عظیم فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

مولوی مہاجر مسائل اربعین کہ اکتیسویں [۳۱] مسئلہ کے
جواب میں لکھتے ہیں کہ علمائے حنفیہ کے نزدیک عبادت بدنی
اور مالی کا ثواب میت کو پہنچتا ہے جیسا کہ ھدایہ میں مرقوم
ہے ان الانسان له ان يجعل ثواب عمله
لغيره صلوٰة او صوما او صدقة اوغيرها
عند اهل السنة والجماعة بے شک انسان اپنے
اعمال صالحہ کے ثواب کو غیر کے لئے نماز۔ روزہ اور صدقہ

وغیرہ کی شکل وصورت میں پیش کر سکتا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے ان العالم والمتعلم اذا مرا علی قریۃ فان اللہ تعالیٰ یرفع العذاب عن مقبرۃ تلک القریۃ اربعین یوما یعنی کسی قریہ سے ایک عالم یا متعلم کا گذر ہو تو اس قریہ کے قبرستان سے چالیس دن کے لئے اللہ رب العزت عذاب کو اٹھا لیتا ہے۔

حضرات! جب ایک عالم و متعلم کے راستہ سے گذر جانے پر اہل قبور کے لئے رحمتیں نازل ہو جاتی ہیں تو قرآن خوانی وصدقہ و خیرات سے ان کے لئے کتنا نہیں فائدہ اور ثواب حاصل ہوگا۔

نذر نذر کا لغوی معنی (بفتح نون وسکون ذال معجم) پیمان ہے۔ اس معنی سے اگر لیا جائے تو یہ واجب لادا ہو جاتا ہے مثلاً روزہ، صدقہ، خدائے تعالیٰ کیلئے اور کھانا کھلانا بزرگوں کے نام پہ۔ دوسرا معنی ھدیہ کے آتے ہیں جو امراء و سلاطین و احباب و دوست کے خدمات میں پیش کئے جاتے ہیں۔

وہ نذر جو واجب الادا ہے اسکی بحث طویل ہے، لہٰذا ذیل میں اختصار سے کام لیتے ہوئے ایک مختصر سا مضمون زیب قرطاس کر رہا ہوں۔ جسکو حضرت قطب ویلوری قدس سرہ نے واضح طور پہ فتاوی عالمگیری اور فتاوی خیریہ وغیرہ کے دلائل و براہین سے پیش فرمایا ہے۔

فتاوی عالمگیری میں مرقوم ہے کہ نذر کا طریقہ جو اکثر لوگوں میں رائج ہے وہ اس طرح ہے کہ کسی بزرگ کے مزار پہ آدمی آتا ہے اور غلاف اٹھا کر کہتا ہے یا سیدی ان قضیت حاجتی فلک منی من الذھب مثلا کذا باطل اجماعا نعم لو قال یا اللہ انی نذرت لک ان شفیت مریضی او نحوہ ان اطعم الفقراء الذی بباب السیدۃ نفسیۃ او نحوھا او اشتری حصیرا لمسجدھا او زیتا لوقودھا او دراھم لمن یقوم بشعائرھا مما یکون فیہ نفع الفقراء والنذر للہ تعالیٰ وذکر الشیخ انما ھو محل الصرف النذر لمستحقہ یجوز ولکن لا یحل صرفہ الا الی الفقراء ولا الی ذی علم لعلمہ ولا لحاضری الشیخ الا ان یکون واحدا من الفقراء واذا عرف ھذا فما یوخذ من الدراھم ونحوھا و ینقل الی ضرائح الاولیاء تقربا الیھم فحرام بالاجماع ما لم یقصد بصرفھا الفقراء الاحیاء قولا واحدا وقد ابتلی الناس بذالک۔

اے آقا میری حاجت براری ہو جائے تو میں آپ کی خدمت میں اتنا سونا عطا کروں گا، اسطرح کہنا بالاجماع باطل ہے۔ ہاں اگر یوں کہے اے اللہ میں تیری نذر مانتا ہوں اگر تو مجھے میرے مرض سے صحت بخشے تو ان فقیروں کو کھانا کھلاؤں گا جو سیدہ نفیسہ کے دروازے پہ پڑے ہوئے ہیں، یا میں آپ کی مسجد

کے لئے چٹائی خریدوں گا۔ جو اس کی تعظیم کرتے ہیں
ان عطایا سے فقیروں کو فائدہ ہو۔
اور نذر اللہ کیلئے ہے اور شیخ کا ذکر صرف
نذر کیلئے بیان مصرف ہے تو یہ صورت جائز ہے لیکن
نذر کو فقیروں کے علاوہ دوسروں پہ خرچ کرنا حلال
نہیں کسی عالم کو اس کے علم کی وجہ سے اور نہ شیخ کے
پاس آنے والوں میں سے کسی پہ۔ البتہ اگر ان میں سے
فقیر ہو تو دے سکتے ہیں۔ جب یہ بات معلوم ہوگئی تو جو کچھ بھی
درہموں وغیرہ سے لیا جائیگا اور ان کو اولیاء اللہ سے تقرب
حاصل کرنے کے لئے ان کی مزاروں کی طرف منتقل کیا جائیگا۔

تو ایسا کرنا تمام کے نزدیک حرام ہے۔ جب تک اس کے خرچ کا
قصد زندہ فقیروں کے لئے نہ ہو مگر لوگ اس میں مبتلا ہیں۔
لیکن اس نذر کی حقیقت یہ ہے کہ فقراء کو کھانا
کھلانا اور مال کا خرچ کرنا ان تمام کا ثواب مرحوم کی
روح کے لئے ایصال کرنا مسنون ہے۔ حدیث حضرت
سعد بن کا ذکر اوپر آچکا ہے ثبوت کے لئے کافی ہے۔ اس
سلسلے میں بہت سے دلائل پیش کئے جا سکتے ہیں۔ بس
اسی پہ اکتفا کرتا ہوں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

الملخص :- جناب مولانا المولوی السید محمد برهان الدین الجزری لحنظہی مدرس دار العلوم لطیفیہ حضرت مکان ویلور

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذى نزل بحكمته اسرار ذاته من سماء العماء الى الارض الطبيعة الكلية وكتمها وصانها بقدرته اظهاراً للخصوصيات الاسمائيه ۔ فانحجبت بالطواغيت الشيطانية حجابا انساها واما لها عما كانت عليه من الكمالات القدسية ۔ فمالت عن المعقولات الى المحسوسات وركنت عن المحمودات الى المذمومات ۔ واشتاقت الى الشهوات والفت العادات فلم تذكر بلدانها الاصلية ولا دارت ببالها مباديها الاولية فارسل اليها رسلا على صورتها الظاهرية ورسلا على صورتها الباطنية فاوقدوا فى حنادسها مصابيح ملكوتية وانا روا غياهبها بانوار غيبية وازالوا ظلماتها بقوة ربانية ۔ فحكمة الله عز وجل تقتضى ان لا يخلو العالم عن الافاضل والاواسط والاراذل ۔ فالاراذل هم اهل الدنيا الذين يعلمون ظاهرا من الحيات الدنوية وهم غافلون عن الحيات الاخروية، همتهم قاصرة على تحصيل الدنيا الذميمة و تهئية اسبابها الذميمة ۔ والاواسط هم اهل الاخرة الذين يجتنبون المنكرات ويواظبون على الطاعات رغبة فى نيل المثوبات ۔ والافاضل هم اهل الله الذين اخلصوا انفسهم لله بالاتكال الكلى على الله وحركاتهم وسكناتهم لله من الله الى الله فى الله الذين امنوا وعملوا الصالحات وباعوا الفانيات الخسيسة واشتروا الباقيات النفيسة واستبدلوا الباقيات الصالحات بالغاديات فمنهم شيخ المشائخ زبدة العارفين وكنز الراغبين وملجاء المريدين قدوة الواصلين شمس العلماء سيد شاه عبد اللطيف البیجاپوری عليه رحمة البارى

فلما تجلی شمسنا الموصوفة فی میدان ویلور المسماة بدار السرور رأی فی المنام جدّہ نبیّنا محمّدا صلی اللہ علیہ وسلم کانہ یقول لہ ای بُنیّ اقم فی ھذا المقام بک وبذریتک یعلی اللہ دینہ الاسلام وابن مدرسة ومسجدا وزاویة للصوفیة فی ھذا المقام فلما انتبہ للمنام ایقن ان ھذہ مرضاة لربہ اللہ وبشارة رسول اللہ فھذہ المدرسة اللطیفیة ثمرة رؤیاہ ونتیجة بشرٰہ فمنہ رحمہ اللہ جرت سلسلة التدریس اشاعة العلوم الدینیة فی ارجاء جنوب الھند الی ھنا۔

فاردت ان اسرد علیک نبذة من احوالہ رحمہ اللہ۔ فولادتہ سنة الف وسبعة وستین من ھجرة خیر البریة علیہ ازکی التحیة فی بیجاپور وسلسلة نسبہ من جھة الاب تنتھی الی سبط الرسول وکبد فاطمة البتول امامنا الحسین الشھید فی ارض کربلا مع کرب وبلاء۔ ھکذا سید شاہ عبد اللطیف البیجاپوری ھو ابن میران سید ولی اللہ وھو ابن سید عبد اللطیف المعروف بسیاپوجی وھو ابن سید محمد وھو ابن سید عبد الحق وھو ابن سید قطب الدین وھذہ الاجداد الثلثة مدفونون باحمد آباد بگجرات۔ وھو ابن سید عبد الفتاح مصنف شرح مثنوی عبد الفتاح وھو ابن قاضی سید اسماعیل وھو ابن سید

برھان الدین وھو ابن سید حسین وھو ابن سید نور اللہ منصور الذی توفی فی نجف اشرف وھو ابن سید عبد الفتاح الذی توفی فی دھلی عاصمة الھند وھو ابن سید حامد الذی توفی فی اصفھان۔ وھو ابن سید حمزہ وھو من الخلفاء غوث الاعظم توفی فی بغداد۔ وھو ابن سید اسد اللہ الذی توفی فی الروم وھو ابن سید حسین اکبر الذی توفی حاما۔ وھو ابن سید محمد الذی توفی فی کشمیر وھو ابن سید سیف اللہ ناصر الذی توفی مکة المکرمة زادھا اللہ شرفا ودفن فی الجنة المعلی وھو ابن سید ابی القاسم الذی توفی فی اصفھان وھو ابن سید حیدر کرار الذی توفی فی المدینة المنورہ زادھا اللہ شرفا وھو ابن سید امام محمد تقی عسکری توفی فی سامرة وھو ابن الامام محمد تقی الذی توفی فی بغداد وھو ابن الامام علی موسی الرضی وھو ابن الامام موسی الکاظم وھو ابن الامام جعفر وھو ابن الامام باقر وھو ابن علی ابن الحسین ابن الامام زین العابدین ابن علی ابن الحسین ابن ابی عبد اللہ سید الشھداء

اما منا الحسین رضی اللہ عنہم۔
ومن جھۃ الام ھو حسنی[1] واسرد
علیک نسبہ من جھتھا الی قطب الاقطاب
غوث الاعظم ھکذا۔ وھو ابن بنت سید شاہ
ابی الحسن ابن سید بدر الدین حبیب اللہ ابن
سید عبد القادر یوسف الثانی ابن سید شمس
بھاؤ الدین العارف ابن سید یونس الثانی ابن
سید عبد الرحمان اشرف جہانگیر وھو ابن سید
یونس شرف جھان ابن سید یوسف حاجی الحرمین
الشریفین ابن سید احسن الدین ابن سید
محمد ضوا احمد ابن سید ابی نصر ابن سید
تاج الدین عبد الرزاق ابن غوث الاعظم
سید شاہ عبد القادر الجیلانی افاض اللہ
علینا فیضہ النورانی رضی اللہ عنہم تعلم
وتربی تحت ابیہ صاحب الطریقۃ والشریعۃ
بحر المعرفۃ والحقیقۃ کان فی صورتہ وسیرتہ
عدیم النظیر وخَلقہ وخُلقہ کالبشیر النذیر
کان ورعا صوفیا نقیا و بارعا فی العلوم
والاعمال نقیا۔ فبعد حفظ القرآن سلک
فی مسالک الصوفیۃ وغاص فی بحر التصوّف
وحصّل الدرر والجواھر العلیۃ وخاض
فی المنقول والمعقول حتی تحیر فی حقہ
ارباب العقول والنقول وترقی الی ذروۃ
الکمال حتی صار مظہر الجلال والجمال
فاخذ البیعۃ والخلافۃ من جدہ السید
ابی الحسن علی السلاسل المختلفۃ الذیلۃ۔
القادریہ والچشتیہ والشطاریۃ
والنجاریہ والسھروردیہ والرفاعیہ
والکبرویہ والگازرونیہ والاویسیہ
والطاؤسیہ والجینیہ والحسنیہ والصدیقیہ
والفاروقیہ والعثمانیہ۔ ثم ارتضی بحکمۃ
اللہ فی التناسل والتوالد خشیۃ ان یدخل
تحت قولہ علیہ السلام من رغب عن سنتی
فلیس منی فتزوج بی بی ساجدہ بیگم بنت
السید ابی القاسم الملقب من قبل شاہ
عالمگیر بدرایت خان کان ماھرا فی المنقول
والمعقول والقواعد والاصول، فولدت لہ
مولانا رکن الدین محمد سید شاہ ابا الحسن
المتخلص بفرحی ویلوری قدس اللہ سرہٗ
وکان رحمہ اللہ نذر ان ولدت ذکرا
ان یسمّی باسم جدہ الشریف فکان المولود
کما رجاہ فسمّاہ کما تمنّاہ۔ ثم الجأہ اضطرار
الحالات السیاسیہ واضطرام النیران
الخصومتیہ الی ترک الوطن۔ فانسلک فی
سلک من سلف فابقی طریقۃ للخلف فھجر
وطنہ وآوی مع ابنہ ابی الحسن قربی علیہ

[1] من جھۃ الام

الرحمہ الی قریۃ قریبۃ من "ھسلی" مسماۃ "بشاہ نور"
فی جانب الجنوب سنۃ الف ومأۃ واحدی وعشرین۔
واقام رحمہ اللہ فی تلک القریۃ سنتین
ثم بعد ذلک انتقل منہا الی قریۃ صغیرۃ مسماۃ
بسرا "من قری کرناتک" فاقام ھناک عشر
سنۃ او اثنی عشر سنۃ علی اختلاف الرواۃ
ثم لما اوقدت نیران المخاصمۃ والمنازعۃ
فی تلک القریۃ انتقل منہا الی "ارکات" فاستقبلہ
الناس مع الفرح والسرور۔ ثم بعد ستۃ سنۃ
انتقل منہا الی ویلور دار السرور۔ فاقام فی
اللیل فی المیدان المشہور الآن بحضرت مکان
صانہ المنان عن حوادثات الزمان و بسط
مسند الدرس والتدریس۔
ثم لما اشتاق الوصال ناوتہ المشیۃ
الازلیۃ ودعتہ القدرۃ الابدیہ۔ لانہ
لما کانت الحیاۃ فی الاجسام بالعرض قام بہا
الفناء والموت۔ فان حیاۃ الجسم الظاہریۃ
من آثار حیاۃ الروح کنور الشمس الذی فی
الارض فیتبعہا نورہا فتبقی الارض مظلمۃ
کذلک الروح اذا رحل عن الجسم الی عالمہ
واصلہ تبعتہ الحیاۃ المنتشرۃ فی الجسم
الحی ورجع الجسم الی اصلہ منہا خلقنکم
وفیہا نعیدکم ومنہا نخرجکم تارۃ اخری۔

وظہر مظہر کل نفس ذائقۃ الموت،
انا للہ وانا الیہ راجعون۔
فدفن رحمہ اللہ فی مقبرۃ جامع
مسجد ویلور فی الجانب الشرقی ومدفنہ
یزار ویتبرک وزیارتہ تزیل کل ہمّ و
غم لانی جربت ذلک مرارا ولاحت لی
ثمراتہا تیرا یزورہ العوام والخواص و
وفاتہ سنۃ الف ومائۃ وتسعۃ واربعین
من ہجرۃ خیر البریہ ومنہم سید العارفین
تاج المحققین مولانا رکن الدین سید شاہ
ابوالحسن المعروف المشہور بقربی علیہ الرحمۃ
قد اختلف الرواۃ فی سنۃ ولادتہ قال
مولانا سید محمد قادری فی ضمیمتہ لجواہر
السلوک انہ ولد رحمہ اللہ فی بیجاپور لیلۃ
البرأت سنۃ الف ومائۃ وثمانیۃ عشر
من ہجرۃ خیر البریۃ علیہ ازکی التحیۃ
وھو حسینی من جہت الاب وحسنی
من جہت الام وہجرہ لطنہ مع والدہ وکان
نہ حین ہجر ارکات وجاء الی ویلور
دار السرور اربعا وعشرین۔
فتربی وتعلم عند ابیہ الماجد
ثم بعد ذلک تعلم تحت المشائخ الکرام و
قرأ وقت دورانہ مع والدہ الکتب الفارسیہ

عند مولوی محمد الحسین صاحب بیجاپوری ثم بعد ذلك تلألأ نور العرفان فی قلبه و تألق ضیاء الایمان فی جبینه فتهیأ فی تحصیل العلوم الدینیه وسائر العلوم الفنونیه فخاض فی المنقول وغاص فی المعقول کان رحمه الله منهمکا فی اخذ العلوم من افواه الفحول فصار فی مدة قلیلة ممتازا بین الاقران وفائقا فی الزمان فحصل له قدم راسخ فی العلوم العقلیه و النقلیه خصوصا فی الاصطلاحات الصوفیه لانه کان اکثر حرکاته وسکناته وتربیاته تحت الاصفیاء الکمل والعرفاء الفضل فاخذ من ابیه الماجد الخلافة والاجازة فی السلسلة القادریه ثم بعد ذلك اخذ ایضا من شیخه شیخ فخر الدین رحمه الله الخلافة والاجازة فی تلك السلسلة فلما رأی شیخه ومرشده شیخ فخر الدین قوة ملکته وکمال صفائه احاله الی شیخه ومرشده حضرت شاه عبد الحق محمد مخدوم ساوی المتوفی فی سنة الف ومائة وخمسة وستین فانه کان ماهرا فی العلوم الظاهریة وکاملا فی العلوم الباطنیة وکان الشیخ مخدوم یمدح مولانا قربی علیه الرحمه بین

مریدیه وجلسائه لعلمه بفرط ذکائه وزکائه ولکونه متمیزا ومشارا الیه من بین مریدیه اجاز الشیخ وقت حیاته فی البیعة والخلافة. ولمثل هذا فلیعمل العاملون ولیجتهد المجتهدون ثم بعد ذلك جلس وتهیأ للتدریس وارشاد الناس الی دین الله فجاء الناس قبیلا بعد قبیل وجیلا بعد جیل. وبایعوا علی یدیه وظفروا به وکان یکثر البیعة لان مراده ارشاد الناس الی دین الله، حتی الامکان وکان رحمه الله فارغا الا عن ذکر ربه ومتوکلا علی معبوده وکان مستغنیا عن الاغیار وشاغلا فی الخلوات بالاذکار وما ذهب قط الی باب دار من دور الامرأ وما تکفف الی غنی من الاغنیاء کما هو عادة العلماء الجهلاء بل هو رحمه الله ملجاء الاغنیاء ومأوی الامراء کما لا یخفی علی من له ادنی علم باحواله و اوصافه رحمه الله وکان ثابت القدم علی الشریعة المطهرة واذا رأی من یخالف الشریعة نهاه وانکره ونفره ولا یتکلم معه نفرة عنه. ومن اعان علی معصیة هجره وزجره کائنا من کان ولا یخشی

فی اللہ لومۃ لائم ولا یغضب الا للہ وکان متشددا علی اداء الصلوات فی اوقاتھا المقدرۃ وما اخرج صلاۃ من الصلوات عن وقتھا الا فی حالۃ واحدۃ وھی حین اخذتہ الحمی فزال عقلہ من شدۃ الحمی فخرجت صلاۃ العصر والمغرب فصلاھما بعد الافاقۃ وقت العشاء (اللھم ارزقنا الاقتداء بہم)

وکان یصلی بالاشارۃ حین عجز عن القیام والقعود وکان سخاوتہ وعطائہ اشھر من ذکرہ واغنی عن بیانہ. وکان عندہ حق للسائل والمحروم. وکان لہ طول باع فی الانشاء والتصنیف ومصنفاتہ مشھورۃ و بعضھا مطبوعۃ موجودۃ وبعضھا غیر موجودۃ الآن وبعضھا موجودۃ فی کتب خانۃ لطیفیہ واذکر لک اسماء بعضھا فی الذیل لتفھم فطنتہ ومھارتہ وملکتہ فی التصنیف وعبورہ فی العلوم العقلیۃ والنقلیۃ رسالۃ اثبات وجود حقیقی "رسالہ حق الحق" بحث فیہ علی الکشف المقید والکشف المطلق رسالۃ بحر الاسرار منظومۃ فی اللغۃ الفارسیہ البرھان القاطع فی بیان التوحید الجامع "بحث فیہ علی النسبۃ العینیۃ والنسبۃ الغیریۃ بین العبد والرب الدلیل المحکم فی التوحید الاقوم، عین العیان، حق المعرفۃ، تحفۃ الذاکرین، الوجدان، خلاصۃ العرفان، رسالۃ جمع الجمع، رسالہ تجدد الامثال، رسالہ لب السلوک، رسالہ توفیق، رسالہ مظھر الکل، تمت نامہ وھی منظومۃ فی اللغۃ الدکنیۃ، میزان العقائد، تقویۃ الایقان، منھج التحقیق فی فضیلۃ الصدیق، الدلائل المنیعۃ فی رد شیعۃ الشنیعۃ" ثم لما اشتاق الی الوصال صال الی اللہ سنۃ الف ومأۃ واثنین و ثمانین من الھجرۃ النبویۃ فی عشرین من رمضان یوم الخمیس وقبرہ مشھور یزار ویتبرک فی قبۃ مشھورۃ مبارکۃ فی حضرت مکان۔

ومنھم سید السالکین حضرت مولانا محی الدین سید شاہ عبد اللطیف قادری المعروف بذوقی رحمہ اللہ، ولد سنۃ الف ومأتۃ واحدی وخمسین فی مقام ویلور، تعلم وتربی تحت والدہ قربی رحمہ اللہ وقرأ عندہ الکتب الفارسیۃ الابتدائیۃ ثم ترک الاشتغال بالتعلم وذھب مع والدہ الماجد الی الشیخ ناصر رحمہ اللہ وکان عمر ذوقی وقتئذ احدی عشرۃ سنۃ فاجلسہ الشیخ قبالتہ فقال لہ الذوقی

ادعو لھذ العاصی بزیادۃ العلم فاجاب لہ الشیخ بانک تکون منتقد ما علی معاصریک، وقال الذوقی رحمہ اللہ ثم بعد ذلک ظھر لی نتیجۃ الدعاء ثم بعد مدۃ قلیلۃ تمھر الذوقی رحمہ اللہ فی کل الفنون خصوصًا فی العروض و القوافی وعلم الحساب، وتبحر فی المنقول و المعقول والفروع والاصول وکان ممتازا فی فن التصوف، وبعد مطالعۃ مصنفاتہ یضطر العقل الی تسلیم ان اللہ اکرمہ بالعلوم الوھبیۃ والمعرفۃ اللدنیۃ وکان مشتاقا الی مطالعۃ الکتب فمن بنات افکارہ ظھرت دار الکتب للطیفیہ، فملأ حجرتین کبیرتین بالکتب الفنونیۃ فی العربیہ والفارسیہ والاردیۃ وصنف رحمہ اللہ فی اکثر الفنون واشتری کتبا کثیرۃ فجمعھا فی دار الکتب اللطیفیہ فان لم یمکن حصول الکتاب بالاشتراء ینقلہ ویکتبہ۔ ولذا نری کتبا کثیرۃ قلمیۃ جزاہ اللہ خیر الجزاء۔ ویجیئ رجال کثیرون محققون من الآفاق المختلفۃ من وقتہ الی الآن الی دار الکتب اللطیفیہ لمطالعۃ الکتب الغریبۃ القدیمۃ المعدومۃ فی العصر الجدید۔ لانہ رحمہ اللہ فھم ان الکتب المذھبیۃ الدینیہ ھی روح الملۃ الحنفیۃ السھلۃ السمحاء وریحانھا و غذاءھا ودواءھا، ولا یستقیم الدین ولا یبقی الا بھا فاجتھد لاحیاء الملۃ حق الاجتھاد۔

ثم بعد تکمیل العلوم الظاھریۃ اخذ البیعۃ الشریفۃ من والدہ مولانا فرحی رحمہ اللہ وسار فی منازل السلوک تحت تربیتہ التامۃ وحصل الاجازۃ والخلافۃ فی السلاسل المختلفۃ کما بینہ بنفسہ فی بعض مصنفاتہ ثم جلس رحمہ اللہ للتدریس فاذا جلس ابزی کانہ غزالی الاوان ورازی الزمان وتعلم قوم عندہ بعد ما تعلموا عند والدہ مولانا فرحی رحمہ اللہ لما سمعوا من ذکائہ وکمال قوتہ فی حل المشکلات وفک المعضلات۔

وکان لہ قدم راسخ فی الانشاء والتصنیف وقرض الشعر کوالدہ رحمھما اللہ ومصنفاتہ خارجۃ عن الاحصاء واذکر بعضھا فی الذیل علی منھج المثال واعداد المشھورات منھا قریبۃ الی مائۃ وخمسین۔

تفسیر لطیفی، لطائف لطیفی۔ ھدیۃ الاخیار فی تتبع مخزن الاسرار، انشاء عقائد ذوقی، انشاء لطف المعی، انشاء قادری، انشاء باقری، اصطلاحات الشعراء، المختصر التحریر، روضۃ الخلد، طالع، شرح عبداللہ

یزدی، تادیب الخلان، زین اللغات، دلائل امامة علی خطبات ذوقی، المختصر الناظر عجالة نافعة، نواقض الروافض، تصفیة الاذہان، رکن رکین ترجمہ حصن حصین، تذکرة الاولیا، تحریر عقائد، در ثمین قصائد ذوقی، مجموعۂ قصائد، دیوان قدیم، مجیب نامہ جواہر منظوم، تعداد الشہور، نظم معارج النبوة معجز مصطفیٰ، غرائب اللغات، سلالة العقائد مفتاح الاسرار، وغیرہا من المصنفات المشہورة

وکان ایضا شاعرا مشہورا وعد اشعارہ فبلغت قریبا من ثلثمأة الاف، وکان صاحب کرامات عجیبة وخوارق عادات غریبة فان اردت الوقوف علیہا فطالع "مطلع النور" ثم لما اشتاق الوصال غاب عن اعین الرجال وصال الی الملک ذی الجلال، فلبّی لمولاہ سنة الف ومأة واربعة وتسعین الہجریة فی ثلثة عشر رجب المرجب ودفن قریب والدہ قربی رحمہما اللہ فی القبة المشہورة المبارکة فی شرق اللطیفیہ ـ

المذنبین محمدّ ن الامین صلی الله علیه
وعلی اله واصحابه وسلم وهو من
امر ذی النور المبین بواسطة الروح
الامین -

وہ اپنے والد نجم الدین فضل سے، وہ اپنے چچا
جلال الدین مسعود سے وہ اپنے چچا مجد الدین
شہنشاہ سے، وہ اپنے والد جلال الدین علی
سے، وہ اپنے والد عزیز الدین عبد العزیز
سے، وہ اپنے والد فقیہ جمال الدین عبد الحمید
سے، وہ اپنے والد شیخ عبد اللہ محمد ابن علی
راستانی سے، وہ شیخ ابو الحسن ذرجی سے،
وہ شیخ ابوبکر اسبہانی سے، وہ ابراہیم کشتان
سے، وہ شیخ ابو موسیٰ سے، وہ اپنے چچا سلطان العارفین
شیخ الواصلین امام الکاملین رئیس اہل الیقین
ابو یزید طیفور ابن عیسیٰ بسطامی سے، وہ
امام جعفر صادق سے، وہ اپنے والد امام
محمد باقر سے، وہ اپنے والد امام زین العابدین
سے، وہ اپنے والد اشرف شہداء،
محبوب خیر الانبیاء امام ابو عبد اللہ حسین
سے آپ اپنے والد اسد اللہ الغالب
امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ
سے آپ خاتم النبیین رسول رب العالمین
شفیع المذنبین محمد امین صلی اللہ
علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے، اور
آپ نے نور مبین کے حکم سے بواسطہ
روح امین خرقہ پہنا ہے۔

الخامسة لبسها الفقير شاہ ابو الحسن
من السيد محمد المشهور بشاہ حضرت الحسيني
وهو من الشيخ عبد الصمد وهو من الشاہ
صبغة الله وهو من السيد وجيه الدين حيدر
علي الثاني وهو من حاجي حميد المعروف بالشيخ
محمد غوث وهو من الشيخ ظهور حاجي حضور
وهو من الشاہ ابو الفتح هداية الله سرمست
وهو من الشيخ قاضن وهو من الشيخ عبد الله
وهو من الشيخ محمد عارف وهو من الشيخ محمد
عاشق وهو من ابيه الشيخ حذاقلي ماوراء
النهري وهو من الخواجه ابو الحسن الخرقاني
وهو من الشيخ ابي المظفر الطوسي وهو من الخواجه
يزيد عشقي وهو من الخواجه محمد المغربي وهو
من سلطان العارفين شيخ الواصلين امام
الكاملين رئيس اهل اليقين ابي يزيد طيفور
بن عيسى البسطامي وهو من الامام الجعفر الصادق
وهو من ابيه الامام محمد الباقر وهو من ابيه الامام
علي زين العابدين وهو من ابيه اشرف الشهداء
ومحبوب خير الانبياء الامام ابي عبد الله الحسين
وهو من ابيه اسد الله الغالب امير المؤمنين
علي بن ابي طالب كرم الله وجهه وهو من خاتم
النبيين رسول رب العالمين شفيع المذنبين محمد ن الامين
صلى الله عليه وآله واصحابه وسلم وهو من امر ذي النور المبين

پانچواں خرقہ جس کو فقیر شاہ ابو الحسن نے سید محمد
المشہور بہ شاہ حضرت حسینی سے پہنا ہے، وہ شیخ
عبد الصمد سے، وہ شاہ صبغۃ اللہ سے، وہ سید وجیہ
الدین حیدر علی ثانی سے، وہ حاجی
حمید المعروف بہ شیخ محمد غوث سے
وہ شیخ ظہور حاجی حضور سے، وہ شاہ ابو الفتح
ہدایت اللہ سرمست سے، وہ شیخ
قاضن سے، وہ شیخ عبد اللہ سے، وہ شیخ
محمد عارف سے، وہ شیخ محمد عاشق
سے، وہ اپنے والد شیخ حذاقلی ماوراء النہری
سے، وہ خواجہ ابو الحسن خرقانی سے،
وہ شیخ ابو المظفر طوسی سے، وہ
خواجہ یزید عشقی سے، وہ خواجہ محمد مغربی
سے، وہ سلطان العارفین شیخ الواصلین
امام الکاملین رئیس اہل یقین ابو یزید طیفور ابن
عیسیٰ بسطامی سے وہ امام جعفر صادق سے، وہ
اپنے والد امام محمد باقر سے، وہ اپنے والد امام علی زین العابدین
سے، وہ اپنے والد اشرف شہداء محبوب خیر الانبیاء
امام ابو عبد اللہ حسین سے، آپ اپنے والد اسد اللہ الغالب
امیر المؤمنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے، آپ
خاتم النبیین رسول رب العالمین شفیع المذنبین
محمد امین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم سے اور آپ نے نور مبین کے حکم سے بواسطہ روح امین

السّادسة لبسها الفقیر شاہ ابوالحسن من السید محمد المشهور بشاہ حضرت الحسینی وهو من السید برهان الدین وهو من الشیخ عبد القدوس وهو من ابی البرکة الشیخ عیسیٰ وهو من الشیخ لشکر محمد وهو من حاجی الحمید المعروف بالشیخ محمد غوث وهو من الشیخ ظهور حاجی حضور وهو من الشاہ ابی الفتح هدایت الله، سرمست وهو من الشیخ قاضن وهو من الشیخ عبد الله وهو من الشیخ محمد عاشق وهو من ابیه الشیخ حذاقلی ما وراء النهری وهو من الخواجه محمد المغربی وهو من سلطان العارفین شیخ الواصلین امام الکاملین رئیس اهل الیقین ابی یزید طیفور بن عیسیٰ البسطامی وهو من الامام جعفر الصادق وهو من ابیه الامام محمد الباقر وهو من ابیه الامام علی زین العابدین وهو من ابیه اشرف الشهداء و محبوب خیر الانبیاء الامام ابی عبد الله الحسین وهو من ابیه اسد الله الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم الله وجهه وهو من خاتم النبیین رسول رب العالمین شفیع المذنبین محمد ن الامین صلی الله علیه وعلی آله واصحابه وسلم وهو من امر ذی النور المبین بواسطة الروح الامین -

چھٹا[۶] خرقہ جسکو فقیر شاہ ابوالحسن نے سید محمد المشهور بہ شاہ حضرت حسینی سے پہنا ہے، وہ سید برہان الدین سے، وہ شیخ عبد القدوس سے، وہ ابوالبرکت شیخ عیسیٰ سے، وہ شیخ لشکر محمد سے، وہ حاجی حمید المعروف بہ شیخ محمد غوث سے وہ شیخ ظہور حاجی حضور سے وہ شاہ ابوالفتح ہدایت اللہ سرمست سے، وہ شیخ قاضن سے، وہ شیخ عبد اللہ سے وہ شیخ محمد عاشق سے، وہ اپنے والد شیخ حذاقلی ماوراء النہری سے، وہ خواجہ محمد مغربی سے، وہ سلطان العارفین شیخ الواصلین امام الکاملین رئیس اہل الیقین ابو یزید طیفور ابن عیسیٰ بسطامی سے، وہ امام جعفر صادق سے وہ اپنے والد امام محمد باقر سے، وہ امام علی زین العابدین سے، وہ اپنے والد اشرف شہداء محبوب خیر الانبیاء امام عبد اللہ حسین سے، وہ اپنے والد اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے آپ خاتم النبیین رسول رب العالمین شفیع المذنبین محمد امین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے اور آپ نے نور مبین کے حکم سے بواسطہ روح امین خرقہ پہنا ہے۔

ہر سلیم الفطرۃ انسان کے نزدیک یہ بات روز
روشن کی طرح عیاں ہے کہ جب تک کوئی شخص علم حاصل
نہیں کرتا اسکی زندگی زنگ روپ لئے ہوتی ہے اور اس کی
شخصیت میں اسی وقت انسانیت کے اقدار بلند ہوتے ہیں
جبکہ وہ صحیح معنی میں علوم وفنون اور تہذیب و تمدن سے
آشنا ہو جائے۔ اس فلسفہ کی فہمائش سعدیؒ نے ان الفاظ
میں کی ہے۔ ؎

آدمی را آدمیّت لازم است
عود را گر بو نباشد ہیزم است

علوم وفنون کا تصور جب ذہن میں اُبھرنے لگتا
ہے تو اس کے ساتھ ہی ان کے لامتناہی سلسلہ کا تصور بھی
لازماً آجاتا ہے اس لئے کہ علوم وفنون کی نہ کوئی حد ہے
نہ انتہا۔ کتنے علوم وفنون ہیں جو معرض وجود میں آچکے ہیں۔
اور نہ جانے کتنے وجود میں آتے رہینگے۔ یہاں تمام علوم کا
احاطہ مقصود نہیں۔ صرف علم فرائض زیر بحث ہے جسکی
فضیلت حدیث شریف میں آکر ہے۔ حتیٰ کہ اسکو نصف
العلم سے تعبیر کیا گیا اور شارع علیہ السلام نے اسکی تعلیم اور
نشر و اشاعت پہ کافی زور دیا ہے جیسا کہ آپ فرماتے
ہیں تعلموا الفرائض وعلموها الناس فانّها
نصف العلم وهو ينسٰى وهو اوّل شيء
ينزع من امتي لوگو! علم فرائض خود سیکھو اور
دوسروں کو بھی سکھاؤ اس لئے کہ وہ نصف علم کی حیثیت
رکھتا ہے اور یہ علم بھلا دیا جائے گا۔ سب سے پہلے میری
امت سے جو چیز اٹھالی جائے گی وہ علم فرائض ہے۔

اس حدیث سے یہ بات واضح ہوئی کہ علوم
دینیہ میں علم فرائض نہایت فضیلت کا حامل ہے۔

سب سے پہلے اسلام نے دنیا میں وراثت کا
جامع اور ٹھوس دستور پیش کیا۔ تاکہ تمام افراد کو
منصفانہ حیثیت سے ان کے حقوق مل سکیں اور تقسیم
وراثت کے اندر اہم اور بنیادی پہلو یہ ہے کہ اللہ
تعالیٰ نے اسکو ہماری عقل پہ موقوف نہیں رکھا بلکہ
خود منصفانہ تقسیم فرمایا جس کے فلسفہ سے اکثر نا آشنا
ہیں جیسا کہ خود قرآن کہتا ہے وآباؤکم وابناءکم
لا تدرون ایهم اقرب لکم نفعا الآیہ
تمہارے اصول وفروع جو ہیں (انکے متعلق)

پوری طرح نہیں جان سکتے ہو کہ ان میں کا کون شخص تم کو (دنیاوی و اخروی) نفع پہنچانے میں (باعتبار توقع کے) نزدیک تر ہے۔ یہ حکم منجانب اللہ مقرر کر دیا گیا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑا علم و حکمت والا ہے اور اسی اصول کی عمل پیرائی میں عوام کا فائدہ ہے۔

اسی علم کی فضیلت و اہمیت پر تقریر کرتے ہوئے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں کو ہدایت کی کہ لوگو جس طرح قرآن سیکھتے ہو اسی توجہ و انہماک کے ساتھ علم فرائض بھی حاصل کرو۔

یہی وجہ ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین دیگر علوم کے ساتھ ساتھ نصف العلم کے سیکھنے اور سکھانے میں بھی بہت زیادہ منہمک رہتے تھے۔ انہیں حضرات کی محنت و رغبت سے امت محمدیہ کو علم فرائض حاصل ہوا۔ پھر ائمۂ اربعہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ، حضرت امام شافعی رض حضرت امام مالک رض، حضرت امام احمد حنبل رض نے احادیث نبویہ و آثار صحابہ کی روشنی میں مسائل میراث کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا۔ علمائے متقدمین نے امت مسلمہ کے رشد و ہدایت کے پیش نظر اس علم فرائض کے سلسلے میں مستقل کتابیں لکھیں، اور علم فرائض کی اہمیت پر مفید و کارآمد مدلل مضامین تحریر فرما کر امت مرحومہ پر بڑا احسان کیا ہے۔ بالخصوص علماء و فقہا نے اسکے اہتمام میں مسائل فرائض کو کتاب الفرائض کے عنوان سے اپنی کتابوں میں مستقل جگہ دی۔ اس کے علاوہ علم فرائض اخافی، فرائض طحاوی، فرائض سجاوندی جو "سراجی" کے نام سے مشہور ہے نہایت مقبولیت کی حامل ہے۔ اس کتاب کے مصنف فقیہہ حنفی امام سراج الدین محمد بن محمد بن عبدالرشید سجاوندی ہیں۔ اس کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ علمائے محققین کی بڑی جماعت نے اسکی شرح لکھی ہے۔ تقریباً سراجی کی چوبیس شروحات لکھی گئی ہیں اور یہ کتاب عربی مدارس میں داخل نصاب ہے۔ اس علم کو فرائض کہنے کی وجہ یہ ہے کہ فرائض فریضہ کی جمع ہے اور فرض سے مشتق ہے جس کے معنی کلام عرب میں کثیر ہیں۔ مثلاً وجوب قطع کرنا۔ حصہ، مقدار مقرر کرنا وغیرہ اور چونکہ علم فرائض میں بھی معانی مذکور پائے جاتے ہیں، اس لئے اس کا نام بھی فرائض رکھا گیا۔ اصطلاح شرع میں اسکی تعریف یہ ہے علم باصول من فقه وحساب تعريف من الوراثة ومن التركة یعنی علم فرائض علم فقہ اور علم حساب کے ان قواعد کے جاننے کا نام ہے جن کے ذریعہ ترکہ میت کے وارثوں میں تقسیم کرنے کی کیفیت معلوم کی جائے۔

اور فرض وہ ہے جو ثابت ہو دلیل قطعی سے (یعنی قرآن سے) اور اس قسم کے مسائل فقہ کو فرائض اس لئے نام رکھا گیا کہ سہام مقدر مقطوع ہیں (کذا فی العالمگیری) حضرت علیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسے آدھا علم اس لئے کہا گیا ہے کہ تمام لوگوں کو اس کے مسائل عموماً درپیش ہوتے ہیں اور فقہ

شافعیہ کی مشہور کتاب فتح المعین میں اسکی وجہ تسمیہ اسطرح بیان کی گئی ہے۔

ومسمی نصفا لتعلقه بالموت المقابل للحیات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرائض کو نصف العلم چند وجوہات کی بنا پر فرمایا (۱) آدمی کی دو حالتیں ہیں، ایک زندگی کی دوسری مرنے کے بعد کی۔ دوسرے علوم میں زندگی کے آئندہ واقعات اور متعلقہ احکام کا ذکر ہوتا ہے اور فرائض میں بعد الموت کی حالت کا ذکر ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے فرائض نصف العلم ہے۔

(۲) ملکیت کے بعض معاملات اختیاری ہیں جیسے خرید و فروخت وغیرہ اور بعض غیر اختیاری ہیں جیسے میراث جن میں لینے والا کا کچھ چارا نہیں۔ بلا اختیار ایک ملک سے نکل کر دوسرے کی ملک میں منتقل ہو جاتا ہے۔ فرائض میں غیر اختیاری سبب سے مالک ہونیکی بحث ہوتی ہے۔

(۳) انکی صورتیں اور پیش آنے والے مسائل بہت زیادہ اور مختلف پہلو رکھتے ہیں۔ اس لئے مسائل کی تعداد میں گویا نصف حصہ متفرق مسائل کا ہے اور نصف حصہ مسائل فرائض کا۔ اس لئے فرائض کو نصف العلم قرار دیا گیا (۴) احکام شرعیہ بعض قرآن شریف اور حدیث شریف سے ثابت ہیں۔ اور بعض قیاس و اجتہاد سے اور فرائض کے تمام مسائل قرآن و حدیث سے مستنبط ہیں، اس وجہ سے ایک خاص اہمیت فرائض کو حاصل ہوی لہذا بمنزلہ نصف علم کے ہوا۔

(۵) چونکہ اس کے سیکھنے اور سکھلانے میں بڑی محنت اور مشقت ہوتی ہے۔ پس گویا علم فرائض محنت اور مشقت کے لحاظ سے نصف العلم ہے۔ اس لئے جسقدر محنت تمام علوم پر ہوتی ہے اس لحاظ سے نصف محنت صرف اس علم کی تحصیل میں ہوتی ہے (۶) اس علم میں چونکہ ثواب کثیر ہے گویا تمام علوم کے برابر اس میں ثواب حاصل ہوتا ہے۔ علمائے کرام نے اس کی اہمیت و فضیلت میں یہاں تک کہدیا ہے کہ علم فرائض کا ایک مسئلہ بتلانے پر اسقدر ثواب دیا جائے گا جتنا کہ دوسرے قسم کے سو مسئلوں کے برابر ملتا ہے۔

اور میراث کا مقصد یہ ہے کہ حق والوں کا حق پہنچا دینا اور ان کے سہام (حصہ) کی تعین پر قادر ہونا اور اس کے ارکان تین ہیں، (۱) وارث (ترکہ لینے والا) (۲) مورث (ترکہ چھوڑنے والا) اور (۳) حق معروف اور اس کے شرائط بھی تین ہیں۔ مورث کی صورت میں حقیقی ہو یا حکمی اور وارث کی حیات حقیقی ہو یا حکمی اور وراثت کے سبب کا علم۔

وراثت کے متعلق اللہ تبارک و تعالیٰ کا ارشاد ہے یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین فان کن نساء فوق اثنتین فلهن ثلثا ما ترك وان كانت واحدة فلها النصف ولابويه لكل واحد منهما السدس مما ترك ان كان له ولد فان لم يكن له ولد وورثه ابواه فلامه الثلث فان كان له اخوة فلامه السدس من بعد وصية يوصي بها او دين اباؤكم و

وابناؤکم لا تدرون ایھم اقرب لکم نفعا فریضۃ من اللہ ان اللہ کان علیما حکیما۔ (ترجمہ) "اللہ تمہیں حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے بارے میں بیٹوں کا حصہ بیٹیوں کے برابر ہے پھر اگر صرف لڑکیاں ہوں اگر دو سے اوپر تو ان کو ترکہ کی دو تہائی اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کا آدھا اور میت کے ماں باپ کو ہر ایک کو اس کے ترکہ سے چھٹا حصہ اگر میت کی اولاد ہو اور پھر اگر اس کی اولاد نہ ہو اور ماں باپ چھوڑے تو مال کا تہائی، پھر اگر اس کے کئی بہن بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ بعد اس کے وصیت کے جو کر گیا اور قرض کے تمہارے ماں باپ اور تمہارے بیٹے اور تم کیا جانو کہ ان میں تمہارے کو زیادہ کام آئیگا یہ حصہ مقرر کیا ہوا ہے اللہ کی طرف سے بیشک اللہ علم والا حکمت والا ہے"۔

ولکم نصف ما ترک ازوجکم ان لم یکن لھن ولد الخ

اور تمہاری بیبیاں جو چھوڑ جائیں ان میں سے تمہیں آدھا ہے اگر ان کی اولاد نہ ہو، پھر اگر ان کی اولاد ہو تو انکے ترکہ میں سے تمہیں چوتھائی ہے جو وصیت کر گئیں اور قرض نکال کر تمہارے میں سے آٹھواں حصہ جو وصیت تم کر جاؤ اور قرض نکال کر اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کا ترکہ بٹتا ہو جس نے ماں باپ، اولاد کچھ نہ چھوڑے اور ماں کی طرف سے اس کا بھائی یا بہن ہے تو ان میں ہر ایک کو چھٹا حصہ، پھر اگر وہ ہیں ایک سے زیادہ ہوں تو سب تہائی میں شریک ہیں، میت کی وصیت اور قرض نکال کر جس میں اس نے نقصان نہ پہنچایا ہو۔
اور اللہ علم والا اور علم والا ہے

(سورہ نساء رکوع ۲)

ان دو آیتوں میں جن فرائض کا ذکر ہے وہ سب سے زیادہ اہم ہیں۔ اس آیت کی تفسیر میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بیمار تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میری بیمار پرسی کے لئے بنو سلمہ کے محلہ میں پیادہ پا تشریف لائے، میں اسوقت بیہوش تھا۔ آپ نے پانی منگوا کر وضو کیا پھر وضو کے پانی کا چھینٹا دیا جس سے مجھے ہوش آیا تو میں نے کہا حضور! میں اپنے مال کی تقسیم کس طرح کروں۔ اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی۔ (صحیح مسلم شریف)

مسلم شریف میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔ ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، مسند امام احمد ابن حنبل وغیرہ میں ہے کہ حضرت سعد ابن ربیع کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور کہا کہ یا رسول اللہ یہ دونوں حضرت سعد کی لڑکیاں ہیں۔ ان کے والد آپ کے ساتھ جنگ احد میں شرکت کئے تھے اور اسی جنگ میں شہید ہوگئے ان کے چچا نے ان کا کل مال لے لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کا نکاح بغیر مال کے ناممکن ہے۔ آپ نے فرمایا اس کا فیصلہ خود خدا کرے گا چنانچہ آیت میراث نازل ہوئی۔ آپ نے ان کے چچا کے پاس آدمی بھیجکر حکم بھیجا کہ دو تہائیاں ان دونوں لڑکیوں کو دو اور آٹھواں حصہ ان کے ماں کو دو اور باقی مال تمہارا ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لئے اس سورت کی آخری آیت نازل ہوئی ہوگی اس لئے کہ ان کی وارث صرف

ان کی بہن تھی، لڑکیاں تھیں ہی نہیں، وہ تو کلالہ تھے۔

زمانۂ جاہلیت میں تمام مال لڑکوں کو دیتے تھے، اور لڑکیاں خالی ہاتھ رہ جاتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا حصّہ بھی مقرر کر دیا۔ ان دونوں کے حصوں میں فرق کر دیا۔ اس لئے کہ مردوں کے ذمہ جو ضروریات ہیں وہ عورت کے ذمہ نہیں، مثلاً ان کے متعلقین کے کھانے پینے اور اخراجات کی کفالت، تجارت اور کسب اور اسی طرح کی اور مشقتیں انہیں انکی حاجت کے مطابق دگنا دلوایا گیا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، پہلے مال کا حصہ دار اور حقدار صرف لڑکا تھا، ماں باپ کو بطور وصیت کے کچھ ملجاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس چیز کو ختم کر دیا۔ اور لڑکے کو لڑکی سے دگنا دلوایا اور ماں باپ کو چھٹواں حصّہ دلوایا اور تیسرا حصّہ بھی اور بیبیوں کو آٹھواں حصہ اور چوتھا حصّہ خاوند کو۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، میراث کے احکام اترنے پر بعض لوگوں نے کہا یہ اچھی بات ہے کہ عورت کو چوتھا اور آٹھواں حصہ دلوایا جارہا ہے اور لڑکی کو نصف دلوایا جارہا ہے اور ننھے ننھے بچوں کا حصّہ مقرر کیا جارہا ہے۔ حالانکہ ان میں سے کوئی بھی نہ لڑائی میں نکل سکتا ہے، نہ مال غنیمت پاسکتا ہے۔ اچھا تم اس حدیث سے خاموشی برتو شاید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھول جائیں۔ ہمارے کہنے کے وجہ سے آپ ان احکام کو بدل دیں۔ پھر انہوں نے آپ سے کہا کہ آپ لڑکی سے اس کے باپ کا آدھا مال دلوا رہے ہیں۔ حالانکہ وہ گھوڑے پر بیٹھنے کے لائق اور دشمن سے لڑنے کے قابل نہیں آپ بچے کو ورثہ دلا رہے ہیں، بھلا وہ کیا فائدہ پہنچا سکتا ہے؟

یہ لوگ زمانۂ جاہلیت میں ایسے ہی کیا کرتے تھے کہ میراث صرف اسے دیتے تھے، جو لڑکے لڑنے کے قابل ہوں، کتاب و سنت سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ لڑکی کو یعنی لڑکا نہ ہونے کی صورت میں نصف حصّہ دلوایا گیا ہے۔ پس اگر دو کو بھی آدھا ہی دینے کا حکم کرنا مقصود ہوتا تو یہی بیان ہوجاتا۔ جب ایک کو الگ کر دیا گیا تو معلوم ہوا کہ دو کا حکم بھی وہی ہے جو دو سے زائد کا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حاصل کلام علم الفرائض کا جاننا بہت ضروری ہے۔ ایک مسلمان کو چاہیئے کہ وہ مسائل فقہ کی تعلیم میں جس طرح توجہ مبذول کرتا ہے اسی طرح اس علم کی جانب توجہ مرکوز کرے۔ اور بالخصوص مدارس عربیہ میں اسکو بام عروج پر پہنچا دیں۔ کیونکہ ہمارے طلبہ کو فراغت کے بعد ہی جن نئے نئے مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے، ان میں سے وراثت کے مسائل بھی ہیں۔ لہٰذا طلبا کا علم فرائض میں عبور حاصل کرنا بہت ہی ضروری ہے۔ کیونکہ اس میں ذراسی لغزش اور تقسیم وراثت میں معمولی کمی و بیشی سے حق تلفی کا امکان ہے جو حسن معاشرہ اور خوش آیند تعلقات کے لئے سم قاتل سے کم نہیں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

تلخیص کار:- حافظ میم۔ بشیر الحق قریشی لطیفی ادھونی (زمرۂ مولوی عالم — ادیب فاضل مدراس یونیورسٹی)

دار العلوم لطیفیہ کے کتب خانہ میں چاروں طرف تہذیب اور شائستگی سے پھیلی ہوئی کتابوں کا جائزہ لے رہا تھا، میری نظریں الماری کے اس گوشہ پر جمنے لگیں جس میں "البعث الاسلامی" لکھنؤ کے قدیم و جدید شمارے ترتیب وار جمع تھے۔ ان کی اُلٹ پھیر کے دوران جناب ڈاکٹر اعجاز احمد صاحب لکچرر شعبۂ عربی لکھنؤ یونیورسٹی کا مقالہ "تدوین الفتاوی فی الہند" نظر آیا۔ جسکے دوران مطالعہ میں یہ خیال شدت کے ساتھ سطح ذہن پر اُبھرنے لگا کہ جنوبی ہند کی دینی درسگاہیں بالخصوص دار العلوم لطیفیہ، مدرسہ باقیات صالحات ویلور، جامعہ نظامیہ حیدر آباد وغیرہ مدت مدید سے فتویٰ نویسی کی خدمت انجام دیتے آرہے ہیں۔ اور اس کے علاوہ یہاں کے علمائے متقدمین اور مشائخین کرام بھی جیسے حضرت قطبؒ ویلور، حضرت مولانا مفتی عبد الرحیم، حضرت مولانا قاضی محمود علیہما الرحمہ وغیرہ وقت اور ماحول کے بدلتے ہوئے تیور اور نازک ترین مرحلوں میں بھی نہایت عمدگی کے ساتھ اپنی فہم و ادراک اور درایت سے نئے نئے مسائل کا حل تلاش فرما کر استفتاء کے روپ میں اسلام کی بیش بہا اور ناقابل فراموش خدمت انجام دئے ہیں۔ آج بھی علمائے متاخرین اپنے اسلاف کی سنت پر عمل پیرا ہیں۔ اور جنوب میں بھی افتاء پر عظیم الشان کام ہو رہا ہے لہٰذا ان تمام کی خدمات کا احاطہ ہونا چاہیئے۔ غرض اس طرح لطیف اور پاکیزہ خیالات کا میرے ذہن پر یلغار رہا۔ لیکن وقت کی قلت نے ان خیالات کو قوت سے فعل کے دائرہ میں آنے نہ دیا۔ انشاء اللہ آئندہ جنوبی ہند میں انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے افتاء پر جو قابل ذکر کام ہو رہا ہے مستقل طور پر قلم کو جنبش دی جائے گی۔ سر دست ناظرین کی معلومات کے لئے مذکورہ مضمون کی تلخیص پیش کی جا رہی ہے ـــ

ہندوستان میں اسلامی علوم اور ان کی مختلف ـــ اقسام اور فروعات جیسے تفسیر قرآن اور حدیث، فقہ اصول وغیرہ کی نشر و اشاعت اور ان کی تدوین و ترتیب میں ہمیشہ مسلمانوں نے حصہ لیا۔ اور اسلامی علوم کے ذخیروں میں ایک قیمتی اضافہ کیا۔ اور اپنی پیہم جد و جہد سے ان کی مکمل شروحات بیان کیں۔ ان کی مایۂ ناز خدمات میں سے تدوین فتویٰ بھی ایک اہم کارنامہ ہے۔ جب کہ قرآن و حدیث اور اجماع سے نئی مشکلات اور روز افزوں وجود میں آنے والے مسائل کے حل کے حل کے لئے نص صریح اور کوئی واضح حکم نہ پا سکے

تو قرآن وحدیث اور اجماعِ امت کی اساس پر اس عمل
کو شروع کیا۔

زمانہ ہر روز ترقی کی منزلیں طے کرتا جاتا ہے
اور نئے علوم اور نئے حقائق اور مختلف جدید اختراعات
وجود میں آتے ہیں جسکی وجہ سے ہمیشہ اہلِ دین اور اصحابِ
تقویٰ کی یہ خواہش رہتی ہے کہ صبح شام پیش آنے والی
نئی مشکلات کیلئے شرعی احکام کو جان لیا جائے تاکہ مسلمانوں
کے اشغال یومیہ ان احکام اور فتوؤں کے مطابق انجام
پاتے رہیں۔

ہندوستان کے ہر دور (اسلامی اور غیر اسلامی)
میں ایسے مفتیانِ کرام کی کثیر جماعت ملتی ہے جو اپنی درایت
اور اجتہاد سے فتویٰ دیکر سائلین فتویٰ کی تشنگی بجھاتے
آرہے ہیں جن کے مشہور فتوے آج بھی ہندوستان کے
مختلف کتب خانوں کے اندر مطبوعہ اور قلمی شکل میں موجود
ہیں۔ ان میں اکثر فتوؤں کا تعلق مسلک حنفیہ سے ہے۔
فتوے کی زبان ہمیشہ زمانہ کی کروٹ کے ساتھ ساتھ
تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ ان میں سے بعض عربی زبان، اور
بعض زبان فارسی میں ہیں اور موجودہ دور میں اکثر اردو
زبان میں ہیں۔

جس زمانہ میں ہندوستان پر مسلمانوں کی حکومت
تھی۔ اس وقت افتاء نویسی کا کام بھی امور سلطنت میں
شامل تھا لیکن جب مسلمانوں کے ہاتھ سے سلطنت چلی گئی تو
افتاء کا کام دینی درسگاہوں اور شخصی خانقاہوں سے ملحق
رہا۔ دورِ جدید میں کوئی ایسا بڑا مدرسہ دکھائی نہیں
دیتا جس میں افتاء کا بھی ایک مستقل شعبہ نہ ہو۔ چنانچہ
ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایک کثیر تعداد میں ہندوستان کے
مختلف گوشوں میں "دارالافتاء" پھیلے ہوئے
ہیں جو ہم تک علمی مواد پہنچا رہے ہیں۔ مثال کے طور
"دارالافتاء دیوبند" ہے جو اب تک تخمیناً بارہ ہزار
دقیق اور باریک مسئلوں کا جواب دے چکا ہے۔

ناظرین کی خدمت میں اب ان مایۂ ناز فتوؤں
سے چند کا اجمالی ذکر کیا جاتا ہے جن کا فیض کئی دور
سے جاری وساری ہے۔ ان میں سب سے قدیم فتوے
"فوائد فیروز شاہی" ہیں۔ یہ مجموعہ چودہویں
صدی عیسوی میں مرتب کیا گیا۔ جس کے مصنف
شیخ ملا محمد عطاری ہیں۔ مولانا نے اس کو فیروز شاہ
تغلق کے حکم سے فقہ حنفی کے مطابق تصنیف کیا
ہے۔ فیروز شاہ تغلق ایک زبردست عالم اور متقی
اور پرہیز گار بادشاہ تھا اور شعائر اور اشاعت
اسلام کو بہت محبوب رکھتا تھا۔

دورِ فیروزی میں فتاویٰ تاتارخانی
کی بھی تالیف ہوئی۔ اور یہ دو بڑی جلدوں پر مشتمل
ہے۔ اس کے مصنف شیخ عالم بن علا دھلوی
ہیں۔ مولانا نے اس کو خانِ اعظم تاتارخان کی سرپرستی
میں تالیف کیا۔ تاتارخان ملک فیروز کا حاشیہ
نشین تھا۔ یہ بھی اپنے بادشاہ کی طرح علم دوست

اور علماء پرور تھا۔ علماء، ادباء کی حوصلہ افزائی اور
ان کی دلجوئی میں بادشاہ کے راستہ پر گامزن تھا۔
"**فتاوی حمادیہ**" یہ بھی دو جلدوں پر مشتمل
ہے، جس کے مصنف مفتی ابوالفتح رکن الدین بن حسام الدین
ناگوری ہیں۔ مولانا نے اپنے فرزند شیخ داؤد کو ساتھ لیکر
قاضی حماد الدین احمد قاضی القضاۃ گجرات کی سرپرستی
اور نگہبانی میں تالیف کیا۔ شاید اسی خاص سبب کی وجہ
سے یہ فتوے "**فتاوی حمادیہ**" کے نام سے مشہور ہوئے۔

ان تمام میں جلیل القدر **فتاوی عالمگیری** ہے،
جو عرب، شام اور مصر کے شہروں میں "**فتاوی ھندیہ**"
کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ چھ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہیں۔
"فتاوی عالمگیری" کو اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ کے
حکم سے جید علمائے کرام کی ایک جماعت نے مرتب کیا اور
خود اورنگ زیبؒ نے بھی فقہ حنفی کی جدید تدوین پر
خاص توجہ دیا تاکہ ہندوستان میں فقہ حنفیہ سلطنت
اسلامیہ کا دستور بن جائے۔

اس اہم کام کی تحقیق کے لئے اورنگ زیب نے
جلیل القدر علماء کی ایک کمیٹی مقرر کی جو علوم اسلامیہ اور
فقہ کے اندر مہارت تامہ رکھتے تھے اور شیخ نظام علیہ
الرحمہ اس کمیٹی کے صدر تھے۔ جو ہر ہفتہ تدوین شدہ
مسائل کو اورنگ زیبؒ کی خدمت میں پیش کرتے تھے جن کا
اورنگ زیبؒ بنظر غائر مطالعہ کرنے کے بعد اپنی گراں قدر
رائے کا اظہار فرماتے اور تمام مسائل پر بحث و مباحثہ
بھی فرماتے تھے۔ اس طرح پوری تحقیق اور تدقیق
کے ساتھ فتاوی عالمگیری کی تدوین عمل میں آئی۔

حاصل کلام فتووں کا سلسلہ بڑا طویل
ہے۔ لہذا چند فتوؤں کے نام دیئے گئے ہیں:۔

خزانۃ الروایات	قاضی جکن گجراتی
ابراھیم شاہیہ	قاضی نظام الدین جیلانی
فتاوی ضیائیہ	قاضی ضیاء الدین
فتاوی نقشبندیہ	شیخ معین الدین کشمیری
فتاوی اکبرشاہی	شیخ عتیق اللہ
مطالب المومنین	شیخ بدر الدین لاہوری
الفتاوی الفقیہہ	شیخ میر محمد بن اولیاء جونپوری
زبدۃ الروایات	سید علیم اللہ جالندھری
فتاوی عزیزیہ	شیخ عبد العزیز بن ولی اللہ دہلوی
فتاوی شرفیہ	مفتی شرف الدین رامپوری
فتاوی ناصریہ	شیخ محمد غوث مدراسی
جامع الفتاوی	سید عبد الفتاح بن عبد اللہ گلشن آبادی
الفتاوی الفقیہہ	مرزا حسن علی لکھنوی
الفتاوی الفقہیہ	شیخ رضا علی بن سخاوت علی بنارسی
فتاوی ودودیہ	شیخ عبد الودود کلکتوی
فتاوی رضویہ	شیخ احمد رضا بریلوی
مجموعۃ الفتاوی	شیخ عبد الحی بن عبد الحلیم لکھنوی
مجموعۃ الفتاوی	شیخ محمد نعیم بن عبد الحکیم لکھنوی
مجموعۃ الفتاوی	شیخ اشرف علی تھانوی

مکتوبات حضرت قطب ویلور قدس سرہ العزیز

مترجم :-
عالیجناب مولینا مولوی
سید حمید اشرف صاحب
سابق مدرس دار العلوم لطیفیہ الاسکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ

مندرجۂ ذیل مکتوب زبدۃ العارفین الحاج الحافظ اعلیحضرت مولانا مولوی محی الدین شاہ سید عبد اللطیف قادری المشہور بہ قطب ویلور قدس سرہ العزیز نے مولوی محمد امام الدین صاحب مہکری نائب قاضی میسور کو فارسی زبان میں تحریر کیا تھا جو سبق آموز نصائح پر مشتمل ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد و صلوٰۃ اور سلام و دعا کے بعد واضح ہو کہ آنے والوں کی زبانی اور مخدومی محی الدین علیخان صاحب مہکری کے خط سے آنجناب کے نائب قاضی کی خدمت کے تقرر کی خبر معلوم ہوئی۔ خدمت قضاء کی تقرری کے وقت سے آپ کے خطوط کی آمد و رفت بالکل بند ہے حتیٰ کہ خانصاحب ممدوح کے خطوط میں آپ کا سلام و دُعا بھی مذکور نہیں ہوتا۔ خط و کتابت کا ذکر ہی کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قضاءت کی خدمت ہم فقیروں کی یاد اور محبت سے مانع ہے۔

امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مغرب کے بعد اپنے محلہ کی چند اونٹنیوں کا دُودھ دوہا کرتے تھے۔ جب مسند خلافت پر رونق افروز ہوئے تو اُس وقت بھی دُودھ کا دوہنا آپ نے ترک نہیں کیا۔ تعجب ہے کہ آنجناب مسند قضاءت پر فائز ہونے کے بعد ہم فقیروں کی یاد روا نہیں رکھتے۔

محب محترم! ع از ہر چہ میرود سخن دوست خوشتر است

خانصاحب موصوف کے خط میں چند کلمات جو حق تعالیٰ کی یاد دلائیں تحریر کئے گئے ہیں۔ اس کو اپنا دستور العمل بنالیں اپنے کو شریعت کا پابند بنائیں، عدالت و قضاءت کو مقدمات شرعیہ کی تنقید کا ذریعہ سمجھیں اور اگر ایسا نہ ہوسکے تو عہدۂ قضاء کو اپنے لئے ایک بلاء مصیبت تصور کریں۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ قیامت کے دن بہت سے عزت والے ذلیل و خوار ہونگے اور بہت سے وہ لوگ جو دنیا میں خوار و حقیر سمجھے جاتے ہیں وہ قیامت کے دن عزت و اعتبار کے مقام پر فائز ہونگے۔ حق تعالیٰ سے درخواست ہے کہ وہ ہمیں اور آپ کو دنیا کی فانی عزت وجاہت ظاہری ٹیپ ٹاپ طمطراق میں گرفتار نہ کرے بلکہ آخرت کی دائمی عزت وجاہت اعتبار و وقار کے شرف سے معزز فرمائے (آمین) وہ ہماری دعا قبول فرمائے۔ خدا تمہاری مدد کرے۔

فتوے ایک

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہماری مسجد میں ایک نابینا حافظ صاحب پنجوقتہ فرض نمازوں کی امامت کرتے ہیں۔ کیا ہم مصلی مقررہ امام کے ہوتے ہوئے یا نہ ہوتے ہوئے ان صاحب کے پیچھے فرض نماز ادا کر سکتے ہیں؟ یہاں ایک صاحب کہتے ہیں کہ نابینا کے پیچھے فرض نماز ادا کرنے سے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ کیا سچ ہے؟ بینوا و توجروا

السائل:۔ شیخ عبدالحق رانچوٹی

الجواب

اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب

درصورت مسئولہ نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے۔ شامی نے کہا ہے کہ اگر حاضرین میں نابینا مسائل نماز سے زیادہ واقف ہو تو پھر اس کی امامت میں کوئی کراہت نہیں، بلکہ اس کی امامت بینا سے افضل ہے۔ جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ ابن مکتوم جو نابینا تھے انہیں صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا امام مقرر کیا۔ اور وہ یعنی ابن مکتوم آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر پہ جانے کے بعد امام ہوتے تھے۔ الحاصل اگر مذکورۂ بالا وصف نابینا میں ہو تو افضل ہے۔

تبع فی ذلك صاحب البحر حیث قال قید کراھۃ امامۃ الاعمیٰ فی المحیط وغیرہ بان لا یکون افضل القوم فان کان افضلھم فھو اولیٰ (شامی جلد اول)

ھکذا فی کتب الفقہ واللہ اعلم بالصواب

کتبہ

(جناب مولانا) ابوالمعالی علوی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ)

س وہ کونسی جنگ ہے جس میں ملائکہ نے مسلمانوں کی مدد کی؟

ج - جنگ بدر ہے جو ۲ سنہ ہجری میں واقع ہوئی -

س - دنیا میں سب سے پہلے تانبے کے برتن کس نے بنائے ؟

ج - حضرت سلیمان علیہ السلام نے -

س دنیا میں سب سے بڑا معبد کون سا ہے ؟

ج خانہ کعبہ - جو ملک عرب کے مشہور شہر مکۂ معظمہ میں واقع ہے - طوفانِ نوح کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر نو کی -

س ایک روپیہ کا نوٹ ہندوستان میں کب جاری ہوا ؟

ج تاج برطانیہ کے دور میں ۱۹۱۷ء میں ہوا -

س دھلی میں کانگریس اور مسلم لیگ کی انٹریم گورنمنٹ کب قائم ہوئی ؟

ج ۲ ستمبر 1946ء میں قائم ہوئی -

س دنیا میں سب سے پہلے کاغذ کس نے تیار کیا ؟

ج حضرت یوسف علیہ السلام نے -

س دنیا میں سب سے چھوٹا جزیرہ کونسا ہے ؟

ج فلیٹ ہوم ہے - یہ رود بار انگلستان میں واقع ہے اس کا پورا رقبہ صرف ڈیڑھ سو میل ہے -

س سب سے پہلے سوئی کس نے ایجاد کی ؟

ج حضرت ادریس علیہ السلام نے -

س ساری دنیا میں دوسری جنگ عظیم کب شروع ہوئی ؟

ج ۳ ستمبر 1939ء میں شروع ہوئی -

س ہندوستان ری پبلک یعنی جمہوریہ کب ہوا ؟

ج ۲۶ جنوری 1950ء میں ہوا -

س مجلس میں سب سے پہلے کہاں شمع جلائی گئی ؟

ج - مصر میں -

س دنیا میں سب سے اچھے تیر انداز کون ہیں ؟

ج ریاسکن میکسیکو کے باشندے جو ۳۰ فٹ کے فاصلے پر کے دانے کو بآسانی نشانہ لگا سکتے ہیں

س - ہندوستان میں نیا سکہ کب سے جاری ہوا ؟

ج یکم اپریل 1957 سے جاری ہوا - ایک روپیہ کے سَو پیسے قرار پائے -

س دنیا میں سب سے لمبا تار کا سلسلہ کونسا ہے؟

ج ٹیلیفون کے تار کا ہے، جو شمالی امریکہ میں نیویارک اور سان فرانسسکو کے درمیان کھولا گیا - ان دو شہروں کے درمیان تقریباً تین ہزار میل کا فاصلہ ہے -

س جنوب کا سب سے قدیم مدرسہ کونسا ہے ؟

ج دارالعلوم لطیفیہ ویلور جس کی بنیاد ۱۱۳۸ھ میں رکھی گئی -

فقر قربیؔ قدس سرہ العزیز

از
یٰسٓ عبد اللہ
عرف جمشید پاشہ
یم یس سی

شاھی و ملک شاہی قربیؔ جوے نسنجد
در ملک فقر دستی بالا ست بوریا را

زبدۃ العارفین اعلیٰحضرت رکن الدین سید شاہ محمد ابو الحسن قربیؔ قادری قدس سرہ العزیز سنہ ۱۱۱۸ھ میں دار النور بیجاپور میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۱۳۸ھ میں اپنے والد بزرگوار قدوۃ العارفین اعلیٰحضرت سید شاہ عبد اللطیف بیجاپوری قدس سرہ العزیز کے ہمراہ دار السرور ویلور پہنچے۔

دونوں بزرگوں نے اپنے قدومِ میمنت لزوم سے اس مقام کو عزت ورونق بخشی اور اس خطہ کو علم کی دولت سے مالا مال کرنے لگے۔ اعلیٰحضرت قربیؔ قدس سرہ العزیز کا وصال سنہ ۱۱۸۳ھ میں ہوا۔ آپ کا مزارِ پُر انوار گنبدِ اقطاب ویلور میں مرجعِ خاص وعام ہے۔ آپکی اعلیٰ شخصیت جامع الکمالات تھی۔ آپ اپنے دَور کے زبردست اہل اللہ میں سے تھے۔ آپ کا شیوہ فقر وقناعت، صبر توکل، تقویٰ اور پرہیزگاری تھا۔ یہ تمام باتیں آپ میں بدرجۂ اتم موجود تھیں پیشِ نظر مضمون میں آپ کے فقر کو احادیث مقدسہ اور بزرگانِ دین کے اقوال کی روشنی میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے ملاحظہ فرمائیں :۔

آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے الفقر فخری یعنی فقر میرے لئے باعثِ افتخار ہے ایک شخص آپ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں اللہ کیلیئے آپ سے محبت رکھتا ہوں، تو آپ نے فرمایا" بلا کو چادر بنا لے اور فقر کو چادر بنا لے" جس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کی محبت کیلیئے ضروری ہے کہ آپ کا طریقہ اپنایا جائے۔

یہی وجہ ہے کہ امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، جب آپ کی محبت میں درجۂ کمال کو پہنچے تو اپنا سارا مال آپ پر خرچ کر دیا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سی حالت بنالی۔ اور فقر میں آپ شریک ہو گئے۔ یہاں تک کہ صرف عبا سے بدن ڈھانپ لیا کرتے تھے۔ غرض فقر کو اپنانا سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر اتباع کی دلیل ہے۔ فقر کا راستہ نہایت پُر خطر ہے۔ ہر کس و ناکس اس کو طے نہیں کر سکتا۔ یہ کام تو صرف درویشوں کے لئے آسان ہے۔ کہ وہ اپنی فقیری کے باوجود مالدار

نظر آتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے لِلْفُقَرَاءِ
الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ
ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ یَحْسَبُھُمُ الْجَاھِلُ اَغْنِیَاءَ
مِنَ التَّعَفُّفِ یعنی ان فقراء کی فی سبیل اللہ خدمت
کرنی چاہیئے جو اللہ کی راہ میں روکے گئے ہیں۔ زمین میں
چلنے کی طاقت نہیں رکھتے جن کو جاہل لوگ سوال نہ کرنے
کی وجہ سے مالدار سمجھتے ہیں۔ نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے
تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ
خَوْفًا وَّطَمَعًا یعنی ان کے پہلو خوابگاہوں سے دور
رہتے ہیں۔ اور اپنے پروردگار کو امید و خوف کے عالم
میں پکارتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نے فقر کو اختیار فرمایا اور آپ کی دعا تھی کہ اللھم
احینی مسکینًا وامتنی مسکینًا واحشرنی فی
زمرۃ المساکین یعنی اے اللہ مجھے فقیری میں زندہ رکھ
فقیری کی حالت میں دنیا سے اٹھا اور فقیروں کے زمرہ میں
میرا حشر فرما۔ فقر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ لگا ہوا
تھا کبھی جدا نہ ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ جیسا کہ پانی کی رو اپنے منتہا
کی طرف دوڑتی ہے اس سے کہیں زیادہ تیزی سے فقر اس
شخص کی طرف دوڑتا ہے جو مجھ سے محبت رکھتا ہے۔

اسی لئے شمیم گلستان تاج محبان زبدۃ العارفین
اعلیحضرت رکن الدین شاہ سید محمد ابوالحسن قادری قربی قدس
سرہ العزیز اپنی زندگی کو فقر سے آراستہ و پیراستہ کر لیا تھا۔
آپ علیہ الرحمۃ کی مبارک زندگی بقول ابن جلاء "فقر
وہ ہے کہ تیرے واسطے کچھ نہ ہو اگر تیرے پاس کچھ ہو تو
تیرے واسطے نہ ہو" کا نمونہ تھی۔ کیونکہ آپ دوحۂ مصطفوی
کے میوہ تھے اور فقر آپ کی خاندانی میراث تھی۔ آپ کی
زندگی تصوف کے رمزوں اور اصولوں کا خزانہ اور فقر کی
علامتوں کا ٹھکانہ تھی۔

پہلا رمز جو آپ کی زندگی میں پایا جاتا تھا وہ یہ ہے
جیسا کہ حضرت شبلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا
الفقیر من لا یستغنی بشیئ دون اللہ یعنی فقیر
اللہ عزوجل کے بغیر آرام نہیں پا سکتا۔ اس کو بجز اسکی
ذات کے کوئی مطلوب نہیں۔ حضرت قربی قدس سرہ
العزیز کی زندگی بھی تقویٰ و پرہیزگاری سے معمور تھی۔
آپ کا مطلوب و مقصود خدائے تعالیٰ کی ذات تھی۔ آپ
پابند شریعت تھے۔ آپکے فرزند طیب اقبال قدوۃ السالکین
اعلیحضرت محی الدین سید شاہ عبد اللطیف قادری ذوقی
قدس سرہ العزیز سید لطف اللہ اور سید عمر سے
النشاء عقائد ذوقی میں نقل فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ
ابوالحسن قادری قربی قدس سرہ ۱۳۱۸ھ میں بمقام
میراج ہالہ تشریف لے گئے اور ہم دونوں آپ کے ہمراہ تھے
ایک دن وہاں ناشتہ کرنے کے بعد آپ کو قے آنے لگی
یہاں تک کہ آپ بیہوش ہو گئے۔ ہم لوگ آپ کے نزدیک تھے
لیکن آپ کو قطعی خبر نہیں تھی۔ یہاں تک کہ ظہر کا وقت
آگیا۔ آپ ہوش میں آئے پوچھا کیا ظہر کا وقت ہے۔ ہم نے
کہا ہاں فرمایا ہمیں بٹھاؤ۔ ہم لوگوں نے بٹھا دیا۔ آپ نے

بیٹھکر نماز ادا فرمائی۔ پھر کہا لٹا دو۔ ہم نے لٹا دیا۔ اسطرح آپ ہر نماز کے وقت ہوش میں آتے رہے اور نمازیں ادا کرتے رہے۔ حالانکہ آپ انتہائی تکلیف میں تھے۔ نیز آپنے مرض الموت میں اٹھنے بیٹھنے کی طاقت نہ ہونے کے باوجود اشاروں سے نماز ادا کرتے رہے۔ آپنے علم پر عمل کیا اور علم کا حق علم کو دیا اور عمل کا حق عمل کو دیا۔ خدا کی خوشنودی حاصل کی خدائے تعالیٰ نے آپ کو اسی کمال اتباع نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور پابندی شریعت مطہرہ کی وجہ سے آپ کو مرتبہ غوثیت پر فائز فرمایا تھا۔ حضرت رویم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں مِنْ نَعْتِ الفقیر حفظ سرّہ وصیانۃ لنفسہ واداء فریضتہ۔ حضرت قربی قدس سرہ العزیز کی مبارک زندگی اس قول کی آئینہ دار تھی۔

دوسرا رمز آپکی حیات طیبہ میں یہ پایا جاتا تھا کہ حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا تمام مال راہ خدا میں خرچ کر دیا تھا۔ ویسے ہی آپ بھی سخاوت کو پسند فرماتے تھے۔ آپ کی بخشش وعطا کا یہ عالم تھا کہ کوئی سائل آپکے در سے محروم نہیں گیا۔ حالانکہ ظاہراً آپ کی معاشی حالت بہتر ہونے کی کچھ علامت نہیں تھی، اس کے باوجود آپکے جود وسخا میں کبھی فرق نہیں آیا۔ چنانچہ حضرت باقرآ گاہ اپنی کتاب تحفۃ الاحسن میں لکھتے ہیں، سخاوت ایشاں بمشابہ ایست کہ ہیچ سائل از درگاہ ایشاں محروم نرود۔ یعنی آپ کی سخاوت کا یہ عالم تھا کہ کوئی آپ کی بارگاہ سے محروم نہیں گیا۔ ابو الحسن نوری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں نعت الفقیر السکوت عند العدم والبذل عند الوجود وقال ایضا الاضطراب عند الوجود (یعنی فقیری کا وصف یہ ہے کہ میسر نہ ہونے کے وقت سکوت اختیار کرے اور پائے جانے کے وقت خرچ کرے نیز آپنے فرمایا پائے جانے کی صورت میں مضطرب ہو جائے۔ غرض حضرت قربی قدس سرہ العزیز نے کبھی کچھ جمع نہیں کیا، اور جو بھی آتا خیرات کر دیتے تھے اور آپ خلق خدا سے مستغنی اور ان کی جاہ و دولت سے بے نیاز تھے۔ تاریخ شاہد ہے کہ اکبر تبہ نواب والا جاہ حضرت کی خدمت میں جاگیر کا پروانہ لئے حاضر ہوئے اور بہت کوشش کی کہ آپ قبول کرلیں لیکن آپ یہ کہتے ہوئے رد فرما دیا ؎

شاہی و ملک شاہی قربی جوئی نسنجد
در ملک فقر دستی بالاست بوریا را

اسی طرح اکبر تبہ نواب حیدر جنگ نے ایکہزار روپے بھیجکر حیدرآباد آنے کی درخواست کی مگر آپ نے وہاں جانا گوارا نہ فرمایا۔

تیسرا رمز یہ حضرت سریانی فرماتے ہیں افضل المقامات اعتقاد الصبر علی الفقر یعنی فقر پر صبر کرنا افضل مقامات میں سے ہے اس لئے صوفیائے کرام نے شکر کے ہاتھوں سے صبر کا استقبال کیا۔ صبر سے فقر پر قائم رہنا خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا باعث ہے۔ حضرت قربی قدس سرہ العزیز نے اپنی زندگی میں شیعوں کے ظلم سے بہت صبر کیا۔ آپکا

صبر انتہائی درجہ کا تھا۔ ایک مرتبہ حسن امام خاں اور مرتضیٰ خاں نامی دو شخص جو کٹر شیعہ تھے حضرت قربی قدس سرہٗ کو قتل کرنے کے لئے چار آدمیوں کو مقرر کیا۔ یہ چاروں گھات میں تھے کہ حضرت کو قتل کر ڈالیں۔ ابھی دو تین دن بھی نہیں گذرے تھے کہ خدا کی مار پڑی۔ ان میں سے ایک مر گیا اور باقی تین دیوانے ہو گئے۔ اسی لئے حضرت شبلی علیہ الرحمہ نے فرمایا۔ اَلْفَقْرُ بَحْرُ الْبَلَاءِ وَبَلَاءُہٗ کُلُّہٗ عِزٌّ یعنی فقر مصیبتوں کا دریا ہوتا ہے اور فقر کی تمام مصیبتیں عزت ہیں۔

چوتھا رمز یہ ہے جیسا کہ حضرت یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ارشاد فرمایا "علامۃ الفقر خوف الفقر" یعنی فقر کی علامت یہ ہے کہ بندہ ولایت کے کمال، مشاہدہ کے قیام اور صفت کے فنا میں زوال اور قطعیت سے خوف کرتا رہے۔ حضرت قربی قدس سرہ العزیز نے اسی اصول کو اپنایا اور قربیت خداوندی میں لگے رہے۔ کیونکہ جب بندہ ہر وقت اور ہر حال قرب الٰہی کے حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے بڑھکر قرب چاہتا ہے۔

حاصل کلام حضرت قربی قدس سرہ العزیز کی شخصیت جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے، جامع الکمالات تھی۔ آپ نے اسوۂ حسنہ کی کامل اتباع کی اور دوسروں کو بھی اس پر گامزن ہونے کی تعلیم دیتے رہے۔ آپ کی ذات والا صفات اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ کا مصداق تھی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان مقدس شخصیتوں کی پاکیزہ زندگیوں کے طفیل سے دارین کی سرخروئی عطا فرمائے، آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

۴۸۶/۹۴

صوفیائے کرام اور اردو

از خامۂ بشیر الحق قریشی لطیفی دھونی زمرۂ عالم
(ادیب فاضل مدراس یونیورسٹی)

اردو کا وہ دور تقریباً ختم ہونے آرہا ہے جس میں وہ کسی خاص طبقہ اور کسی خاص علاقہ کی زبان سمجھی جارہی تھی۔ آج اس کے حسن تاباں کے ہر سُو بکھرتے ہوئے جلوے، اور نئے نئے فنکار، مایۂ ناز ادیب، اُبھرتے ہوئے عدیم المثال انشاپرداز، انقلاب انگیز شاعر اور اس میں منتقل ہونے والا عصری علوم وفنون کا ذخیرہ، اور اعلیٰ شاعری کا بڑھتا ہوا انبار سبھی یہ بشارت سنا رہے ہیں کہ آئندہ اردو کی زندگی میں ایک زرین اور عہد آفریں دور کا آغاز ہوگا۔ خدا کرے یہ حسین خواب شرمندۂ تعبیر ہوئے اردو ترقی کی اس اعلیٰ سطح پر اپنے قدم جما بھی دے لیکن کبھی اپنے ان ادیبوں، شاعروں کو بھلا نہیں سکتی جنھوں نے اسے کس مپرسی اور کمزوری کے عالم میں گلے لگایا اور سنوارا، نکھارا۔ ایک حسین رُوپ بخشا۔

تاریخ زبان وادب اُردو میں صوفیائے کرام کی خدمات اس نکتۂ نظر سے بڑی اہمیت کی حامل ہیں کہ انہوں نے ایسے وقت اور ایسے ماحول میں اردو کا ہاتھ تھاما جبکہ ہندوستان میں فارسی کا طوطی بول رہا تھا اور اس تھی یا یہ زبان میں شعر کہنا کچھ لکھنا۔ حتیٰ کہ کلام کرنے کو بھی علمی طبقہ اپنی کسر شان تصور کر رہا تھا، ایسی فضا میں ان بزرگوں نے اردو میں شعر وسخن کا آغاز کیا اور نثر میں بھی رسالے لکھے جس کی وجہ سے صوفیائے کرام ہی کو اُردو کے پہلے شاعر اور نثر نگار ہونے کا فخر حاصل ہے۔

اس کا ہمیں بھی اعتراف ہے کہ صوفیائے کرام کا مقصد اردو زبان اور ادب کا فروغ نہ تھا لیکن اردو کے حق میں انکی یہی خدمت کیا کم ہے کہ انہوں نے تبلیغ واشاعت دین کے لئے اردو کو ذریعہ بنایا جسکی وجہ سے یہ زبان پھیلی اور پھولی اور بالخصوص یہ صوفیائے کرام ہی کا صدقہ ہے کہ اہل علم جو اردو کے ساتھ عدم التفات اور سرد مہری کا ثبوت دے رہے تھے۔ ان ہی بزرگوں کا دیکھا دیکھی اس زبان کی جانب مائل ہوتے چلے اور اپنی گراں قدر علمی تصانیف کا ذخیرہ اس میں منتقل کرنا شروع کیا۔ اس طرح عوام کے ساتھ خواص بھی رفتہ رفتہ اردو کے قافلے سے منسلک ہوتے چلے گئے۔

حاصل کلام صوفیائے کرام کا مقصد خواہ کچھ بھی ہو اس سے ہمیں مقصد نہیں لیکن ان کی ذات سے اردو زبان کو جو بے پایاں فیض حاصل ہوا ہے اس کی جانب اگر نظر کی جائے تو صوفیائے کرام کو اُردو کے

محسن ہی خیال کرنا پڑیگا۔ اور کبھی ان کی خدمات سے،
انکار نہیں کیا جا سکتا۔ سال گذشتہ سے اس کام کا بیڑا اٹھایا
گیا ہے کہ اردو زبان اور ادب میں صوفیائے کرام کی خدمات
کو مستقل علیحدہ نکال کر دکھایا جائے۔ چنانچہ یہ قسط بھی اسی
سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جتنے بھی صوفیاء کا تذکرہ کیا گیا ہے
ان کے درمیان دَور اور تاریخی تسلسل لسانی اور ادبی خدمت
کی ترتیب کا لحاظ نہیں ہے، انشاء اللہ جسکی تلافی پھر کبھی کی
جائے گی مضمون میں صوفیائے کرام کو صرف اُردو زبان کے
شاعر اور ادیب کی حیثیت سے دکھایا گیا ہے۔ یہاں ان کا
تصوف، علمی پایہ، فضائل و مناقب، مذہبی خدمات، دیگر زبان
کی شعری اور نثری خدمات زیر بحث نہیں ہے۔ اگر ان کے نمایاں
کارناموں اور ان کی شخصیتوں کی رنگینیوں اور وسعتوں کو گھیر
لیا جائے تو ہر صوفی پر ایک مستقل کتاب کی ضرورت محسوس
ہو رہی ہے۔ تاہم ان کی زندگیوں کی خفیف سی جھلکیاں پیش
کر دی گئی ہیں تاکہ ان کی شاعری اور ادب کے سمجھنے میں مدد
مل سکے۔ کیونکہ ادب پر زندگی کی چھاپ بہت گہری پڑتی ہے

حضرت شاہ امین الدین علی رحمۃ اللہ علیہ

آپ اردو کے بلند پایہ شاعر اور مصنف حضرت برہان الدین
جانمؒ کے صاحبزادے تھے۔ آپ کا صحیح نام برہان الدین علی ہے۔
جس کی تصدیق آپ کے مرید ترابؔ علی شاہ کے ان شعروں سے ہوتی ہے

تراب اپنے تو مرشد کی صفت کر — حسینی پیر ہے ثانی حیدر
اس کا نام امین الدین علی ہے — دیکھو بر حق او خدا کا ولی ہے

آپ بطن مادر ہی میں جلوہ افروز تھے کہ والد ماجد
نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ حضرت جانمؒ وفات کے قریب
اپنی اہلیہ کو ٹوپی دیتے ہوئے یہ بشارت سنائی کہ تمہیں
لڑکا تولد ہوگا میری ٹوپی اس کے حوالہ کر دینا۔ یہ خرقۂ
خلافت ہے۔ حضرت امین الدین چند دنوں کے بعد اس
عالم رنگ و بو میں تشریف لائے اور جب عہد شباب میں قدم
رکھا تو والد بزرگوار کی عطا کردہ ٹوپی جو خرقۂ خلافت ہے،
حضرت شاہ عطاء اللہ حسینی کے دست مبارک سے پہنا
اور مسند درس و تدریس پر فائز ہوئے اور زندگی بھر
خلق خدا کی خدمت کرتے رہے۔ آپ ایک خدا ترس بزرگ
تھے۔ علوم ظاہری کے علاوہ تصوف میں آپ کو صدر درجہ
کمال حاصل تھا۔ ان گنت لوگوں نے آپ کے دست فیض
رساں پر بیعت کیا۔ آپ کے مریدین اور خلفاء میں سب سے
زیادہ شہرت یافتہ یہ حضرات ہیں۔ حضرت میراں جیؒ خدا نما
حضرت سید ہاشم بیجاپوری عرف خداوندا دی۔ حضرت
شاہ عبدالقادر لنگر ہند۔ آپ کا سن وفات ۱۰۸۶ھ
ہے۔ مولوی عبدالحق مرحوم نے مادہ تاریخ "ختم ولی" بتلایا ہے۔
آپ ایک بہترین شاعر اور مصنف گزرے ہیں۔
شاعری سے آپ کو بہت لگاؤ تھا۔ چنانچہ اپنا تخلص امینؔ
فرماتے تھے۔ آپ کا کلام حقائق و معارف سے لبریز ہے۔
نثر میں بھی آپ نے رسالے تصنیف فرمایا ہے۔ اب تک آپ
کی ان تصانیف کا پتہ چلا ہے۔

رسالہ قربیہ۔ ذکر نامہ۔ وجود نامہ

چکی نامہ ۔ محبت نامہ ۔ نور نامہ ۔ نظم وجودیہ ۔ رموز السالکین ۔ رموز العارفین گفتار شاہ امین ۔ گنج مخفی ۔

حضرت امینؒ نے نظم کے علاوہ قصیدہ ۔ مثنوی، غزل، دوہے وغیرہ میں بھی طبع آزمائی کی ہے ۔ قصیدہ کے دو شعر ملاحظہ ہوں، جو عاشقانہ رنگ سے بھرپور ہیں ۔

قمر بن نین تیرے ساحر ہوے ہمن کوں
گمراہ کر بلاوے قوس و قزح بھوں کوں

دنداں مثال بجلیاں رخشاں کلام کرتیں
زہرہ دھرے نہ دیدہ خوبیں تجھاوے کوں

حضرت امینؒ میدانِ غزل میں :۔

نیا شبنم جز تو اے رعنا میخے کی جالتا آجے
دلم پُر خوں جگر فاسد تبھی تجھ مہر آتا نہیں

محض فریادی دارم کہ تجھ سنگ میل آچھے کوں
امینؒ گو یدبیان ہجر بن ساقی تیار آئیں

دوہے حضرت موصوف نے بیت لکھا ہے نمونہ ملاحظہ ہو :۔

مرنا ہار، جیونا بسار ۔ جیونا ہار، مرنا بسار
سو دہ سر سجن کی دیکھ بچار ۔ لال سر سجن دیکھن پاوے

نمونۂ نثر :۔

اللہ تعالیٰ گنج مخفی کو عیاں کرنا چاہا تو اول اس میں سوں ایک نظر نکلی، سو اس سے اپیں دیکھ ہوا ۔ اپیں شاید کہتے ہیں ۔ یو دونوں ذات کے دو طور رہیں ۔ ذات نے اپس کو دیکھا ۔ اسے نظر کہتے ہیں، دیکھ کر گواہی دیا ۔ تو اُسے شاھد کہتے ہیں ۔ یہ تینوں مرتبے ذات کے ہیں ۔

آپ کے کلام میں سادگی اور سلاست نہیں پائی جاتی ہے بلکہ عربی و فارسی کے ثقیل الفاظ اور غیر مانوس ترکیبیں کی ہر جگہ کثرت سے ملتے ہیں ۔ اسکی وجہ صاف ہے زبان ابھی ابتدائی منازل طے کر رہی ہے ۔ تاہم آپ کی نثر، نظم کے مقابلے میں کافی ترقی نظر آتی ہے ۔ قدرے پاکیزگی اور صفائی آچکی ہے ۔ حضرت امینؒ کا کلام ادبی حیثیت سے نہ سہی لسانی حیثیت سے قابل قدر ہے ۔ آپ کی تصانیف کتبخانہ جامعہ عثمانیہ، سنٹرل لائبریری حیدرآباد میں موجود ہیں ۔

حضرت حسینی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امین الدین علیؒ کے فیوض و برکات میں سے یہ بات قابل ذکر ہے کہ حضرت موصوف کی ہمنشینی اور صحبت سے اچھے اچھے شاعر اور مصنف پیدا ہوے ۔ حضرت امین صاحب خود بھی ایک بہترین شاعر اور مصنف تھے ۔ یہی چیز ان کے مریدوں میں بھی کافی سرایت کر گئی ۔ اور یہ حضرت نے بھی تصنیف و تالیف کی روش اختیار کی جس سے اردو کو وسعت نصیب ہوی ۔ سید حسینی شاہ صاحب حضرت امین الدینؒ کے مرید تھے آپ کا اسم گرامی سید میراں حسینی شاہ ہے اور لقب خدا نما ۔ آپ سلطان عبداللہ قطب شاہ کے دورِ حکومت میں شاہی ملازم تھے ۔ چنانچہ سرکاری دورہ پہ بیجاپور تشریف لے گئے ۔ حسن اتفاق وہاں آپ کی ملاقات حضرت امین الدین سے

ہوی اور آپ وہیں حضرت امین کی خدمت میں رہنے لگے اور تھوڑے ہی عرصہ میں کامل صوفی بن گئے اور حضرت کے دست اقدس پر بیعت کی۔ اور خرقہ خلافت بھی حاصل کیا۔ اس کے بعد حیدرآباد تشریف لے گئے۔

اب سید میراں وہ شاہی ملازم تھے، حضرت امین کے فیض باطنی سے آپ کی زندگی اور خیالات میں عظیم انقلاب آچکا تھا۔ چنانچہ حیدرآباد فروکش ہونے کے بعد سرکاری ملازمت کو ٹھکرادی اور رشد و ہدایت میں ہمہ تن مصروف ہوگئے۔ اور تادمِ زیست خلق خدا کو خالق کی معرفت سے روشناس کراتے رہے۔ سنہ ۱۰۸۰ھ میں آپ کی روح پُرفتوح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ شہر حیدرآباد میں آپ کا مزار شریف زیارت گاہِ خاص و عام ہے۔

حضرت میراں صاحب کا اشہب قلم میدان نظم و نثر دونوں میں رواں دواں ہے۔ آپ کی شاعری کا پیمانہ بھی تصوف سے لبریز ہے۔ نظم میں آپ کی کتاب "بشارت الانوار" ہے۔ آپکا سرمایہ شعر، نظم، مثنوی، غزل پر مشتمل ہے۔ نثر میں بھی آپ کئی رسالوں کے مصنف ہیں۔ آپ کی بہترین نثری تخلیق "شرح تمہید ہمدانی" ہے، جو عربی زبان میں تصوف کی بہترین کتاب "تمہیدات عین القضات" کا ترجمہ ہے۔

نمونۂ شعر

بندہ کہوں تو شرک کتے حق کہوں تو کفر
بولو تو ازبرائے خدا کس رضا اچھوں
ناداں کے طعن ستے عارف کوں کیا خطر
نامحرموں کوں بولتا بے دغدغا اچھوں

سب شئی میں ہست اس کا نا کے ہے قصد کس کا
جوں دود میں ہے مکانت ہست رہ توں میراں

نمونۂ نثر

اگر عشق خالق نداری بارے
عشق مخلوقے مہیا کن۔ اس کا معنا
خدا کی پچھانت کابل نہیں تو اپنی پچھانت کر۔ سوائے بات یوں ہے کہ آفتاب کا ذات نوازنہارا ہے اور اس کا اجالا جالنہارا ہے یعنی دو مست سو نوازنہارا ہور خوبیاں دینہارا۔

آپ کی نثر، نظم کے مقابلے میں قدرے صاف نظر آرہی ہے لیکن ادبی حیثیت نہیں دی جاسکتی۔

حضرت بحری رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسم گرامی محمود تھا۔ آپ کے والد قاضی بحرالدین ہیں۔ اسی مناسبت سے حضرت محمود نے بحری تخلص اختیار کیا۔ آپ کے والد ماجد ایک زبردست عالم اور پیر طریقت گذرے ہیں۔ حضرت بحری کا سلسلۂ نسب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے جا ملتا ہے۔ آپ کا وطن گوگی ہے، جو ضلع گلبرگہ کا ایک قصبہ ہے۔ حضرت بحری کی صحیح تاریخ پیدائش معلوم نہ ہوسکی۔ بعض تذکرہ نویس سنہ ۱۰۴۲ھ کے قریب قرار دیتے ہیں لیکن نصیرالدین ہاشمی کا قیاس درست معلوم ہوتا ہے۔ موصوف سنہ ۱۰۳۰ھ قرار دینا بہتر سمجھتے ہیں کیونکہ حضرت بحری ایک سو سال قید حیات میں رہے۔ آپ علم شریعت کے ساتھ تصوف و عرفان میں

بھی یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔ آپ کو زبردست اور باکمال بزرگوں
کی صحبت میسر آئی۔ جن کے فیضانِ صحبت سے حضرت بحریؒ کی
زندگی بھی عارفانہ رنگ اختیار کی۔ آپ کو دو تین سلسلوں سے
خرقۂ خلافت و بیعت حاصل ہے۔ چنانچہ آپ نے سلسلہ قادریہ کے
بزرگ حضرت شاہ باقرؒ کے ہاتھوں پر بیعت کی اور خلافت
نامہ حاصل کیا۔ ان کے علاوہ اپنے ہی والد ماجد کے ہاتھوں
پر بیعت کی اور سندِ خلافت و اجازت حاصل کی۔ یہ سلسلۂ
چشتیہ ہے۔ ان دو رشتوں سے حضرت بحری قادری اور چشتی ہیں۔

بیجاپور کے آخری فرماں روا سکندر عادل شاہ ان
کا بڑا معتقد تھا۔ تحائف کے علاوہ جاگیر بھی مرحمت فرمائی تھی۔
عالمگیر کے فتح بیجاپور کے چند سال پہلے بیجاپور سے حیدرآباد
روانہ ہوئے۔ پھر اپنے وطن "گوگی" آکر گوشہ نشین ہو گئے۔
عالمگیر سے یہیں ملاقات ہوئی۔ کہتے ہیں کہ لوگوں نے عالمگیر کو
باور کرا دیا تھا کہ بحری بھنگ پیتے ہیں۔ عالمگیر حاضر ہوا تو انہوں
نے قصداً بھنگ کا پیالہ منگوایا۔ عالمگیر نے اس کو دیکھا
کہ وہ در اصل دودھ ہوگیا ہے۔ انہوں نے عالمگیر کی مدح
بھی کی۔ (مقدمہ من لگن مطبوعہ انجمن ترقی اردو کراچی)

حضرت بحریؒ ایک سو سال کی عمر پانے کے بعد گلزار
ہست و بود سے راہ گذار عالم بقا ہوگئے۔ کرناٹک کے قصبہ
"گوگی" جو آپ کا وطن بھی ہے وہیں سپرد خاک کیا گیا۔ حضرت
بحری کا انتقال ۱۱۳۰ھ میں ہوا۔ قطعۂ تاریخ کا آخری شعر ہے۔

گوش کردم ندائے رحلت او
داخل مجلس رسول اللہ

حضرت بحریؒ نے خوب شعر کہا ہے لیکن افسوس
آپ کی تصانیف ضائع ہوگئیں۔ نصیر الدین ہاشمی نے لکھا
ہے کہ آپ کی تصانیف کا بڑا ذخیرہ راستہ میں چوروں نے
لوٹ لیا جن میں مال و متاع کے ساتھ تمام کلام جو دکھنی
اور فارسی پر مشتمل تھا پچاس ہزار شعر تھے تلف ہوگئے۔

حضرت بحریؒ کو شعر و سخن سے فطری لگاؤ تھا
بے حساب اشعار آپ کی نوکِ قلم سے وجود پذیر ہوئے۔ آپ
کی شاعری دو مختلف چیزوں کی حامل ہے۔ ابتدا میں ایک
عرصہ تک حضرت بحری رند مشرب رہے ہیں جیسا کہ خود
فرماتے ہیں۔

چالیس برس بھی تھی مستی
یوں عشق ہوا شاہداں پرستی

افسوس آپ کا شعری ذخیرہ دستبرد زمانہ ہو کر تلف
ہوگیا۔ ظاہر ہے کہ اس وقت آپ کی شاعری، ساغر و مینا
صہبا و ساقی، گل و بلبل کا دفتر رہی ہوگی۔ لیکن بعد میں
حضرت بحری کی زندگی میں تحیر خیز تبدیلی رونما ہوئی۔
اور آپ رند مشرب سے صاحب شریعت و طریقت بن گئے
مذاقِ سخن کی اس اہم تبدیلی پر آپ کی شاعری کو دو
دور میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

اردو کے اس مایہ ناز اور پرنغز گو شاعر
کی یادگار ایک کلیات ہے جس کو ڈاکٹر حفیظ سید نے
مرتب کیا ہے۔ اس کے علاوہ دو مثنویاں بھی ہیں۔
ایک "من لگن" ہے جو انجمن ترقی اردو کراچی کی جانب سے

جناب سخاوت مرزا نے مرتب کیا ہے۔ دوسری مثنوی،
"بھنگ نامہ" ہے جو ابھی زیور طباعت سے آراستہ نہ
ہوسکی۔ کتب خانہ سالار جنگ اور ادارۂ ادبیات اُردو
حیدرآباد میں موجود ہے۔

نمونۂ شعر چال کرآئی چنچل اس چال ہور چھب کوں سلام
پٹ پٹاتے لب ہور اس کے مطلب کوں سلام

— × —

پنیا ہے مل شراب قیلیاں سوں رات دن
گر محبت دھرے تو کہو کس سوں بولنا

— × —

مرثیہ گلزار گلستاں بنے غم تے ہو چاک چاک
روتا ہے ہر شجر نہ کہ شبنم تے غم ہوا

دل جل کے راکھ کیوں نہ ہوا چھن کے بن بنے
جنوں کہ چنار غم کی اگن کا اگم ہوا

بحری مدام شاہ کے ماتم ہیں یو گلے
جوں چاند آسماں پہ گل گل کے کم ہوا

مثنوی

او سب ہور واحد کیا
اور عارف ہور شاہد کیا
یوں دونوں کیوں مٹ جانا
نور اس کے اگل پانا

حضرت بحریؔ نے غزل، مثنوی، مرثیہ تینوں
اصناف سخن ہیں شعر کہا ہے۔ آپ کے مراثی تاریخی حیثیت کے
حامل ہیں۔ حضرت موصوف نے مراثی میں غم کی سچی تصویریں

کھینچی ہیں جو دوسرے ہمعصر شعراء میں قریباً ناپید ہے
سوز و گداز سے مراثی بھرپور ہیں۔ اگر قدیم دکھنی الفاظ
کو آپ کے کلام سے نکال دیا جائے تو کلام میں بے حد
صفائی اور سلاست محسوس ہوگی اور غم و الم کا احساس
بھی ہوگا۔ صرف غیر مانوس اور دکھنی الفاظ اکثر مفہوم
کو سمجھنے اور لذت حاصل کرنے میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔

حضرت محویؔ رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسم گرامی سید شاہ ابوالحسن قادری ہے
اور آپ حضرت محویؔ سے مشہور ہیں۔ آپ کے والد ماجد
حضرت محی الدین سید شاہ عبداللطیف قادری ذوقیؔ
علیہ الرحمہ ہیں جو اردو کے بہترین شاعر اور مصنف گذرے
ہیں (جن کا تذکرہ گذشتہ قسط میں ہو چکا ہے) آپ کی
والدہ ماجدہ کا نام سکینہ بی بی بنت عبدالعلی بیجاپوری
ہے۔ آپ کی ولادت باسعادت ۲۷ر شعبان ۱۱۸۶ھ کو
دوشنبہ کے روز ہوی تحصیل علم کا ذوق عہد طفولیت
ہی سے دامنگیر رہا۔ اسی شوق نے سفر مدراس پہ آمادہ
کیا۔ چنانچہ آپ مدراس میں کل بارہ سال رہائش پذیر
رہے اور جملہ علوم و فنون میں مختلف اساتذۂ روزگار
سے کامل دستگاہ حاصل کی۔ مدراس سے واپس ہو
کر آپ اپنے وطن ویلور تشریف لائے اور یہیں آخر
دم تک مخلوق کی ہدایت و رہنمائی کرتے رہے۔
حضرت محویؔ کو اسلامیات کے اندر خوب

درک حاصل تھا۔ اور علم طب میں بھی ملکہ رکھتے تھے۔ کہا
جاتا ہے کہ صرف مریض کو دیکھ کر بھانپ لیتے اور دوا
تشخیص فرماتے تھے۔ ان تمام باتوں سے بڑھکر آپ علوم
حقائق و معارف کے زبردست محرم راز تھے۔ آپ کی
ساری زندگی تصوف و عرفان کے سانچہ میں ڈھلی ہوئی تھی۔
اکثر اوقات آپ پر جذب کی کیفیت طاری رہا کرتی تھی۔
لیکن اس کے باوجود خدمتِ خلق میں ہمہ تن مصروف نظر
آتے ہیں۔

حضرت محوؔی بڑے پایہ کے بزرگ کامل صوفی،
بلند پایہ مصنف، خوش بیان شاعر گذرے ہیں۔ عربی و
فارسی ادب پر آپ کی بڑی گہری نظر تھی۔ چنانچہ آپ
کی تصانیف اس دعوی کی مظہر ہیں۔

حضرت عبدالحی چنگوری خلیفہ حضرت قطب ویلور
قدس سرہٗ مصنف "مطلع النور" و "جنان السبیر" کے یہ اشعار جو
موصوف نے حضرت محوؔی کے علم و فضل کے متعلق لکھا ہے آپ کی
شخصیت کی من وعن تفسیر ہے۔

اختر اوج عزت و اجلال — گوہر بحر علم و فضل و کمال
رہنمائے سالکِ تلوین — مسند آرائے درجۂ تمکین
رازدان رہ عروج و نزول — عارج نردبانِ قرب و وصول
صاحبِ کشف و جذبۂ عرفاں — شرف عارفین و قطب زماں
ذوالفضائل کریم ابن کریم — صاحب جود و بحرِ فیض عمیم
گنج سرمایۂ خدا دانی
جس کو کہتے ہیں بوالحسن ثانی

حضرت محوؔی ۲۶ رجمادی الاخری ۱۲۴۳ھ دوشنبہ
کو راہی ملک بقا ہو گئے۔ آپ کا مزار شریف اپنے خاندانی
گنبد کے اندر جدِ امجد کے پہلو میں ہے۔ اس روضہ پر و در اور
دیدہ زیب قبہ کی دیوار پر یہ حسرتناک قطعۂ تاریخ چسپاں ہے۔

شد از طاق رخصت رواں بوالحسن
پئے سیر در روضۂ جاوداں
در آمد بمغرب سر آفتاب
چہ گویم سنش غاب قطب الزماں
۱۲۴۳ھ

حضرت محوؔی اُردو زبان کے بہترین شاعر اور
مصنف تھے۔ آپ کو شعر گوئی پر کامل قدرت تھی لیکن افسوس
اس امر کا ہے کہ اُردو کے اس قابلِ فخر شاعر اور نثر نگار کا
کلام گوشۂ گمنامی میں پڑا ہے۔ صرف چند غزلیں آپ کی یادگار
رہ گئی ہیں، جو عارفانہ رنگ میں کہی گئی ہیں۔ آپ نے نثر میں
بھی رسالے لکھا ہے، جو مسائل تصوف سے بھرپور ہیں۔ حضرت
محوؔی کی نثر نگاری کی یہ خصوصیت ہے کہ دقیق سے دقیق
اور پیچیدہ مسائل کو بھی آپ نے اس عمدگی سے سلجھایا ہے
کہ قلم تعریف سے قاصر ہے۔ بالخصوص ایسی زبان میں علمی
مسائل کی موشگافیاں جس کا دامن تنگ ہو، یہ کارنامہ
بے حد قابلِ تعریف ہے۔

ادیب خاور رایچوٹی صاحب آپکی فارسی
نثر نگاری پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں، کہ یہی حال آپ
کی دکنی نثر کا ہے۔ ادق سے ادق مسئلہ کو نہایت ہی عمدہ

پیرایہ اور سلجھی ہوئی غیر مغلق عبارت میں اس طرح بیان کرتے ہیں کہ مسئلہ کا پلاٹ تھوڑے غور و فکر کے بعد قاری کے ذہن نشین ہو جاتا ہے۔

حضرت محوی علیہ الرحمہ کا شعری ذخیرہ پردۂ خفا میں ہے۔ البتہ نثر میں آپ کے کئی ایک قلمی رسالے دستیاب ہو چکے ہیں۔ اور وہ تمام کتب خانہ دار العلوم لطیفیہ میں محفوظ ہیں۔ چند رسالوں کے نام درج ذیل ہیں۔ حضرت محوی پر تحقیق جاری ہے۔ ممکن ہے کہ آئندہ آپ کا منظوم کلام نشاط نظر بنے۔ نثر میں بھی ان ہی رسالوں پر اختتام کی مہر نہیں لگائی جا سکتی ہے۔ امکان ہے حضرت موصوف کا مزید نثری کلام ہاتھ آجائے۔

رسالہ در اسمائے ربوبیت الٰہی
از سید ابو الحسن ثانی محوی

تفصیل المراتب فی اطوار المراتب
از سید ابو الحسن ثانی محوی

رسالۂ ذکر ... از سید ابو الحسن ثانی محوی

رسالہ در ذکر وجود از سید ابو الحسن ثانی محوی

رسالہ اسم اللہ از سید ابو الحسن ثانی محوی

رسالہ دربیان عالم ارواح
از سید ابو الحسن ثانی محوی

نمونۂ نثر اے بھائی صوفیہ کی نزدیک مراقبہ کا معنا لحاظ رکھنا حق کا ہے، بیچ حرکات و سکنات کے، او مراقبہ اول مرتبہ ہے۔ مراتب احسان میں کس واسطے کی جب بندہ عبادت کرتا ہے حق کی اعتقاد رکھتا ہوا حق دیکھتا ہے اپنے کوں اس وقت میں او مراقب ہے اس کرم کے نزدیک وہی حالت آئین ہے۔[1]

[1] تفصیل المراتب فی اطوار المراقب

رسالۂ ذکر کا نمونہ ملاحظہ ہو:۔

صوفیہ کرام کے نزدیک ذکر او پر چھ مرتبوں کے ہیں۔ اول مرتبہ ذکر زبان کا، اسے ذکر اللسان بولتے ہیں۔ دوسرا مرتبہ ذکر دل کا اسے ذکر القلب بولتے ہیں۔ تیسرا مرتبہ ذکر جان کا، اسے ذکر الروح بولتے ہیں۔ یہ تین مرتبوں کے ذکر کوں ذکر العبد للہ بولتے ہیں یعنی بندہ کرتا ہے ذکر اللہ کے"۔

حضرت محوی کی نثر کی صفائی، سلاست اور روانی کا کیا کہنا صرف موجودہ رسم الخط میں لکھ دیا جائے تو آج کی نثر کے ساتھ آنکھ ملا سکتی ہے۔ حضرت محوی کی نثر اتنی ترقی یہ ہے کہ اس کو بجا طور پر ادبی حیثیت دی جا سکتی ہے۔ راقم کی نظر سے حضرت محوی کے قلمی رسائل گذرے۔ کئی ایک ایسے مقامات آتے رہے جہاں عقل یہ فتویٰ دے رہی تھی کہ اس شستہ اور صاف زبان کو قدیم دکھنی اردو کا لفظ استعمال کرنا درست نہیں۔ حضرت محوی کی اس نثر سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کی نظم کتنی شستہ اور شگفتہ ہوگی۔ اہل ادب سے یہ بات مخفی نہیں کہ نثر نظم کے مقابلے میں بہت بعد ترقی کی۔ اس لحاظ سے جب آپ کی نثر کا یہ عالم ہے تو نظم کا عالم کیا ہوگا۔

حاصل کلام مختلف دور سے چند صوفیائے کرام کی اردو خدمات پیش کر دی گئی ہیں، انشاء اللہ بقیہ آئندہ۔

یہ بات مسلم ہے کہ اسلام ایک ہمہ گیر مذہب واقع ہوا ہے۔ جہاں اس کے بنیادی اصول نہایت اہمیت کے حامل ہیں وہاں وہ اور زاویوں سے بھی ایک عام انسان کیلئے بہترین نظام حیات ہیں۔

پہلے پہل عباسیوں کے دور میں اسلام کو متکلمین سے واسطہ پڑا اور فلسفہ کو اسلام کا مخالف بنا کر اٹھایا گیا۔ مگر علمائے سلف نے اپنی غیر معمولی ذہانت علمی سے فلسفہ کو اسلام کے موافق بنا گئے اور پھر کسی قسم کے تعریض کی گنجائش نہ چھوڑی اور رفتہ رفتہ فلسفہ کے تمام مسائل حل ہوگئے۔ اور سترھویں صدی کے بعد یعنی یوروپ کی نشأۃ ثانیہ کے بعد جب یوروپ نے اپنے مذہبی لبادہ کو اُتار کر پھینک دیا اور سائنسی میدان میں اُتر گیا تو اس دور میں سائنس کو مذاہب عالم کا حریف تصور کیا جانے لگا۔ اور تقریباً ہر دور میں سائنس کو مذہب کا حریف سمجھا گیا۔ بعض تنگ نظر حضرات اب بھی سائنس کو اسلام کا مخالف سمجھتے ہیں۔ اور نئے نئے سائنسی تحقیقات اور انکشافات کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ آج جو یوروپی ممالک میں اسلامی اصولوں کی سائنسی ریسیرچ ہو رہی ہے اور ہر جگہ صرف اسی مقصد کے خاطر لیبراٹریز کا قیام عمل پذیر ہو رہا ہے، جن سے آئے دن اسلامی اصولوں کی تصدیق سائنسی تحقیق کی روشنی میں کی جا رہی ہے جو اس نے چودہ سو سال قبل دنیا کے سامنے پیش کئے تھے۔ جس سے ایکطرف تو اسلام کی حقانیت واضح تر ہوتی جا رہی ہے اور دوسری طرف وہ افادی عقدے حل ہوتے جا رہے ہیں جو عام لوگوں سے پوشیدہ تھے۔

آج کے دور میں سب سے زیادہ مشکل اور اہم بات یہ ہے کہ مغرب پرست اور جدید طبقے کے لوگ مذہب سے منسلک رہنے میں بوسیدگی اور قدامت پسندی، محسوس کرتے ہیں! اور جدید طبقے کے لوگ تو یہ کہنے سے گریز نہیں کرتے کہ "مذہب میں وہی قدیم باتوں اور بوسیدہ خیالات کے علاوہ رکھا کیا ہے"۔ اور دوسری طرف وہ لوگ ہیں جو اپنی معلومات کے دائرے کو وسیع نہیں کرتے۔ یہ لوگ سائنس کو اور جدید تعلیم کو مذہب کا حریف تصور کرتے ہیں۔ ہم کو چاہیئے کہ سائنس کو متعصبانہ نظر سے نہیں بلکہ اس کو اسلامی اصول اور قرآن و احادیث نبوی ؐ کی روشنی میں دیکھیں تو یہ بات واضح ہو جائیگی کہ آج سائنس اپنی تحقیق و جستجو کے بعد تقریباً وہی باتیں دنیا کے

سامنے پیش کر رہی ہے جس کو اسلام صدیوں قبل بتا دیا ہے۔ یہ بات اور ہے کہ یہ افادی پہلو تحقیق کی روشنی میں عام لوگوں کے سامنے نہ آسکے، مگر آج جب تحقیقی روشنی میں ان اصولوں کی تصدیق ہوتی ہے تو ان اصولوں میں تقدس کا رنگ جھلکنے لگتا ہے۔

بہرکیف اسلام کی ہمہ گیری دیکھیئے، جہاں اسکے بنیادی اصول عقائد، احکامات الٰہی اور سنن نبوی صلعم ایک مسلمان کے لئے عملی حیثیت سے ضروری ہیں، وہاں وہ اور پہلوؤں سے بھی ایک عام انسان کے لئے مکمل ضابطۂ حیات ہیں۔ دنیا کی تاریخ شاہد ہے سترھویں صدی سے قبل یعنی یوروپ کی نشاۃ ثانیہ کے قبل یوروپ میں عام طور پر غسل کو گناہ تصور کیا جاتا تھا۔ نہ ان کے مذہب میں غسل کے حرام ہونے کی کوئی دلیل تھی اور نہ ہی اس کے تحریم کا کوئی فلسفہ۔ بلکہ گردش دور کے ساتھ ان کے معاشرے میں عجیب و غریب عقائد کا رواج ہوتا رہا جس میں یہ عقیدہ بھی بڑی سختی کے ساتھ رائج ہو گیا کہ وہ لوگ غسل کرنے کو گناہ تصور کرنے لگے۔ اور غسل کرنے والے کو اپنے سماج سے اور اپنی برادری سے خارج کرنے لگے۔ برخلاف اس کے اسلام غسل کو نہایت ہی اہمیت کا حامل بتاتا ہے۔ اور محتلم کے لئے غسل کو واجب قرار دیتا ہے اور جمعہ اور عیدین کے غسل کو سنت قرار دیتا ہے اور گذشتہ دور میں سائنسدانوں نے یہ انکشاف کیا کہ غسل صحت کا کفیل ہے جس سے جلدی امراض دفع ہو جاتے ہیں اور دیگر متعدی امراض کا بھی انسداد ہو جاتا ہے۔

اسی طرح اسلام روزے کا حکم دیتا ہے تو اس میں بھی کئی افادی پہلو پوشیدہ ہیں۔ یوں تو تقریباً اکثر ادیان عالم میں روزے کا رواج رہا۔ مگر اس کی عملی صورتیں علیحدہ علیحدہ رہیں لیکن اسلام نے جو عملی صورت پیش کی وہ مکمل ضابطہ یا اصول کے تحت ایک بہترین طبی نقطہ ہے جس کا اعتراف ڈاکٹر کر چکے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ روزہ رکھنے سے انسان کے معدے کی خرابیاں دور ہوتی ہیں، اور اس کی صحت ہمیشہ بہتر رہتی ہے اور اس کے خون کے اجزا و خراب ہونے سے مبرا ہوتے ہیں۔

ایک سائنس دان کا کہنا ہے کہ جس طرح انسان کے اور اعضا کے لئے آرام ضروری ہے، اسی طرح معدے کیلئے بھی ایک مدت تک آرام کی شدید ضرورت ہوتی ہے اور سائنٹفک اصولوں کے تحت ایک مدت متعین کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہر تیرہ ۱۳ روز کے بعد ایک دن معدہ کو ضرور آرام پہنچانا چاہئے یعنی خالی رکھنا چاہئے۔ مذکورہ بالا قول کے مطابق ایک سال میں (تیرہ روز کے بعد ایک روز کے حساب سے) تیس ۳۰ دن ہوتے ہیں یعنی مکمل ایک مہینہ ہوتا ہے۔

اسی طرح اسلام شراب کو حرام قرار دیتا ہے اور اسکی سخت ممانعت کرتا ہے۔ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کو حرام قرار دیکر اس کے

پینے کی ممانعت کر دی تو اسی وقت مدینۂ منورہ میں شراب گھروں کے باہر لاکر پھینک دی گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ شہر کی گلیوں میں شراب اس طرح بہہ گئی جیسے کہ پانی بہتا ہے۔ اور اس کی بدبو کئی دن تک شہر میں باقی رہی۔ بہر کیف یہ حکم بھی کچھ یوں ہی بے معنی نہ تھا۔ بلکہ اس کے پیچھے ایک بہت بڑا افادی نقطہ پوشیدہ تھا۔ ورنہ شراب کے بعض فوائد بھی تھے جن کا اعتراف اسلام بھی کرتا ہے لیکن فوائد کی قلت پر نقصانات کی کثرت غلبہ پا جاتی ہے۔ اسی لئے اسلام نے شراب کو حرام قرار دیا۔ یوں تو کسی مذہب کا بھی آدمی جو مہذب اور نیک ہو شراب کو اچھی چیز تصور نہیں کرتا لیکن اسلام سے قبل کسی بھی مذہب نے شراب کو حرام قرار نہیں دیا۔

آج سائنس کی تحقیق سے یہ بات واضح ہو گئی کہ شراب ایک ضرر رساں چیز ہے کیونکہ انسان کے دو دماغ ہوتے ہیں، ایک تو بڑا دماغ جس کا کام غور و فکر وغیرہ ہوتا ہے اور دوسرا چھوٹا دماغ ہوتا ہے جو بڑے دماغ کے کچھ نیچے واقع ہوتا ہے اور جس کا کام جسمانی اعضاء پر کنٹرول کرنا ہوتا ہے اور شراب پینے کی وجہ سے چھوٹا دماغ ماؤف ہو جاتا ہے، اور اعضاء پر سے اپنا کنٹرول کھو دیتا ہے۔ یہی وجہ ہوتی ہے کہ شرابی بے ساختہ ادھر ادھر لڑکھڑاتا رہتا ہے اور یہاں تک کہ زبان بھی اس کے قابو سے باہر ہو جاتی ہے اور شراب نوشی کے وجہ سے ایک تو وہ خود ایک نقصان عظیم کا حامل بن جاتا ہے اور پھر اسکی لڑکھڑاہٹ اور بے لگام زبان اوروں کو بھی گزند پہنچاتی ہے۔ اسی طرح اسلام خنزیر کے گوشت کو حرام قرار دیتا ہے اور سختی کے ساتھ اس کے استعمال کی ممانعت کرتا ہے۔ آج تک دنیا صرف اتنا جانتی آئی تھی کہ خنزیر کے گوشت میں طاقت کے اجزاء زیادہ پائے جاتے ہیں بہ نسبت اور جانوروں کے گوشت کے۔ اسی لئے عیسائی قوم بڑے ذوق و شوق سے خنزیر کا گوشت کھاتی ہے لیکن حال ہی میں اسکی سائنٹفک تحقیق نے یہ بات واضح کر دی کہ خنزیر کے گوشت میں طاقت کے اجزاء کے علاوہ ایک قسم کے مہلک جراثیم بھی پائے جاتے ہیں۔ جو انسان کو کمزور کر دیتے ہیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ خنزیر کے گوشت کے استعمال سے ایک قسم کے جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں جنکو انگریزی میں (Tape Worme) کہتے ہیں اور جن کا سائنٹفک نام Teania Solium ہے اور اسکے جسم کے تین حصے ہوتے ہیں۔ اوپری حصہ اس کا منہ اور سر ہوتا ہے اور سر میں دو نوک دار کانٹے ہوتے ہیں، جن کو وہ رگوں میں پیوست کر دیتا ہے، اور دوسرا اور تیسرا حصہ اس کا پیٹ ہوتا ہے، ایک Tape Worme مذکر اور مؤنث دونوں بھی ہوتا ہے۔ اور اگر ایک کیڑا بھی جسم میں داخل ہو جائے تو وہ ہزاروں کی تعداد میں جراثیم پیدا کر سکتا ہے۔ بہر کیف جب انسان خنزیر کا گوشت کھاتا ہے تو Tape Worme اس کے معدے میں جنم لیتا ہے اور شریانوں میں سے گذرتے ہوئے اس رگ کے اس دہانے پر اپنے نوک دار کانٹے پیوست کرتا ہے جہاں سے غذائی مادہ ہاضمہ کے بعد

خون بننے کے لئے نکلتا ہے اور وہ عین اس موڑ پر اس مادہ کو کھالیتا ہے، تو خون میں کمی واقع ہوتی ہے اور اس طرح سے انسان کمزور ہو جاتا ہے، اور جب یہ جراثیم انڈے دیتے ہیں تو وہ سیدھے انسانی معدے میں چلے جاتے ہیں اور پھر فضلہ کے ساتھ باہر آجاتے ہیں اور جب فضلہ کو خنزیر کھالیتا ہے تو وہ انڈے اس میں محفوظ ہو جاتے ہیں اور اس کو جب کاٹ کر پکا کر کھایا جاتا ہے تو وہ پھر انسانی معدہ میں آجاتے ہیں۔ ان جراثیم کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ پکنے کے باوجود خراب نہیں ہوتے، بلکہ پکنے کی گرمی اور انسانی گرمی سے اس میں سے بچے نکلتے ہیں، اور پھر ہزاروں کی تعداد میں پھیل جاتے ہیں اور انسان کو کمزور کر دیتے ہیں۔

اسلام میں ختنہ کرنا سنت ہے اور جس پر عمل صدیوں سے چلا آرہا ہے۔ یوں تو یہ سنتِ ابراہیمی ہے لیکن قبل از اسلام یہ چیز مفقود سی ہو گئی تھی۔ لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سنت کو پھر سے زندہ کیا۔ کیونکہ یہ اپنے اندر بہت افادیت رکھتی ہے۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ جس زائد چمڑے کو کاٹا جاتا ہے اگر وہ نہ کاٹا جائے تو لازمی طور پر پیشاب کے چند قطرے یا رطوبت اس میں باقی رہیگی اور جسکی وجہ سے ایک خاص قسم کے جراثیم اس حصہ میں جنم لیتے ہیں اور پھر اسی راہ سے وہ انسانی جسم میں داخل ہو جاتے ہیں اور انسان ایک مہلک بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

عقیدۂ قیامت اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے اور قرآن کریم میں توحید و رسالت کے بعد عقیدۂ قیامت اور روزِ جزا کے اثبات پر جتنا زور دیا گیا ہے، اتنا شاید کسی بات پر زور نہیں دیا گیا ہے اور اس عقیدہ کا استحضار نہایت ضروری اور اہم ہے کیونکہ دنیا سے برائیوں کا خاتمہ اس وقت تک ممکن نہیں جبتک لوگوں کے دلوں میں خوفِ خدا اور خوفِ آخرت نہ سما جائے اور یہ خوفِ خدا ہی ہے جو ایک انسان کو رات کی تاریکی میں بھی ارتکابِ گناہ سے باز رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام ہمیں اس عقیدہ کے استحضار پر بار بار زور دیتا ہے تاکہ دنیا سے برائیوں کا خاتمہ ہو جائے۔ چنانچہ اسی عقیدہ کے اثبات میں قرآن کریم کی بیان کردہ ایک آیت کی تصدیق میں ماڈرن سائنس کی ایک جدید تحقیق ملاحظہ ہو جو اس آیت اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ کی حیرت انگیز طور پر تصدیق و تائید کرتی ہے۔ یعنی جب سورج بے نور ہو جائیگا۔ اور ستارے پراگندہ ہو جائیں گے۔ یہاں سورج کے لئے کُوِّرَتْ کا لفظ لایا گیا جس کے معنی کسی چیز کے بیٹھنے، یا بے نور ہو جانے کے ہیں لیکن سورج کی بے نوری یا خاتمہ کی اصل حقیقت موجودہ سائنٹیفک دور سے قبل مستور رہی چنانچہ سائنس نے جدید تحقیقات کے بعد یہ بات واضح کر دی کہ سورج اور دیگر ستاروں میں جو روشنی اور حرارت پائی جاتی ہے، اس زبردست حرارت و تپش میں ہائیڈروجن گیس جل جل کر ہیلیم گیس میں مسلسل تبدیل ہوتی آرہی ہے، اور ایک دن ایسا ضرور آئے گا کہ سورج میں کی تمام ہائیڈروجن گیس جل جل کر ختم ہو جائے گی اور سورج ایک بے جان

جسم کے مانند ایک طرف کو لڑھک جائے گا۔ اور جدید تحقیقات سے اندازہ لگایا گیا ہے کہ ایک سکنڈ میں سورج کے وزن میں دو ملین یعنی بیس لاکھ ٹن کی کمی واقع ہو رہی ہے۔ یا دوسرے الفاظ میں یوں کہئے کہ چوبیس گھنٹوں میں پونے دو کھرب ٹن کی کمی واقع ہو رہی ہے۔ اس لحاظ سے ایک ایک دن اس کا سارا ایٹمی ایندھن اور ساری توانائی کا خاتمہ لازمی ہے اور پھر قرآنی بیان کے مطابق وہ بے نور ہو جائے گا۔

وَاِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ اور جب ستارے پراگندہ ہو جائیں گے۔ سائنس دانوں اور ماہر فلکیات کا یہ کہنا ہے کہ یہ تمام اجرام یعنی ستارے اور سیارے آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرائیں گے اور پاش پاش ہو جائیں گے۔ اور ساری کائنات تباہ و برباد ہو جائیگی۔ کیونکہ یہ تمام ستارے اپنی قوت کشش کے ذریعہ خلاء میں گردش لگاتے رہتے ہیں۔ اگر ان میں کوئی بھی ستارا اپنی راہ سے ہٹ کر دوسرے ستاروں سے صرف رگڑتا ہوا گذرتا ہے تو اس کے نتیجہ میں چنگاری نکلتی ہے۔ جس کو اکثر رات کے وقت میں دیکھا جا سکتا ہے اور لوگ یہ تصور کرتے ہیں کہ ستارا ٹوٹ کر گر گیا۔ بہر کیف سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ ایک زمانہ آئے گا کہ یہ تمام ستارے اپنی قوت کشش اور توانائی کھو دیں گے اور آپس میں ٹکرا کر پاش پاش ہو جائیں گے اور اس سلسلہ میں امریکی سائنس دان جارج گیمو نے اپنی کتاب " The birth and death of the Sun " میں نہایت تحقیق کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔ بہر حال سورج اور ستاروں کا اختتام دنیا کے اختتام کا

دیباچہ ہے جس کو قرآن صدیوں قبل ہی بتا دیا ہے۔

اسی طرح آب زمزم کی اہمیت اور تقدیس جسکو اسلام صدیوں قبل دنیا کے سامنے پیش کر چکا تھا، لیکن لوگ آب زمزم کو صرف مذہبی تقدس کے رنگ میں دیکھتے آرہے تھے۔ جب ڈاکٹروں نے تحلیلی آلات سے اسکی جانچ پڑتال کی اور اسکی اہمیت کو واضح کر دیا تو مذہبی تقدس کے رنگ کے علاوہ طبی اہمیت کا رنگ بھی چڑھ گیا۔

جدید تحقیق نے ثابت کر دیا کہ آب زمزم میں چند معدنی اجزاء پائے جاتے ہیں جن کے استعمال سے متعدد بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ اور بھوک اور پیاس بھی مٹ جاتی ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا، زمزم کا پانی خوراک ہے شکم سیری کے لئے اور شفا ہے بیماری کے لئے اور ایک دوسری جگہ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں، زمزم جس مقصد کے لئے بھی پیا جائے وہ مقصد پورا ہوتا ہے اگر تم شفا کی نیت سے پیوگے تو اللہ تمھیں شفا بخشیگا اور اگر بھوک مٹانے کی غرض سے پیوگے تو اللہ تمہاری بھوک مٹائے گا اور اگر پیاس بجھانے کی غرض سے پیوگے تو اللہ تمہاری پیاس بجھائے گا۔ اور ایک جگہ اس پانی کی فضیلت میں اس طرح فرماتے ہیں کہ جہنم کی آگ اور زمزم کا پانی دونوں انسانی شکم میں جمع نہیں ہو سکتے۔

آب زمزم مذہبی تقدس کے روپ میں بھی اور ایک طبی نقطۂ نظر سے بھی سراپا رحمت ہے۔ حال ہی میں مصری ڈاکٹروں کی ایک جماعت تحلیلی آلات سے

آبِ زمزم کی تحقیق کرکے یہ انکشاف کرچکی ہے کہ آبِ زمزم میں مندرجۂ ذیل معدنیات پائے جاتے ہیں :-

میگنیشیم سلفیٹ - سوڈیم سلفیٹ - سوڈیم کلورائیڈ کیلشیم کاربونیٹ - پوٹاشیم نائٹریٹ - اور ہائیڈروجن سلفر وغیرہ۔ ان میں سے ہر ایک معدن اپنے اندر ایک خصوصیت رکھتا ہے یعنی کوئی ناتوانائی کو دُور کرتا ہے اور کوئی پیاس کو مٹاتا ہے اور کوئی بھوک کو کم کرتا ہے اور کوئی تھکن کو دُور کرتا ہے اور کوئی اعضاء کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے اور کوئی دمّے کی بیماری کو دُور کرتا ہے۔ الغرض ان کے بہت سے خواص ہیں، بہرحال اس مختصر سے بیان سے قارئین کرام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث میں مزید صداقت محسوس ہوئی ہوگی کہ زمزم ہر اُس مقصد کیلئے ہے جس کیلئے پیا جائے۔

بہرکیف خدائے تعالیٰ کا یہ احسان عظیم ہے کہ ضلالت و گمراہی کی گھٹا ٹوپ تاریکی میں بھٹکی ہوئی انسانیت کی ہدایت کے خاطر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا جنہوں نے بھٹکی ہوئی مخلوق کو راہِ راست پہ لایا اور ان کی دُنیا بھی سنواری اور آخرت کو بھی تابناک کیا اور دنیوی زندگی کے لئے ایک مکمل نظام حیات پیش کیا جس پہ عمل پیرا ہو کر انسان دنیا میں بھی ایک بہترین زندگی گذار سکتا ہے، اور آخرت بھی سنوار سکتا ہے۔

جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں اسلامی احکامات اور اصولوں کی جو منفعتیں ہمارے سامنے آئی ہیں وہ حرفِ آخر نہیں ہیں۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ مزید تحقیقات سے ان کی اور کیا کچھ منفعتیں سامنے آئینگی، اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔

خدائے بزرگ سے دُعا ہے کہ وہ ہم تمام کو نیک توفیق دے اور اسلام کی حقانیت کو سب کے دلوں میں جاگزیں کر دے۔

آمین۔ ثم آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا دولت انسان کو گمراہ کر دیتی ہے؟

از
شیخ محمد حسین گنڈلوی زمرۂ خامسہ
متعلم دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور

ہر دور میں مال و زر دولت و ثروت کو ملک اور قوم کی خوشحالی زندگی کی تعمیر میں ایک اہم اور دنیاوی عنصر کی حیثیت حاصل رہی ہے۔ دولت ایک ایسی شئی ہے جسکو جائز طریقے سے حاصل کرنے کی ہر فرد کو کوشش کرنی چاہئے کیونکہ اسی سے انسان کے خواہ انفرادی ہوں یا اجتماعی امور انجام پاتے ہیں اسکی اہمیت و افادیت کا جائزہ لینے سے قبل اس سوال کا جواب دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آیا دولت انسان کیلئے گمراہی کا باعث ہے، اس کا جواب مطلق اثبات میں دیا جاسکتا ہے اور نہ نفی میں کیونکہ دولت بالذّات اور بنفسہٖ انسان کو گمراہ کرنے والی نہیں ہے بلکہ خود انسان چند ایسی چیزیں اختیار کر لیتا ہے جسکی وجہ سے دولت میں ہلاکت خیز و گمراہ کن اور فاسد عناصر جنم لیتے ہیں اور یہ گندی دولت گمراہی کیلئے ذریعہ بن سکتی ہے مثلاً اس کی محبت و الفت میں خدا اور رسول کو فراموش کر دے۔ انسان دولت ہی کو سب کچھ تصوّر کرلے تو یقیناً ایسی صورت میں دولت انسان کو گمراہ کر دیتی ہے، اگر برعکس دولت کے ساتھ انسان کے دل میں گندے عناصر جمع نہ ہوں تو وہ دولت صرف فرد کے لئے نہیں بلکہ قوم و ملک کے لئے ایک رحمت ثابت ہوتی ہے۔ اسی افادیت کو سامنے رکھ کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا تھا جس شخص کے نزدیک دولت نہیں ہے اس سے خیر کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ حاصل کلام دولت بنفسہٖ خراب اور گمراہ کن چیز نہیں بلکہ اس کا غلط استعمال انسان کو گمراہی کی جانب لیجاتا ہے اور اس کا صحیح اور جائز مصرف خوشنودی رب کا باعث ہوتا ہے مثلاً ایک شخص چند روپیہ کسی حرام اور ناجائز کام پر خرچ کرتا ہے، اور دوسرا چند روپیوں سے فقراء اور مساکین کی ضرورتیں پورا کرتا ہے۔ دونوں جگہ دولت کارفرما ہے اور دولت کے اندر حسن اور قبح کی صفت موجود نہیں ہے بلکہ جس جگہ جس محل میں صرف ہو رہی ہو اس جگہ اور مناسبت سے وہی دولت ایک مقام پہ ثواب کا باعث ہوتی ہے، تو دوسری جگہ عقاب کا سبب بنجاتی ہے۔ جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔

یاایھا الذین اٰمنوا لا تلھیکم اموالکم ولا اولادکم عن ذکر اللہ ومن یفعل ذالک فاولئک ھم الخاسرون یعنے اے مومنو اللہ کے ذکر سے تمہاری دولت اور اولاد غافل نہ کر دے اور جو لوگ اللہ کی یاد سے غافل رہیں وہ خسارے میں ہیں۔

یہ سچ ہے کہ مال و دولت اور اولاد کی غیر معمولی

محبت اور الفت انسان کو اندھا کر دیتی ہے اور وہ رب سے غافل ہو جاتا ہے۔

ابوبکر بن عبداللہ مزنی کہتے ہیں، بنی اسرائیل کا ایک شخص بہت مالدار تھا۔ جب مرنے کے قریب ہوا تو اپنے بیٹوں سے کہا کل مال میرے سامنے جمع کرو۔ گھوڑے اونٹ غلام سونا چاندی وغیرہ یہ سب چیزیں سامنے لائی گئیں۔ ان سب کو دیکھ کر حسرت سے رو رہا تھا اور مال سے کہنے لگا تجھ پر اللہ کی لعنت ہو تو اور تیری مشغولی نے اپنے مولا کی عبادت سے روک دیا اور نہ تو نے اتنی مہلت دی کہ میں چند لمحے یکسوئی سے اللہ تعالیٰ کو یاد کروں۔ حق تعالیٰ اپنی قدرت سے مال کو گویائی عطا کی، مال کہنے لگا مجھے لعنت کیوں کرتا ہے، میری ہی وجہ سے تیری رسائی بڑے بڑے بادشاہوں تک ہوتی تھی اور حسین عورتوں سے لذتیں حاصل کرتا تھا۔ بادشاہوں کی طرح زندگی گذارتا تھا۔ اور مجھے برائی میں خرچ کرتا تھا۔ میں انکار نہیں کر سکتا تھا۔ اس کے برعکس تو مجھے خیر کی جگہوں میں صرف کرتا تو میں تیرے کام آتا۔ اتنے میں ملک الموت آپہنچا اور کہنے لگا اب رونے اور افسوس کرنے سے کیا فائدہ۔ اب تو تیری جان لیکر جاؤں گا۔ اس شخص نے درخواست کی اگر تھوڑی سی مہلت بھی دے دی جائے تو میں ان تمام چیزوں کو راہِ خدا میں تقسیم کر دوں گا۔ فرشتے نے کہا مہلت کا وقت نہیں ہے۔ کاش کہ یہ بات اگر تو بہت پہلے سوچا ہوتا۔ یہ کہہ کر جان نکال لی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، کہ دو بھوکے بھیڑئے اگر بکریوں میں چھوڑ دئے جائیں تو وہ اس قدر نقصان نہیں پہنچا سکتے جس قدر کہ دولت اور اقتدار کی ہوس انسان کے دل میں رخنہ ڈال دیتی ہے۔

ذیل کا واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی صداقت کا کھلا ثبوت ہے کہ مدینہ کے ایک مفلس انصاری جن کا نام حضرت ثعلبہ بن حاطب تھا۔ وہ ہر نماز کو باجماعت ادا کرنے پہ سختی سے عمل پیرا تھے۔ لیکن نماز پڑھتے ہی فوراً گھر لوٹ جاتے تھے، سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم، اور صحابۂ کرام تعجب سے اس منظر کو دیکھتے کہ آخر کیا بات ہے۔ ثعلبہ جماعت ختم ہوتے ہی گھر چلے جاتے ہیں، جیسے مسجد اور گھر کے علاوہ ان کو کسی سے کچھ کام ہی نہیں رہتا۔ آخر ایک دن رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا، ثعلبہ جماعت کے ختم ہوتے ہی فوراً گھر کیوں چلے جاتے ہو۔ ثعلبہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ مفلسی اور تنگدستی نے یہاں تک مجبور کر رکھا ہے کہ ایک ہی لباس سے ہم میاں اور بیوی نماز پڑھتے ہیں۔ ثعلبہ مفلسی اور تنگدستی سے اُکتا چکے تھے۔ ایکروز بارگاہِ رسالتؐ میں آکر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مال و دولت کے لئے دُعا فرمائیں، خدا کی قسم جس نے آپ کو دین حق کے ساتھ نبی برحق بنا کر بھیجا ہے اگر وہ مجھے مال دیگا تو ضرور حق والے کا حق ادا کروں گا اور فی سبیل اللہ خرچ کروں گا۔ غیب دان نبی علیہ السلام نے فرمایا ثعلبہ تم خدا کے دئے ہوئے پہ صبر کرو۔ یاد رکھو خدا کا بخشا ہوا معمولی رزق بھی دولت کی فراوانی سے بہتر ہے جسے پاکر عموماً انسان اپنے معبودِ حقیقی کو بھی بھول جاتا ہے۔ جب کسی شخص کے بُرے دن آتے ہیں تو عقل بھی

پردے پڑجاتے ہیں۔ ثعلبہ دولت کیلئے بار بار اصرار کرتے رہے۔ نبی برحق علیہ السلام نے ثعلبہ سے دریافت کیا کہ دنیا کی دولتوں میں سے زیادہ کس دولت کو پسند کرتے ہو۔ عرض کیا بکریاں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اور بکریوں میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہونے لگی۔ حتیٰ کہ بکریوں کے اندر اتنا اضافہ ہوا کہ مدینہ میں ان کے رہنے کی گنجائش نہ رہی' مجبور ہو کر شہر کے میدان میں قیام کرنا پڑا۔ اب انکی نمازوں میں کمی آگئی۔ پانچ وقت کی بجائے دو وقت کی نماز پڑھنے لگے۔ رفتہ رفتہ بکریوں میں اتنا اضافہ ہوتا گیا کہ شہر کا میدان بھی تنگ ہوگیا۔ باہر جنگل میں سکونت اختیار کی'۔ کل تک ثعلبہ بن حاطب کو تہی دامنی کا شکوہ تھا اور تنگ دامنی کا گلہ تھا اور نماز پڑھنے کیلئے فرصت نہ ملتی تھی۔ آخر دو وقت کی نمازیں بھی ختم ہوگئیں۔ صرف جمعہ کی نماز باقی رہ گئی تھی۔ ایک دن حضور علیہ السلام نے صحابۂ کرام سے فرمایا آج کل ثعلبہ بن حاطب نظر نہیں آتے کیا وجہ ہے؟ صحابہ نے عرض کیا' دولت کی فراوانی سے مدینہ چھوڑ کر جنگل میں انہوں نے بود وباش اختیار کرلی ہے' صرف جمعہ کو حاضر ہوجاتے ہیں۔ یہ سن کر آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ثعلبہ بن حاطب' کو دولت کی فراوانی نے دین سے دور کردیا۔ اسی زمانہ میں زکوٰۃ کی آیت نازل ہوئی۔ حضور علیہ السلام نے صحابۂ کرام کو حکم الٰہی سے آگاہ کیا۔ صرف حکم کا سننا ہی تھا صحابۂ کرام نے مال کا انبار لگا دیا۔ جب زکوٰۃ کے محصلین نے ثعلبہ بن حاطب کو یہ حکم سنایا تو زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا اور کہا

کہ یہ ایک قسم کا تاوان ہے جو مجھے پسند نہیں۔ ثعلبہ کے لئے خداوند قدوس کی طرف سے آزمائش کا وقت تھا۔ لیکن دولت کے نشہ نے دین سے اتنا دور کردیا کہ ان کو احساس تک نہ رہا، کہ وہ کیا کررہے ہیں۔

حاصل تحریر اس واقعہ سے ناظرین کرام کو اندازہ ہوگیا ہوگا کہ دولت میں کوئی برائی نہ تھی، صرف اسکی غیر معمولی محبت والفت نے مذکورہ صحابی کی زندگی کو کسطرح بدل کر رکھ دیا۔ اسی لئے کہا گیا ہے' دست بکار دل بیار' دنیا میں رہیں لیکن دنیا کے نہ رہیں اور اسی طرح قارون بھی ایک مشہور دولتمند کی حیثیت سے ہمارے پردۂ ذہن پر ابھرتا ہے' اور وہ اتنا مالدار تھا کہ اس کے خزانے کی کنجیاں ونٹوں پر لادی جاتی تھیں' وہ اپنے دولت کے نشہ میں معبود حقیقی کو بھول گیا تھا۔ ایسے بے حد واقعات ہیں جب انسان دولت حاصل کرنے کے بعد اسی کے اندر کھو جاتا ہے تو اُس کا مال خود اسکی ہلاکت کا باعث بنجاتا ہے اور تاریخ میں ہمیں ایسے کئی واقعات ملتے ہیں جن کے پاس کثیر دولت ہونے کے باوجود گمراہ نہیں ہوئے اور خدا تعالیٰ کی یاد سے غفلت نہیں برتے۔ دولت کا ہونا بھی ایک اچھی چیز ہے اور یہ خدا کی دی ہوئی عظیم نعمت ہے اور دولت نہ ہوتی تو زکوٰۃ کا مسئلہ پیش نہ آتا۔ حالانکہ قرآن مجید میں متعدد جگہ ارشاد ہے اقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ

یعنی نماز کو تم قائم کرو اور زکوٰۃ کو دو، اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں نماز کی فضیلت کے ساتھ زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم دیتا ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ دولت کمائیں لیکن اس کو سب کچھ نہ سمجھ بیٹھیں اور خدا کی دی ہوئی اس نعمت کو جائز طریقوں میں صرف کریں جس سے ہمارے لئے ثواب مل سکے۔

حضرت عثمان غنی رض کی پاکیزہ زندگی کا ہم مطالعہ کریں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آپ رض تمام صحابۂ کرام میں سب سے زیادہ مالدار تھے، اور راہ خدا میں خرچ کرنے کے لئے ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے۔ جنگ تبوک کے واسطے ساڑھے چھ سو اونٹ اور پچاس گھوڑے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے تھے۔ چنانچہ آپ کی فیاضی اور دریا دلی پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غنی کا خطاب بخشا۔

عہد صدیقی میں ایک مرتبہ سخت قحط پڑا، ہزاروں آدمی غلّہ نہ ملنے کی وجہ فاقہ کشی پہ مجبور ہو گئے۔ اتفاقاً اس زمانہ میں حضرت عثمان رض کے نزدیک ایک ہزار اونٹ موجود تھے۔ تمام مخلوق خدا میں مفت تقسیم کر دیئے۔ آپ کی پاکیزہ دولت سے قوم و ملک کو فائدہ پہنچتا تھا۔

حضرت بلال رض عرصہ تک امیہ بن خلف کے ہاتھوں بے شمار مصیبتیں اٹھاتے رہے مگر بجز صبر و شکر کے کچھ نہ کیا۔ ایک مرتبہ صدیق اکبر رض کا گذر اس گلی سے ہوا جہاں امیہ بن خلف کا گھر تھا۔ آپ رض حضرت بلال رض کا حال زار دیکھ کر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے بلال رض کو دیکھا۔ امیہ انہیں تپتی ہوئی دھوپ میں گرم ریت پہ منہ کے بل گرا کر کانٹوں والی شاخ سے مار رہا ہے جس سے ان کے جسم پہ سینکڑوں زخم ہو جاتے ہیں۔ اور ان سب سے خون بہتا ہے۔ حضور ص نے حکم دیا اگر تمہارے پاس دولت ہو تو حضرت بلال رض کو خرید لو۔ حضرت ابو بکر صدیق رض نے خرید کر آپ کے سامنے ہی آزاد کر دیا۔ یہ واقعہ بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ صرف دولت ہی کا نتیجہ ہے، ایک ظالم کے ظلم سے حضرت بلال رض کو نجات ملی۔

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رض ایک جلیل القدر صحابی عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ یعنی وہ حضرات جن کو دنیا ہی میں حضور ص نے جنت کی خوشخبری دی تھی۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رض ابتدا میں بہت ہی غریب آدمی تھے۔ جب ہجرت کر کے مدینہ پہنچے تو حضور ص نے آپ کو سعد رض بن ربیع کا بھائی بنا دیا تاکہ سعد رض سے مدد حاصل کر سکیں۔ حضرت سعد بن ربیع نے فرمایا خدائے تعالیٰ نے مجھے بہت مالدار بنایا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو میرے مال میں سے آدھا حصہ لے لو۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا تمہارے مال کو خدا سلامت رکھے۔ مجھے صرف تجارت کے لئے مدینہ کا بازار بتاؤ۔ آپ نے تجارت کے ذریعہ

اتنی دولت کمائے کہ ایکمرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ عبدالرحمٰن تم میری امت کے غنی لوگوں میں سے ہو۔ تم خدائے تعالیٰ کو قرض حسنہ دو۔ یہ سن کر آپ سارا مال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر کرنے کیلئے گئے۔ فوراً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاصد روانہ کیا اور کہا کہ جبریل علیہ السلام ابھی ابھی پیام لائے تھے عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے کہدو، وہ اپنا مال غریبوں کو تقسیم کریں۔ مہمان نوازی کریں، سائل کی ضرورت پوری کریں۔ اسی وقت آپ نے اپنے مال کا آدھا حصہ صدقہ کردیا۔ آپ کی کثیر دولت کا اندازہ اس واقعے سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایکمرتبہ مصر کی تجارت سے ایک سو اونٹ سامان سے لدے ہوئے آئے۔ وہ تمام کے تمام صدقہ کردیا۔ اس کے بعد چالیس ہزار اشرفیاں صدقہ کئے۔ ایک اور موقع پہ پانچ سو اونٹ اور پانچسو گھوڑے جہاد کے لئے دئے اور تیس ہزار غلام آزاد فرمائے۔

الغرض جسطرح علم ایک امانت ہے، قیامت کے دن اس علم والے سے سوال کیا جائے گا کہ تو نے اپنے علم سے بندوں کو کیا فائدہ پہنچایا۔ اسی طرح دولت کی بھی پوچھ ہوگی کیونکہ وہ بھی خدا کی دی ہوئی امانت ہے۔ ہم کو چاہئے کہ اس کے اجتماعی حقوق کو پورا کریں۔ بتاؤ جب دولت ایسے نیک کاموں میں خرچ ہو تو انسان کیسے گمراہ ہوسکتا ہے؟

حضرت امام ابوحنیفہؒ کی شخصیت سے کون واقف نہیں ہے آپ کا شمار دولت مندوں کی فہرست میں کیا جاتا ہے۔ آپ معاش کے لئے تجارت کرتے تھے، اور آپکی تجارت اتنی وسیع تھی کہ بہت سے شہروں میں خرید و فروخت کے لئے ملازم مقرر تھے۔ شہر کوفہ میں آپ کا بہت بڑا کارخانہ تھا جس میں خز ایک قسم کا کپڑا تیار ہوتا تھا۔ اس کارخانے کا کپڑا دور دراز ممالک میں جاتا تھا، اس قدر وسیع تجارت ہونے کے باوجود آپ کا یہ عالم تھا کہ ایک پیسہ بھی ناجائز طور پہ حاصل نہیں کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ آپ کی تجارت کوٹھی (Bank) کی شکل اختیار کر گئی تھی اور آپ کی فیاضی کا یہ عالم تھا کہ اپنی تجارت کا ایک حصہ شیوخ اور محدثین کے لئے مقرر کردیا تھا۔ اس سے جو نفع حاصل ہوتا تھا سال بسال ان لوگوں کو پہنچا دیا جاتا تھا۔

یہ ہیں تصرف دولت کے بہترین انداز جس سے دنیوی زندگی بھی اور آخرت کی زندگی بھی بہتر ہوتی ہے۔ یوں تو تاریخ کے صفحات پہ ایسے کئی مقدس بزرگ شخصیتیں ہمیں ملتے ہیں جو دولتمند ہونے کے باوجود کبھی حقوق اللہ اور حقوق العباد سے غفلت نہیں برتیں اور جنہیں دنیا آج بھی یاد کرتی ہے۔ ان کی اس شہرت کا راز دولت میں نہیں بلکہ ان کے انداز تصرف میں پوشیدہ تھا۔ اپنی کمائی ہوئی دولت کو مبارک کاموں، دینی خدمت، غریبوں یتیموں اور بیکسوں کے لئے وقف کردیا تھا اور دولت کی اتنی فراوانی کے باوجود کبھی ان کے دلوں میں دولت کی محبت جاگزیں ہونے پائی تھی۔

خدائے تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہر فرد کو دولت سے نوازے اور حقوق کی ادائیگی کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین۔ ثم آمین

سلام به بارگاه خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

پیش کش
سید مرتضےٰ حسین جانگیر لطیفی ویلوری

جب تو ھلال بنکر ہو جلوہ گر فلک پر | تیرے جلو میں ہوں جب انبوہ انجم اختر
جب تابش حرم سے چمکے تیرا مقدّر | روضہ کی جالیوں پہ اس دم نثار ہو کر

اے چاند! مصطفےٰ سے میرا سلام کہنا

طیبہ کے پھول بوٹے جب تیرے سامنے ہوں | فردوس کے جھروکے جب تیرے سامنے ہوں
روضہ کے پاک جلوے جب تیرے سامنے ہوں | عرش بریں کے جلوے جب تیرے سامنے ہوں

اے چاند! مصطفےٰ سے میرا سلام کہنا

جب تو مدینہ پہونچے، اے ماہتاب انور | جب تیرے سامنے ہو وہ ارض خلد منظر
جب ہو در نبیؐ پہ تیرا جھکا ہوا سر | فرط ادب سے اس دم جاکر قریب منبر

اے چاند! مصطفےٰ سے میرا سلام کہنا

روضہ کے پُر مبارک منظر کو چوم لینا | ہر نقش ہر نشاں کو ہر در کو چوم لینا
ہر خشت رہ گذر کو، پتھر کو چوم لینا | مسجد کے بام و در کو منبر کو چوم لینا

اے چاند! مصطفےٰ سے میرا سلام کہنا

ہر رات روبقبلہ مغرب کے جانیوالے | ارض حرم کا ہر شب چکر لگانے والے

نورِ ظہورِ حق کی شمعیں جلانے والے | روضہ پہ چاندنی کی چادر چڑھانے والے

اے چاند! مصطفیٰ سے میرا سلام کہنا

جب بدر کی زمیں پہ محوِ طواف ہو تو | پھیلی ہو چاندنی جب تیری اُحد پہ ہر سُو
بکھرے ہوں تیرے رُخ پر جب کہکشاں کے گیسو | بابِ حرم پہ رکھ کر اسوقت چشم ابرو

اے چاند! مصطفیٰ سے میرا سلام کہنا

اُمّت کی بیکسی کی حالت بیان کرنا | ملّت کی بیکسی کی حالت بیان کرنا
اعدا کے سرکشی کی حالت بیان کرنا | دیکھی ہوی سبھی کی حالت بیان کرنا

اے چاند! مصطفیٰ سے میرا سلام کہنا

کہنا کہ یا محمدؐ برہم ہے نظمِ ملّت | ہے مضطر و پریشاں سرکار کب سے اُمّت
سُنئے فغانِ ملّت کیجئے دعائے نصرت | ہیں دشمنانِ بے دیں مائل بہ شر و زحمت

اے چاند! مصطفیٰ سے میرا سلام کہنا

کہنا میری زباں سے غم کا میرے فسانہ | کہنا غلام در سے غربت میں بے ٹھکانا
وقفِ سلام ہے دل لب پر ہے یہ ترانہ | دکھلا دو اب خدارا جلد اپنا آستانہ

اے چاند! مصطفیٰ سے میرا سلام کہنا

مجبوب رب سے یا سے میرا سلام کہنا :-

اِک زمانہ صحبتے با اولیاءؔ
بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

اولیاءِ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، امت کے روشن چراغ ہیں۔ ان کی مقدس محفلوں میں جانے والے کبھی نامراد نہیں ہوتے۔ یہ ایسی محفلیں ہیں جہاں اسلام کی حقیقی روح دکھائی دیتی ہے۔ جہاں گم کردہ راہ، راہِ مستقیم اختیار کرتے ہیں، شراب معرفت ملتی ہے، قلب کو سکون، روح کو تسکین، اور عمل میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے ان کے فیضِ صحبت کی برکت سے ذرہ کو اوجِ ثریا تک پہنچا دیا اور سنگریزوں کو لعل اور جواہر سے بدل دیا۔ بُرے بھلے بن گئے اور بھلوں کو مقام ولایت سے سرفراز کر دیا۔ آج بھی دُنیا کو قیام حاصل ہے۔ جب تک یہ رہیں گے، دنیا بھی رہے گی ورنہ قیامت کا آنا یقینی ہے۔ خدا ان کی ولایت کے صدقہ سے ہمیں بھی سعادت دارین عطا فرمائے۔

حضور غوثِ پاکؒ سے آپ کے کسی مرید نے دریافت کیا کہ حضور اولیاء اللہ اور صلحاء کی خدمت میں حاضر ہونے سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ حضور غوثِ پاکؓ نے جواب دیا کہ اوّل تو میں کسی کے پاس نہیں بیٹھتا۔ اگر بیٹھ بھی جاتا ہوں تو اپنے موافقین میں سے دو تین کے پاس بیٹھتا اٹھتا ہوں۔ لیکن اے عزیز! اللہ والوں کی صحبت اختیار کر کیونکہ ان کی یہ شان ہوتی ہے کہ جب کسی پر نظر اور توجہ کرتے ہیں تو اُسے روحانی حیات بخشتے ہیں۔ وہ جسطرف بھی نظر ڈالتے ہیں اثر آفریں ہوتی ہے۔ اگرچہ وہ یہودی ہو یا عیسائی یا مجوسی پر ہی کیوں نہ ہو۔ اور وہ جس مسلمان پہ نگاہ کرتے ہیں تو ان کی اثر نظر سے اس کے ایمان و یقین اور استقامت میں زیادتی ہوتی ہے۔

حضرت بایزید بسطامیؒ کے زمانہ میں ایک کفن چور تھا جس کے کانوں میں حضرت بایزیدؒ کی پارسائی اور خدا ترسی کے واقعات پڑتے رہتے تھے۔ آخر کار اس کا دل گناہوں سے ہٹ کر نیکی کی جانب مائل ہو گیا جس کی وجہ سے کفن چور کسی کے اصرار کے بغیر حضرت بایزید کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کی دستِ حق پرست پر گناہوں

سے توبہ کی اور دُعا کا طالب ہوا کہ خداوند کریم اسکے گناہ بخش دے اور سچی توبہ کی توفیق عطا فرمائے۔ جب حضرت نے دُعا کی تو معصیت سے آلودہ انسان پاک ہوگیا۔ اسکے بعد بایزید اسکی خاطر و مدارات میں مصروف ہوگئے۔ یہ خاطر و مدارات مادی نہیں تھی بلکہ روحانی تھی۔ اس دَوران میں حضرت بایزید نے پوچھا کہ اے فرزند! اپنے گناہ کی زندگی میں تم نے کتنے کفن چُرائے ہیں۔ کفن چور نے کچھ دیر بعد جواب دیا کہ ان کی تعداد ایکہزار ہوگی تو حضرت بایزید نے دریافت کیا کہ تم نے جتنے بھی کفن چرائے ان میں سے کسی ایک کا چہرا بھی قبلہ کی جانب تھا تو اس نے جواب دیا کہ ان میں دو ایسے تھے ان کا منھ قبلہ کی جانب تھا۔ باقی سب پشت بہ قبلہ تھے۔

حاضرین میں سے بعضوں نے پوچھا کہ مُردوں میں پشت بہ قبلہ ہونے کی کیا وجہ تھی تو حضرت بایزید فرمانے لگے کہ یہ وہ لوگ تھے جن کو اپنے رب پر اعتماد نہیں تھا۔ یعنی دنیوی زندگی میں بھی ان کا رُخ اپنے رب کی رحمت کی جانب نہ تھا۔ اس لئے اُخروی زندگی میں بھی رو بہ قبلہ نہیں ہوسکتے۔ جن کا چہرہ قبلہ کی جانب تھا وہ خدا پر بھروسہ کرنے والے تھے اس لئے قبر میں بھی ان کی نظریں رحمت خداوندی کی جانب تھیں۔ لہٰذا جس نے یہاں رہ کر اُدھر کا رُخ نہیں کیا مرنے کے بعد اس کا رُخ اُدھر کیسے ہوسکتا ہے۔

حضرت جنید بغدادیؒ کے کسی عقیدتمند نے عرض کیا کہ حضور مجھے آپ کا ایک خرقہ تبرکاً عنایت فرمائیے تاکہ میں اس سے اکتسابِ فیض کرتا رہوں۔ یہ سن کر حضرت جنیدؒ نے فرمایا کہ اگر میں تمہیں اپنے جسم کی کھال اُتار کر دے دوں تو بھی وہ تمہارے لئے ذریعہ نجات اور موجبِ برکت نہ ہوگی اور نہ وہ عرفان کے حاصل کرنے میں کوئی مدد دے سکیگی۔

ذریعہ اور وسیلہ معرفت نیکی اور تقویٰ ہے۔ رزق حلال و صدق مقال یہ عرفان تقویٰ کی جان ہے۔ روح کو جان بخشتی ہے اور بندے کو مالک کا قرب عطا کرتی ہے۔ جو انسان ان چیزوں سے محروم رہتا ہے اس کے لئے کوئی متبرک چیز مفید نہیں ہوسکتی۔

خلیفہ ہارون رشید کے کسی ایک لڑکے کے مکان میں محفل سرود گرم تھی۔ دوست واحباب جمع تھے۔ رقص وسرود کی گرم بازاری تھی۔ قریب ہی ایک بچہ قرآن مجید کی تلاوت کر رہا تھا۔ بچہ نے جس وقت یہ آیت پڑھی الم یان للذین اٰمنوا ان تخشع قلوبھم (یعنی کیا مومنین کے لئے ابھی وقت نہیں آیا کہ ان کے قلوب اللہ کے ذکر کے آگے جھک جائیں) تو اس کے جسم پر خداوند کریم کے خوف سے لرزہ طاری ہوگیا۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور ہچکی بندھ گئی۔ جمی جمائی محفل کو چھوڑ کر جنگل کی راہ اختیار کی۔ عرصۂ دراز تک پتہ نہ چل سکا کہ وہ زندہ ہے یا مُردہ۔

ایکمرتبہ کسی مردِ عابد کی دیوار کثرتِ بارش سے گر پڑی تھی۔ مرمت کے لئے کسی معمار کی ضرورت تھی۔ ایک نوجوان رسّی اور کلہاڑی سے لئے

ہوئے ملا تو مردِ بزرگ نے دریافت کیا کہ کیا تم مزدوری کرنا چاہتے ہو، تو نوجوان نے جواب دیا ہاں مگر تین شرطوں کے ساتھ (۱) جو اُجرت کہ آپ مقرر کریں اس میں کمی نہ کرنا۔ (۲) میری طاقت سے زیادہ کام نہ لینا (۳) نماز کے وقت مجھے نماز پڑھنے کی اجازت دے دینا۔ مردِ بزرگ نے شرطیں منظور کیں۔ اور اس کو کام پہ لگا کر خود کسی ضرورت سے شہر میں چلے گئے۔ بعد مغرب کے واپس آئے تو دیکھا کہ دیوار تیار ہو چکی تھی۔ اجرت ادا کر دی۔ وہ نوجوان مزدور چلا گیا۔ دوسرے دن انہوں نے نوجوان کو تلاش کرنے کی غرض سے بازار تشریف لے گئے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ ہفتہ میں صرف ایک روز مزدوری کے لئے آتا ہے اتنا سننے کے بعد انہیں یقین ہو گیا کہ وہ خدا کا ولی تھا۔ لہٰذا پوچھتے پچھاتے اس نوجوان کے ٹھکانے پر پہونچے، تو معلوم ہوا کہ وہ بیمار ہے۔ اس مردِ بزرگ کا بیان ہے کہ میں ان کو باصرار تمام اپنے گھر لے آیا مگر انہوں نے میرے پاس تین دن تک کچھ کھایا نہ پیا۔ چوتھے دن جب حالت دگرگوں ہونے لگی تو مجھے بلا کر وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد میرے گلے میں رسّی ڈال کر مکان کے چاروں طرف کھینچنا اور کہنا کہ جو شخص خدا کی نافرمانی کرتا ہے اس کی سزا یہ ہے۔ شاید اس بہانے میری مغفرت ہو جائے، اور مجھے ایک کپڑے میں دفن کرنا اور میری انگوٹھی اور قرآن شریف امیر المؤمنین ہارون رشید کے پاس پہنچا دینا اور کہنا کہ اس کے مالک نے تم کو سلام عرض کیا ہے اور کہا ہے کہ خدا سے ڈرتے رہنا۔ وصیت کے کچھ دیر بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ وصیت کے مطابق میں نے چاہا کہ گلے میں رسہ ڈالوں تو غیب سے آواز آئی کہ خبردار خدا کے ولی کی بے حرمتی نہ کرنا مجھ پہ لرزہ طاری ہو گیا۔ میں نے ازراہ ادب قدم بوس ہوتے ہوئے تجہیز و تکفین میں مشغول ہو گیا اور جب وہ چیزیں امیر المؤمنین کو پیش کیا تو امیر المؤمنین ہارون الرشید پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔

ناظرین کرام! اس بزم اہل دل میں، آپ کی مختصر سی شرکت یقیناً روح میں تازگی، اور ایمان میں بالیدگی کا باعث ہوئی ہوگی۔ دُعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے اولیائے کرام اور صلحائے اُمت کی صحبت بابرکت سے ہمیں فیض یاب کرے۔ آمین

بجاہ سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمانی
جناب مولوی ولی محمد ابوبکر صاحب مدظلہ العالی
قمری
(منشی فاضل مدراس یونیورسٹی)
استاذ دار العلوم لطیفیہ
ویلور

الحمد للہ والمنۃ "خوارق حیدریہ" جس کی تمہید ترجمہ کے ساتھ آپ کے پیش نظر ہے، ناچیز کا ارادہ تھا کہ اس گوہر نایاب کا لفظاً لفظاً ترجمہ کرے مگر ہر صفحہ پہ تین چار ایسے الفاظ پائے گئے جن پر ✕ اس قسم کا نشان لگا ہوا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کتاب کرم خوردہ اور شکستہ خط میں ہونے کی وجہ کاتب صاحب پر وہ الفاظ واضح نہ ہوسکے پھر اس قلمی نسخہ کا خط بھی ایسا شکستہ ہے کہ ایک نہ شد دو شد والی بات ہوگئی۔ یہ دیکھ کر ہمت جواب دینے لگی لیکن حضرت مولانا ابو الحسن صدر الدین سید شاہ محمد طاہر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی بی اے ناظم دار العلوم لطیفیہ کی دلبستگی اور ہمت افزائی نے مہمیز کا کام دیا اور ترجمہ کا کام شروع کر دیا۔ جو مفہومی ہے۔ نیز کہیں کہیں ترجمۂ کتاب میں اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

مصنف کتاب حضرت ملا ابراہیم صاحب علیہ الرحمہ نے مذکورہ کتاب میں حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ قادری سجادہ بغداد شریف قدس سرہٗ کے خوارقات کو مفصلاً پیش کیا ہے۔ نیز موصوف نے سبب تصنیف کتاب بھی واضح فرما دیا ہے۔ ناظرین سے التماس ہے کہ فروگذاشتوں سے چشم پوشی کرتے ہوئے احراز اجر فرمائیں۔ ؎

دلی جذبات جب الفاظ کے سانچے میں ڈھلتے ہیں
اگر جذبے وہ سچے ہیں تو دل ان سے پگھلتے ہیں

سپاس بے قیاس انعام عام مر خدائے را که رایات افاضت آیات اولیائے خود را در میدان اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ[1] افراشته و وجود با جود ایشان ابخلعت با زینت اولیائی تحت قبائی لا یعرفهم[2]

اللہ تعالیٰ کے عام انعامات پر بے پایاں شکر ہے کہ جس نے اپنے دوستوں کے فیض بخش جھنڈوں کو الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون کے میدان میں بلند فرمایا اور ان کے وجود پاک کو اولیائی تحت قبائی لا یعرفھم غیری کی حسین

---

[1] خبردار بے شک اللہ کے دوستوں کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے
[2] میرے اولیاء میرے قبا کے نیچے ہیں۔ میرے سوا انہیں کوئی نہیں جانتا۔

عنبری آراستہ ملہم کہ دل معرفت منزل عارفاں
رویش بالہام او ملہم لطیفی کہ لطف بجائش
بر دل مجروح سرگشتگان گویش مرہم قطعہ

آں لطیفیکہ زلطف شامل او
پرورش یافتہ ہمہ عالم
کرم اوست وگہ وبےگاہ
مشتمل برہمہ بنی آدم

منعمے کہ شیر انعامش در کام نباتات الارضی
چکان ذی النوری کہ از نور قدیمش نور نباتات
سماوی لمان معززی کہ خطبہ عزتش۔
فللّٰہ العزۃ جمیعا[1] عالمیکہ برہان علمش
ان اللّٰہ بکل شیئ علیما[2] قہاری کہ دین لی
ادیان طغات نگونسار را بسطوت بعثت انبیاء
ورسل درہم شکست وقلوب منکسرہ ایشاں را
بلعوب انی اسمع واریٰ[3] مرہم بست صلوات اللّٰہ
وسلامہ علیہم اجمعین، درنعت نبی صلی اللّٰہ علیہ
وآلہ وصحبہ وسلم۔ خصوصًا صلوات بے پایاں درود
شایان فی کل حین وآواں بران قبلہ عجم عرب
وکعبہ اہل دیانت ولوب لوح خواں صفحہ علمہ
شدید القویٰ[4] فصیح زبان خوش کلام وما
ینطق عن الھویٰ[5] سلطان چار بالش ایوان

خلعت سے آراستہ کیا۔ ایسا الہام کنندہ کہ عارفوں کے
دل معرفت میں اپنے الہام سے اس کے روئے زیبا کا
الہام ہوا ایسا کہ اسکا لطف بالذات سئور یدۂ صفت لوگوں
کے دلوں کیلئے مرہم ہے (ترجمۂ قطعہ) ایسا لطیف کہ جس کے
لطف سے تمام عالم فیضیاب ہے، جسکا فیض عام دوست اور
دشمن تمام بنی آدم پر یکساں ہے۔

ایسا منعم کہ اس کے انعامات کا دودھ
زمینی پودوں کے حلقوم میں رستا ہے اور ایسا
نور والا کہ اس کے نورِ قدیم سے آسمانی سیارے اور
ستارے تابناک وروشن ہیں۔ ایسی عظمت والا کہ اپنی
شان میں فللّٰہ العزۃ جمیعا کہا اور اس کے علم کی
دلیل ان اللّٰہ بکل شیئ علیما سے ظاہر ہے ایسی
قہائش کرنے والا کہ ناشکر گذار سرکشوں کے مذاہب کو انبیاءؑ
ورسل کی بعثت کے دبدبہ سے توڑ دیا اور شکستہ دلوں پر
انی اسمع واریٰ کا مرہم رکھا (ان تمام انبیاء ورسل پر صلوٰۃ
وسلام ہوں) نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی نعت میں خصوصًا
شایان شان درود بے پایاں ہر وقت وہر آن قبلہ عرب
عجم اور کعبۂ اہل دیانت پر کہ آپ کی شان علمہ
شدید القویٰ سے ظاہر ہے اور فصیح زبانی اور خوش
کلامی پر قادر وما ینطق عن الھویٰ
کے مصداق ہیں۔ ایوان رسالت کے مسند نشین کائنات

[1] تمام عزت صرف اللّٰہ کے لئے ہے [2] بے شک اللّٰہ ہر چیز کو جانتا ہے۔ یعنی ہر چیز کا اس کو علم ہے۔
[3] بے شک میں سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں [4] اس کو سکھلایا ہے سخت قوتوں والے نے
[5] نہیں بولتے اپنے نفس کی خواہش سے۔

رسالت ومہتاب جہاں افروز افلاک جلالت
انشاہ بنیستی کہ مطرش ہدایت سیل و آن مخدومے
کہ خادمش عقل کل آں خراج گستر تخت وتاج
وسپر شہ سواری کہ قاب قوسین او ادنیٰ
او راست آماج **بیت** سران ملک دورانی
خراج او بدرگاہش، زدہ برعرش بارفعت خداوند
پایہ گاہش، صاحب شرعی کہ استقامت شرع
شریفش وسیلہ نجات ومتابع سنت عزیزش موصل
الی الحیات **قطعہ**

روز وشب مستقیم امرش باش
روبحت میان قہرش باش
گر توخواہی شفاعتش درحشر
ذرہ سان درہوائے فهو باش

فصلوا علیہ وآلہ وعلی اصحابہ ومیراث سنتہ
بالخصوص ذی الصدق والتصدیق وخلیفہ اول امیر
المؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وبرخلیفۂ
دوم امیر المومنین حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ
وبرخلیفہ سوم امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
وبرخلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ باحضرت
امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ وارضاہ۔

اما بعد چنیں گوید کہ چوں قبل ازیں بہ
حکم فرمان لازم الاذعان سیدی ومولائی قبلتی

روشن ومنور کرنے والے ایسے بادل کہ جنکی ہدایت کی بارش
ہمیشہ ریزاں ایسے آقا کہ عقل کل جن کی خادم تخت وتاج
پر کرم گستری کرنے والے، ایسے شہسوار کہ قاب[1] قوسین
او ادنیٰ آپ کی صدر نشینی کا مقام بنا۔
(ترجمہ بیت) حکمران دولت آپ کے حضور میں خراج
پیش کرتے تھے: اور آپ کا مرتبہ بلندی کے اعتبار سے
عرش بریں تک رسا ہے: ایسی شریعت والے کہ آپکی شریعت
مطہرہ وسیلۂ نجات: اور آپ کی سنت مقدسہ کی پیروی
حیات جاودانی کا باعث ہے۔

رات دن آپ کے حکم میں رہو
قہر سے آپ کے بھی ڈرتے رہو
حشر میں چاہو گر شفاعت تو
بن کے ناچیز انکی حب میں رہو

آپ پر اور آپ کی آل واصحاب اور آپ کی
سنت کے وارثین پر خصوصًا مجسمۂ صداقت خلیفۂ اول
امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اور
خلیفۂ دوم امیر المومنین حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ
پر اور خلیفۂ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر
اور خلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر بے شمار
درود وسلام بھیجو۔

امابعد احقر کہتا ہے کہ اس سے پہلے میرے
آقا سید شاہ درویش قبلہ قادری فرزند خاص

[1] فرق دو کمان کی برابر یا اس سے بھی نزدیک

دکھنی شاہ درویش فرزندِ خاص میراں شاہ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ، سیدنا شاہ ذیجاہ حضرت میراں شاہ حیدر ولی اللہ

نبیرۂ قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ وارضاہ، از طبع عقیم نامستقیم در سلک نظم کشیدہ بود۔ آخر الامر بار و ز ۱۰۸۱ سنہ احدی وثمانین والف تاریخ سبع ذیحجہ در قلعہ اودیتے بہ حکم عالی بایں گلاب درگاہ متعالی جنان صادر فرمودند۔ چوں قبل ازیں در شرح خوارقات جام حضرت میراں شاہ حیدر ولی اللہ نبیرۂ قادری در سلک نظم کشیدہ غالباً آں حکایات شریفہ واضح شدہ نمی آمد، باید کہ بداں موجب آں خوارقات عجائب را در سلک عبارت نثر کشیدہ لائق آفرین با دو شایان مراحم ومکارم خاطر حق نہاد باشوی لہذا فرمان شرف توامان الشیخ العام والخاص شد از جان وایمان دانستہ بایں لئیم الطبعی وبے بضاعتے آغاز نمودہ امید از معتقدان درگاہ ولایت آں شاہ ذیجاہ آمیدارم کہ نظر توجہ اثر بر عبارت پر خسارت ایں بے بضاعت ننہند وتخم اعتقاد صمیمے تبرکاً وتیمناً عجائب ایں خوارقات را منظور دارند واگر احیاناً ایں عروس عبارت زیبا در نظر کیمیا اثر آں قبلہ خداوند نشان شاہ در مقبولیت جلوہ گر آید زہے بخت بلندم،

شعر

حضرت میراں شاہ محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کے حکم پر اپنی طبع ناقص کے باوجود حضرت میراں شاہ حیدر ولی اللہ قادریؒ کے خوارقات کو نظم کی شکل میں پیش کیا تھا، آخر الامر سات ذی الحجہ اکیہزار اکیاسی ۱۰۸۱ سنہ ہجری میں قلعہ اودیتی میں اس حقیر کو حکم دیا کہ اس سے پہلے حضرت میراں شاہ حیدر ولی اللہ نبیرہ قادری کے خوارقات جو نظم میں لکھے گئے تھے وہ حکایاتِ شریفہ واضح نہیں ہوئے ہیں۔ لہٰذا ان عجیب خوارقات کو نثر میں لاکر ہماری تحسین و نوازشات کے لائق وشایان بنو۔ اسی لئے شیخ مقدس کے فرمان کو جان وایمان سمجھتے ہوئے ناقص طبعی اور بے سروسامانی کے باوجود میں نے شروع کر دیا۔

اس شاہ ذی جاہ کی درگاہ ولایت کے معتقدوں سے امید رکھتا ہوں کہ اس بے سرو سامان کی عبارت پر خسارت پر نظر نہ کریں اور دل کی گہرائی سے تبرکاً وتیمناً جانتے ہوئے خوارقات کے عجائبات کو منظور نظر فرمائیں۔ اگر یہ عروس عبارت جو دیدہ زیب ہے اس قبلۂ عالی جاہ کے نظر کیمیا اثر میں مرتبۂ مقبولیت کے ساتھ جلوہ گر ہو جائے تو میں سمجھوں گا کہ یہ میری بلند بختی کی علامت ہے۔

فان صبح مدا القال رفعتی
اغلبت مقداری واغلبت قیمتی

آغاز خوارقات الحیدریہ

بحول حضرت قطب الاقطاب معشوق
الارباب مقبول اللہ الوہاب سید العشائر والاحباب ولی
الکرم غوث معظم سلطان الاولیاء حضرت میراں محی الدین
ابو محمد سید عبدالقادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی
اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ وصل الینا فتوحہ بسیاری از
فرزندان می داشتند لیکن اول ایشان سید الخاص والعام
مختار درگاہ ملک العلام رئیس الاولیاء جلیس الانبیاء مجیب
علی الاستحقاق سیدی وسندی قبلتی حضرت سید عبدالرزاق
قادری بود و این فرزند ارجمند حق پسند بدرجہ
رسیدنی بود رسیدہ وسیر مباہات از اخوان اقران
کشیدہ القصہ بطنا بعد بطن خلافت و
سجادہ نشینی بغداد مغفرت آباد علی حسب التوریث
بمخزن ولایت ارباب ملک کرامت مفخر کونین
رہبر گمرہان دارین حضرت میران شاہ حسین
قدس اللہ روحہ رسیدہ وتا الی الآن ہیچ یکے از
اخوان واقران ایشان درخلافت سجادہ نشینی
آنجا منصرف نشدہ گرچہ ابنای سعادت انتمای
وسیمائے آں ہادی دارین حضرت غوث الثقلین
رضی اللہ عنہ در فضائل کسبی وموہبی منجا ور
بیش دکم نبودند شرافت وعظمت وہیبت

(ترجمہ شعر) پس صبح دراز ہو تو میری کہاوت کو رفعت
و مرتبہ ملے اور میری قدر بڑھ جائیگی اور میری قدر و
قیمت سب پہ غالب آجائیگی۔ آغاز خوارقات حیدریہ
حضرت قطب الاقطاب معشوق ارباب مقبول اللہ
الوہاب خاندان وقبیلہ کے سردار، ولی اکرم غوث
معظم سلطان اولیاء، حضرت میراں محی الدین ابو محمد
سید عبدالقادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی
رضی اللہ عنہ (آپ کی فتوحات ہم تک پہنچے)
کے کئی فرزند تھے۔ لیکن ان میں سے سید خاص وعام
مختار درگاہ ملک العلام رئیس الاولیاء جلیس
الانبیاء سیدی سندی قبلتی حضرت سید
عبدالرزاق قادری تھے۔ اور یہ فرزند ارجمند حق پسند
تھے۔ کامل درجہ کو پہنچے ہوئے اسطرح کہ سیر وسلوک
میں اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں میں قابل فخر
مرتبہ کے حامل تھے حاصل الکلام نسلا بعد نسل بغداد
مغفرت آباد کی خلافت وسجادہ نشینی وراثتاً مفخر
کونین رہبر گمرہان دارین حضرت میراں شاہ حسین
قدس اللہ روحہ کو حاصل ہوئی اور اب تک آپ کے
بھائیوں اور رشتہ داروں میں سے کوئی بھی وہاں کی خلافت
وسجادہ نشینی میں آپ سے منحرف نہیں ہوا اگرچہ کہ اس
ہادی دارین غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کی سعادتمند
اولاد کسبی اور عطائی فضائل سے کسی سے کم اور بڑھ
کر نہیں تھی۔ خاندان کی شرافت وعظمت اور ہیبت

خواندن فرزند ہر یکے را یکے از × و اقران بوجود
این سجادہ نشیں علی الاستحقاق چہ در خلا و چہ در
ملا دم وراثت و سجادگی نمیزدند چہ درغیب و چہ
درحضور دریں معنی سعی بظہور نمی رسانیدند، ناگاہ
از تاثیرات دور فلکی جنبشے در عرق حسد ایشاں
پیدا شد در مجلسے یکے از ایشاں متحرک سلسلہ حقد
وحسد شدہ چنیں تقریر نمود کہ غالبا از آوان
میمنت توامان خدم حضرت غوث الاعظم تاالی الآن
خلافت و ریاست این خاندان افاضت نشان
منصوب بخاندان بود ہم حدالنور سبت این چہ
معنی دارد کہ کاروبار خلافت بر ایشاں مقرر باشد
یا ما ہم ہمچوں ایشاں فرزندان حضرتیم در مناقبت
و معاصرت ظاہری و فضائل صوری و معنوی کم
از ایشاں نیستم، پس عزم ما چنیں باشد کہ ایشاں
دست از بکاء باز داشتہ ایں امر عظیم القدر
بما باز گذارند، ناگاہ از خواہی بہ ہمہ وجہ انگیز
ایں مقال حسد آمیز بسمع حقیقت آں عمدہ کونین
سیدنا حضرت شاہ حسین قادری رسانیدند باستماع
ایں حکایت پر شکایت باطن و ظاہر بے نہایت و
بغایت ارادہ خاطر گشت چوں دل غنا منزل او
چنداں مایل ریاست و خلافت نبود روز دیگر آں
قبلہ مخلوقان آب گل فرزند خجستہ سیر حیدر ولی
اللہ را طلبیدہ فرمود، ولدا حیدرا! سعادت یار خواہم

میں ہر ایک فرزند اپنے ہر ایک بھائی اور رشتہ دار سے
اس مستحق سجادہ نشین کے وجود پر ظاہر میں ہو، یا
باطن میں وراثت اور سجادگی کے بارے میں دم نہیں
مارتے تھے۔ غائب میں ہو یا حاضر میں اس بات کو ظاہر
کرنے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ لیکن گردش زمانے
کے اثر سے رگ حسد میں جنبش پیدا ہوی، ان میں سے
ایک سلسلۂ حسد و کینہ کو حرکت دینے والے نے کسی مجلس
میں اس طرح سے تقریر کیا: کہ حضرت غوث الاعظم
کے مبارک زمانہ سے لیکر اب تک اس خاندان کی خلافت
و ریاست اسی خاندان کی طرف منسوب ہے۔ یہ کیا
بات ہے کہ خلافت کے کاروبار صرف انہیں پر مقرر
ہوں۔ ہم بھی تو اُنہیں کی طرح حضرت کی اولاد سے
ہیں۔ ظاہری خوبی و برابری میں اور صوری و معنوی
فضیلتوں میں ان سے کم نہیں ہیں۔ پس ہمارا
عزم ایسا ہونا چاہیئے کہ ان لوگوں کو اس کام سے
روک کر اس امر عظیم کو ہم اپنے ذمّہ لے لیں۔ ان
حسد آمیز باتوں کو حضرت شاہ حسین قادری رحمۃ اللہ
علیہ کے کانوں تک پہنچا یا گیا۔ اسطرح کی سرا پا
بے حقیقت شکایت سن کر آپ کا ارادہ بدل گیا کیونکہ
آپ کا دلِ مستغنی ذرا بھی ریاست و خلافت کی
طرف مائل نہ تھا۔ دوسرے دن وہ قبلہ مخلوقات
آب و گل اپنے مبارک سیرت فرزند حیدر ولی اللہ کو
طلب فرمایا اور کہا اے فرزند حیدر سعادتمند، اللہ

از حق ترا بقا بسیار بگذار از جملہ نقرہ و زر بہم ہم
باش و رو براہم آرای فرزند سعادت مند وظیفہ
سعادت دائمی آنکہ غنا منزل خود از جمیع اسباب
دنیوی کہ در ملک ما است از زر و نقرہ و مواشی و
افراس و اقمشہ و امتعہ گراں بہا کہ در خزانہ
ملوک یافتن آں دشوار است برو اری و از ملک مذکورہ
خود غیر از کالای شریفین کہ عبارت از توقیع و آثار
مبارک کہ فی الحقیقت موی مبارک زلفین شریفین
آں معشوق خالق دارین خدم جای کونین بہمہ بگذاری
و با من رو براہ آری و محنت سفر بر راحت
حضر اختیار کنی' چوں آں فرزند ارجمند اطاعت
پسند بصفت ان اشکرلی ولوالدیك موصوف
بود حسکم والد بزرگوار بجان منت داشتہ بلکہ از
جان و ایمان خود عزیز دانستہ سکہ جد بزرگوار
امجد کہ در حین حیات افاضت آیات خود شجرہ بر
ثمرۂ مریدان خود را بداں موقع و مسلوک میگذرانیدند
و آثار مبارک کہ عبادت از موی مذکور خاص
زلفین شریفین ہست تبرکاً و تیمناً در دستار مبارک
خود بست و چوں ازیں استعداد فارغ شدند
او نگاہ آں پدر بزرگوار و بشیر نامدار طیار طرار
بے معرفت و وداع ساکنان اند باز رو براہ
آوردند منازل مراحل مراحل چوں ماہ سریع
السیر قطع نمودند- بیت

تمہاری عمر دراز کرے' ان تمام چاندی اور سونے کے
سکوں کو چھوڑ دو اور میرے ساتھ چلو اور اپنے آپ
کو اہم کاموں کی جانب متوجہ کرو' اے فرزند سعادتمند دائمی
سعادتمندی کا ذریعہ یہ ہے کہ گھر و دنیوی ساز و سامان
سونا چاندی' مویشی گھوڑے اور قیمتی کپڑے اور اسباب
جن کا کسی بادشاہ کے خزانہ سے بھی پانا مشکل ہے۔ ان
سے غنا اختیار کرو۔ اور ان میں سے صرف موئے
مبارک کو اٹھالو کیونکہ یہ درحقیقت حضور سید انام
معشوق خالق دارین کی تبرکات سے ہیں باقی تمام
کو چھوڑ دو اور میرے ساتھ چلو' راحت حضر پر مشقت
سفر اختیار کرو۔ فرزند ارجمند' جو نیک اور اطاعت
شعار تھے (ان اشکرلی ولوالدیك) کی صفت
سے متصف تھے' اپنے والد بزرگوار کے حکم کو جان
و ایمان سے زیادہ عزیز سمجھتے ہوئے مریدوں کو
شجرۂ پر ثمرہ عطا کیا اور موئے مبارک حضور انام
کو تبرکاً و تیمناً اپنے دستار مبارک
میں باندھ لئے۔ جب ان تمام کاموں سے فارغ ہوئے
اس وقت وہ والد بزرگوار رشیر نامدار بغیر
اطلاع کے گاؤں والوں کو وداع کئے' سفر
کے لئے نکلے۔

منزلیں اور مرحلے تیز رفتار
چاند کی طرح طے کرنے لگے۔

بیت۔

براہِ سفر اندراں دست برد
نہ بادِ صبا گوئے سبقت ببرد

تا بکم مدتے مبلغے راہ رفتند و آں فرزند ہمایوں
منظرت حیدر ہمگی آداب ستودہ و عادات پسندیدہ
در خود می داشت، ازاں جملہ عادتے داشت
کہ ہر گاہ با پدر جلیل القدر عزم راہ رفتن میکرد
غالباً پیش از پدر مقدم قدم نہ شد و در پیشے سبقت
نگرفتے و پشتِ خود مقابل روئے والد خویش
نہ کردے۔ و دراں سفر معلوم ہمیں عادت جمیلہ
مسلوک می داشت روزے آں شاہ بزرگوار در
اثنائے راہ رفتن از مشی باز ایستادہ کہ با فرزند
ارجمند خود فرمود کہ ای سعادتمند ہوش مرا مقتضای
حال ہست کہ امروز در مشی از من سبقت گیری
و پیش من راہ جوی این بادیہ شوی ؎

ای فرزندِ دلبند خوش کیش من
روی راہ امروز در پیش من
چوں بشنید ایں حیدر پاک زاد
زباں را بعذرش چنیں سر کشاد

اے تاج رؤس الاقطاب، واے نورِ وجوہِ
اولی الالباب، اللہ اللہ ایں چہ سخنے ہست و آں
کدام ادب باشد کہ حیدر بے ادبانہ بر تو سبقت گرفتہ
قطع راہ نماید۔ حاشا ثم حاشا آں عمدۂ اولیاءِ عرب و
عجم و اے راز دان کتاب لوح و قلم ؎

سفر میں آپ کے غلبہ کا یہ ہوا عالم
ہوا سے آگے بھی سبقت کا گیند لے نکلے

یہاں تک کہ ایک طویل مسافت طے کر لئے، وہ
فرزند مبارک صورت حضرت حیدرؓ اچھے اخلاق پسندیدہ
عادات کے جامع تھے۔ ان میں ایک عادت یہ بھی تھی
کہ جب والدِ بزرگوار کے ساتھ چلتے تو آپ کا قدم والد
سے آگے نہ ہوتا کبھی آگے چلنے میں سبقت نہ کی۔ اپنی
پیٹھ والدِ محترم کے مقابل نہیں فرمائی۔ اس سفر معلوم
میں اسی عادت جمیلہ کو اپنائے رکھے۔ ایک دن والد
بزرگوار چلنے کے دوران رک گئے اور اپنے فرزندِ
ارجمند سے فرمایا کہ اے سعادتمند میری عقل اس
بات کا تقاضا کرتی ہے کہ آج تم چلنے میں مجھ سے
سبقت لے جاؤ اور اس صحرا میں راہ تلاش کرتے
ہوئے آگے بڑھو ؎

میرے دل کو خوش کرنے والے پسر تم
چلو مجھ سے آگے چلو تم
پسر یعنی حیدر نے سن کر کہا یہ
زبان عذر کے سوا کچھ نہیں ہے

اے تاج رؤس الاقطاب، واے نور وجوہ اولی
الالباب اللہ اللہ۔ یہ کیا بات ہے کہ ادب یہ کیسے
ہو سکتا ہے کہ حیدر بے ادبی کے ساتھ آگے چل کر
راستہ طے کرے حاشا ثم حاشا کبھی ایسا نہیں ہو سکتا
اے عمدۂ اولیاءِ عرب و عجم اے رازدان کتاب و قلم یہ کیسے

اے نقد جان بزیر پائے تو باشم
کجا زیبد کہ من ہادی تو باشم

امید دارم کہ بار دیگر باین تکلیف متکلّف نکنی و در تقدیم این کار تصدیع نہ دہی۔

القصہ ہر چند کہ میدانست و می توانست عذر ہائے فراواں بتقدیم رسانیدہ شمہ سود مند نیفتاد طوعًا و کرہًا پیش پدر قدم نہاد۔ ہر دو پس و پیش سر راہ برگرفتند۔ چوں قدم راہ رفتند ناگاہ شاہ حیدر پس پشت خویش نگاہ کرد۔ والد خود را ندید متحیّر فرو ماند تعلل و اضطراب آغاز نہاد ؎

کجائی اے پدر آخر کجائی
زحال من چنیں غافل چرائی

غلغلہ و آہ × اثیر رسانید۔ چوں یعقوب فریاد وااسفا علی یوسف برداشت و دراں بیدائے بے سروساماں ہر چند کہ جزع و فزع نمود ہیچ اثرے از اثرش نیافت و از غائب اضطراب زبان آں بلبل بے گل بدیں ترانہ مترنم ؎

یارب مرغ آشیانہ قرب دہ کجا نمیش کجا بویم
و من پاشکستہ چراں در رہ جستجو جاں پویم

در ہر گوشہ پریشان و آب از دیدہ ریزاں می دوید، ہر چند کہ گریہ و لازی لازم الحال خود گردانید اما چشم مبارکش نصیبی غیر از وابیضت عیناہ من الحزن روزی نہ شد، القصہ

(ترجمہ شعر) اے نقد جاں میں آپ کے قدم میں رہوں
کیسے زیبا دیگا کہ میں آپ کا ہادی بنوں

امید رکھتا ہوں کہ دوسری مرتبہ آپ ایسی تکلیف سے مکلف نہیں فرمائیں گے اور آگے بڑھنے کی زحمت نہ دینگے۔

حاصل کلام جتنا کچھ ممکن تھا اور ہو سکتا تھا، بے انتہا عذر پیش کرتے رہے، باوجود آپ کی فریاد فائدہ مند نہ ہوی۔ مگر با دل نخواستہ اپنے والد بزرگوار کے آگے قدم رکھے۔ دونوں ایک دوسرے کے آگے پیچھے ہوئے چند قدم جب آپ آگے بڑھے تو اچانک شاہ حیدر پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں تو اپنے والد بزرگوار کو نہ پایا۔ حیران و پریشان ہوئے قلق و اضطراب پیدا ہو گیا۔ (ترجمہ شعر) ؎

کہاں ہیں والد امجد کہاں ہیں
میری حالت سے غافل تم کہاں ہیں

آہ و زاری اور رونا چلانا شروع کیا جیسے حضرت یعقوبؑ کی طرح ہائے ہائے یوسف کی آواز بلند کرنے لگے ہائے افسوس اس بے سروسامان کے میدان میں بہت کچھ جزع و فزع کیا لیکن اسکا کوئی اثر و نشان نہیں پایا، نہایت ہی بے چینی کے عالم میں بلبل بے گل کی طرح گویا ہوئے۔ (ترجمہ شعر)

اے پروردگار اس مرغ آشیانہ کو قرب دے وہ مجھ سے کہاں ہیں اور میں انہیں کہاں ڈھونڈوں اور ٹوٹے ہوئے پاؤں کو کھینچتے ہوئے جستجو کے راہ میں کیسے دوڑ دھوپ کروں یہاں تک کہ ہر گوشہ میں پریشان ہو کر آنسو بہاتے ہوئے دوڑتے رہے اور گریہ و زاری کو اپنے لئے لازم بنا لیا۔

ازبسیاریِ گریہ وزاری رضا بقضای
رضینا بقضاءِ اللہ و آرہ رختِ خود
در زیر سایۂ درختے کشید وساعتے
آں جا بحیرت تمام بہ نشست۔ چوں از
نا لہائے بسیار قطع راہ دشوار گرفتے بر
وجوہِ مُبارک والد بود، بمجرد کہ زیر سایہ درخت
آمد خوابے برو غلبہ کرد۔ ناگاہ درمیان
خواب دید کہ والدِ بزرگوار پیشِ چشم حاضر
آمدہ دستِ مہر وکرم بر سر روی فرزند آوردہ
میگوید کہ اے فرزندِ سعادتمند، ہے ہے در فراق
من بسے مضطرب شدے تعلل واضطراب بر
خاطرِ سعادت مآثر خود رَوا داشتی ودر ×
برائت وسوزش گوناگوں افتادے زود برخیز
وعنانِ عزیمت خود را بسوئے مکہ شریفہ
بیا گرورده بمن دراویز ونقدِ جرأت وحسرت
از کیسۂ دل بے غل بریز کہ من در مکہ معظمہ
ہستم ؎

اے عاشقِ مشتاق بزودی لشتاب
معشوق نشاں دادو نامش دریاب

وچوں از عالمِ خواب بعالمِ بیداری رجعت
فرمودند از شادی تمام کہ چوں زلیخا از نشان
دادن یوسف علیہ السلام در خواب از عالمِ بیہوشی
وجنونی در ہوش آمد محنت چندیں سالہ ابراحت

لیکن آپ کی چشم مُبارک غم کی وجہ سے سفید ہو گئی، القصہ
بہت کچھ گریۂ وآہ وزاری کے بعد اپنی رضا کو اللہ رب العزۃ
کی خوشنودی پر چھوڑتے ہوئے اپنے سامانِ سفر کو ایک
درخت کے سایہ میں رکھ کر تھوڑی دیر کے لئے وہاں
بیٹھ گئے۔ بیحد رونے اور سفر کی تھکان زیادہ ہونے
کی وجہ سے آپ پہ نیند غالب آ گئی، کیا دیکھتے ہیں
کہ آپ کے والد بزرگوار آپ کی آنکھوں کے سامنے
کھڑے ہیں اور دستِ شفقت کو اپنے فرزندِ دلبند
کے سر پر پھیرتے ہوُئے کہتے ہیں، اے فرزند سعادت
مند، اوہو! تم میری جدائی سے بہت مضطرب ہو
گئے اور ہمارے خاطر تم نے خود کو بہت پریشانی
میں ڈالا اور مختلف تکالیف میں مبتلا ہو گئے۔ جلدی
سے اٹھو، اپنی عزیمت کی لگام کو مکہ مکرمہ کی
جانب موڑو اور مجھ سے آ کر ملو۔ حیرت
وحسرت کے نقد کو اپنے پاک دل کے تھیلی
سے نکال پھینکو۔ کیونکہ میں مکہ میں ہوں،۔

(ترجمۂ شعر)

اے عاشق مشتاق تو جلدی کرنا،
معشوق نے خود اپنا پتہ تم کو بتایا

جب آپ عالمِ خواب سے بیداری کے عالم میں آئے
تو انتہائی خوشی کے ساتھ جیسا کہ زلیخا یوسف
علیہ السلام کے پتہ دینے سے ہوئی تھیں (یعنی
زلیخا یوسف علیہ السلام کے پتہ دینے سے عالم بیہوشی و

مبدل گردانید مبہوج و مسرور ہماں زماں برخاست چوں مجنوں در پے لیلیٰ دراں بادیہ بر ملا شکر حق گویان و وصل محبوب جویان راہ جوئی آں اشرف المواضع شد بقوت ہدایت و خطوہ ولایت آں راہ دور و دراز قلیل المدۃ قطع نمودہ و روزۂ مکہ معظمہ رسید دلے داشت از وصل محبوب ناصبور خواست کہ داخل تحریم امن و آمان شود بحکم من دخلہ کان آمنا[1] از دست فراق نیتی حاصل کند۔ ناگاہ دید کہ انبوہ انبوہِ کثیر الجماعت از حرم شریف خروج نمودہ از درون شہر بیروں می رسیدند، از جرأت تمام با خود اندیشہ کرد ایشاں کیانند و ایں جوق جوق کجا می روند و بچہ کار آمدہ بودند، رسم تحیت و تعظیم بجا آوردہ پیش ایشاں شد و از آمدن و رفتن ایشاں سوال کرد۔ شخصے از میاں جواب داد دریں روزہائے تعزیت قرین شخصے کہ در زمرۂ الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون بصفت خوشخوئی و خوشگوئی موصوف المسمیٰ بشاہ حسین للازال حسن الوجہ بر حکم یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الیٰ ربک راضیۃ مرضیہ[2] رجوع روضۂ

جنونی سے ہوش میں آئیں تھیں اسی طرح آپ کی حالت رہی) کچھ دبہ غموں کو راحت و سکون میں بدل کر مسرور و شاداں، اسی وقت اٹھے جیسے مجنوں کی طرح لیلیٰ کے پیچھے اس جنگل میں اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے آپ وصل محبوب کے جویاں ہو کر اس مبارک سرزمین کی جانب روانہ ہوئے۔ قوت ہدایت قدم ولایت کی برکت سے دور دراز مقام کو تھوڑی سی مدت میں طے کر لیا۔ صرف دو دن میں مکہ مکرمہ پہنچ گئے۔ وصل محبوب کی خواہش میں پیمانۂ صبر لبریز ہوتا گیا۔ آپ نے چاہا کہ حرم مقدس میں داخل ہوں۔ من دخلہ کان آمنا[1] کے حکم سے جدائی سے وصل کی نیت کی۔ اچانک آپ نے دیکھا کہ بے حساب لوگوں کی جماعتیں حرم شریف سے نکل رہی ہیں اور حرم شریف سے باہر جا رہی ہیں بکمال ہمت اپنے آپ میں یہ غور کیا کہ یہ لوگ کون ہیں اور کہاں جا رہے ہیں اور کس کام کیلئے جا رہے ہیں۔ آپ ان لوگوں کے آگے گئے آداب تسلیم کے رسوم کی ادائیگی کے بعد دریافت فرمایا کہ آپ لوگوں کے آنے اور جانے کا سبب کیا ہے انکے درمیان میں سے ایک شخص نے جواب دیا کہ ایک ایسے شخص کی تعزیت میں کہ جو الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون سے اور صفت خوشخوئی و خوش گوئی سے متصف تھے اور جن کا نام نامی شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ ہے (آپکے چہرے کا حسن ہمیشہ باقی رہے) یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ[2]

---

[1] جو داخل ہوا حرم میں وہ امن پالیا [2] اے وہ نفس جس نے چین پکڑ لیا پھر چل اپنے رب کی طرف تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔

ان للعارفین جنۃ لیس فیہا حور ولا قصور
فرمود، دفنش در حرم محترم وکفنش از سندس
و استبرق مکرم و ابن سادات عرب واشرف
قوم و رئیسان مکہ کہ می بینی محض از پے زیارت
او بود، چوں حرف وحشت پذیر در گوش ہوش
انصاف ضمیر رسید ؎

نتواں ازاں بیاں کردن
آنچہ بروی گذشت زاں قصہ
خوں رواں شد زچشم آنسرور
جائے اشک سفید زاں قصہ
خواب و خور آرام
بر ذاتِ مبارک شد حرام

زآب دیدۂ او شستہ شد زلوح تنش رقوم
شادی وآرام وخواب خود اکثر چنداں درمالش
کوشید کہ از ہستی خود بے خبر شد، باہزار نالہ
وآہ نزدیک مرقد مبارکش رسید وبلب لاالباب
مزار پرُ انوار آں بزرگوار مقبل و ملثوم ساخت
بادے پر از التہاب ودیدہ پُر آب بتوجہ آں
اولی الالباب ایستادہ شد، ناگاہ آنحضرت
از قبر مبارک ندا در داد، اے فرزند دلبندم
زنہار خود را درچنیں جزع و فزع × صبر و
سکوں راپیش نہاد، خاطر ملکوت ناظر گرداں

مرضیہ کے مطابق ان للعارفین جنۃ لیس فیہا حور[1]
ولا قصور کی جانب رجوع فرمایا ہے اور آپ کو حرم محترم میں
دفن کیا گیا اور آپکے لئے قیمتی ریشم وحریر سے کفن دیا گیا
یہ سرداران عرب ورؤساء مکہ جن کو تم دیکھ رہے ہو ان کی
زیارت کے لئے آئے ہیں۔ جب یہ وحشت خیز خبر ہوش کے
کان میں پہنچی ۔ (ترجمہ بیت)

جو حادثہ آپ پر گذرا تھا بیان نہیں کر سکتے۔
اسی وقت آپکے آنکھوں سے خون کے آنسو جاری ہوئے
اور اس حادثہ کی وجہ سے آنکھیں سفید ہو گئیں اور آپ
نے سونا کھانا اور آرام کرنا اپنے اوپر حرام کر لیا، اور
آنسوؤں کی وجہ سے آپ کا جسم ڈھل گیا۔ خوشی
آرام، نیند اور کھانے کے نشانات مٹ گئے۔ آپنے
بہت کوشش کی کہ اس غم کو بھلا دیں، مگر اپنی ہستی سے
بے خبر ہو کر آہ و نالہ کے ساتھ آپ کے مرقد مبارک
پر پہنچے، اپنے لب مبارک سے اس پُر انوار مزار شریف
کو بوسہ دئیے، دلِ پُر سوز اور چشم پُر آب ہو کر
والدِ بزرگوار کے مزار پر کھڑے ہو گئے۔ اچانک قبر
سے والدِ بزرگوار نے آواز دی کہ اے فرزند
دلبند ہرگز اپنے آپ کو ایسی جزع و فزع
میں مشغول مت کرو۔ صبر و سکون کو اختیار
کرو اور اپنے دل کو ملکوت کی جانب متوجہ
کرو۔ گریہ وزاری، گریبان دری تمام

[1] بیشک عارفوں کے لئے ایک جنت ہے۔ اس میں نہ حوریں ہوں گے نہ قصور، صرف جلوۂ الٰہی۔

وگریہ وتضرع دشتق جیوب ہے خدشہ حدود و مذہب
ماکہ خاصیم حرام ای فرزند شائستہ ہیچ اندیشہ
مکن وہیچ اندوہ وحزن از دلِ خود بر کن چوں
ایں تقویت سکونت نشان ازاں زبان فصیح
بیان درگوش جان گرفت باز چنداں جزع وفزع
ناممش نکوشید و دست نشست در دامن آہ و
واویلا یاد داشت وبحضورت تمام وتوجہ بسیار
مجد ربوز فیض آثار آں بزرگوارش تا مدۃ دہ
روز بعدہٗ بروز یازدہم کمر عزیمت راہ بست
مقبلا وملثوما با چشمِ پُر آب وداع قبر
مبارکش نمودہ وچوں باد صبا در دشت
وصحرا میگذشت و دشت بدشت راہ می
نوشت۔ دریں اثنا خیالے در مخیلہ شریفش
راہ یافت کہ راہ جوی بغداد مکرم زادہا اللہ
تعالیٰ شرفا شود وزیارت مرقد منورہ معظم جد
محترم حضرت کعبہ اہل دین سلطان میراں محی الدین
بمدد نا معلوم نماید وبدار فرحت آثار جمیع قرابت
وعشائر فرحتے حاصل کند ازیں قید کلی وعزم
راسخ باندک تکاپوی رایات جاہ جلال خود را
بمیدانِ معرفت نشان بغداد فیض آباد رسانید۔
القصہ ما داخل آں روضۂ رضوان آں
شدہ شرائط تقبیل وتلثیم ولوازمات سجدات و
تعظیم بجا آورد۔ وہر کوئے وبازار خبرے چنیں

مذاہب بالخصوص ہمارے مذہب میں حرام ہیں، اے لائق
فرزند کچھ فکر نہ کرو، غم وحُزن کو اپنے دل سے نکال
دو۔ جب صبر وسکون کے تسلّی آمیز کلمات اس بزرگ
فصیح اللسان کی زبان سے نکلے تو دل کے کان
میں اُتر گئے۔ اس کے بعد کبھی آپ نے جزع وفزع
نہیں کیا۔ آہ وواویلا کے دامن میں ہاتھ مارنے سے
باز رہے۔ پوری حضورِ قلبی اور مکمل توجہ کے ساتھ آپ
بزرگوار کی خدمت میں دس روز رہے۔
گیارہویں دن سفر کا ارادہ فرمایا۔ تربت پاک کو
چومتے اور بوسہ دیتے ہوئے بچشمِ پرآب وداع
کیا اور باد صبا کی طرح جنگل وبیابان سے گزرتے
رہے اور دشت بدشت چلتے رہے۔ اس راہ پیمائی
کے درمیان آپ کے خیالِ اقدس میں یہ بات آئی
کہ کیوں نہ بغداد شریف کی جانب جائیں اور حضرت
معظم جد محترم حضرت کعبۂ اہل دین سلطان
محی الدین رحمۃ اللہ علیہ کی مزار پُر انوار کی زیارت
کریں اور فرحت بخش شہر میں تمام رشتہ داروں
اور قبیلہ والوں سے مل کر خوشی حاصل کریں، اس
عزم راسخ کے ساتھ تھوڑی سی دوڑ دھوپ میں
پوری شان وشوکت کے ساتھ آپ بغداد فیض
آباد پہنچے۔ حاصل کلام حضرت محبوب سبحانی رضی اللہ
عنہ کے روضۂ پاک میں داخل ہوئے۔ بوسہ وتعظیم و
تکریم بجالانے کے بعد تھوڑی ہی دیر میں بغداد کی ہر

انتشار یافت کہ سجادہ نشین برحق و وارث
علی الاستحقاق متاع دینی و دنیاوی حضرت
سلطان میراں محی الدین ابو محمد سید عبد القادر
جیلانی رضی اللہ عنہ، وارضناہ رسیدہ چوں روز
براں دوار × دیگر از قدوم میمنت لزوم آں
مخدوم وقوی حاصل شد، ہمہ عرق حسد در جنبش آمد
از باطنی پر از اندیشہ عظیم و ظاہراً بالوازم تعظیم
ندائے ؎

خوش آمدی خوش مروز آمدنت
ھزار جان گرامی فدائے قدمت

در دادند وہر یکے نقد تحریر در کیسۂ دل چنیں
انداختند کہ غالباً رجوع ایشاں دریجا خالی
بمثائے دراز باشد ولکن ازعاراں اندیشہ شاہ را
گاہے پیرامون خاطر شریفش مگر دیدہ درے
مدن بود دراں شرف المواضع غیر از زیارت
و زمین بوسی مرقد شریف جد بزرگوار نبود و زباں
حالش بدیں ترانہ مترنم بود ؎

ششتم دست از ہمہ چیزے کہ در جہاں
مقصود خیز جیب ندارم بدو جہاں

چوں آنشاہ صاحب سریر بر ما فی الضمیر خود
اطلاع یافت، ہموں زمان کمر مراجعت بستہ
بر وضۂ متبرکہ آمدہ وظائف عجز و انکسار
و تسلیم و شرائط تقبیل و تلثیم از روئے

گلی و کوچہ بازار میں یہ خبر اس طریقے سے پھیلی کہ سجادہ
نشین برحق دینی و دنیوی متاع کے مستحق و وارث
حضرت سلطان اولیاء میراں محی الدین ابو محمد سید
عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ پہنچ گئے ہیں۔ اسی
طرح زمانہ گذرتا گیا۔ اس مبارک شخصیت کی آمد پر سارے
شہر والے واقف ہوگئے۔ مخالفین کی حسد کی رگ پھڑک
اٹھی اور اندر سے بہت خوف کھاتے رہے۔ ظاہری طور
پر تعظیم و تکریم کرتے تھے اور کہتے تھے کہ خوش آمدید، آج
آپ کا آنا بہت اچھا ہے۔ ہزاروں جانیں آپ کے
قدموں پر فدا و قربان ہیں لیکن ہر ایک شخص پریشانی
کے نقد کو دل کی تھیلی میں اس طریقہ سے ڈالا ہوا تھا
کہ غالباً اس جگہ سے ان کا لوٹنا بے قراری کا باعث بن
جائے گا۔ پھر بھی حضرت کے دل میں یہ اندیشہ ہوتا تھا
کہ ہمارا یہاں رہنا ان کے لئے بے قراری کا سبب بنا
ہوا ہے۔ مگر آپ کے آنکھوں سے سامنے سارا شہر گھوم
جاتا ہے۔ ایسے مبارک مقام پر آکر جد بزرگوار کے تربت
کی زیارت و قدمبوسی کے بغیر یہاں سے جانا بھی ٹھیک
نہیں ہے تو زبان حال سے اس ترانے کو آپ گن گنانے لگے۔
(ترجمہ شعر) دھو دوں ہاتھوں کو دنیا کے ہر چیزوں سے
میں اپنے گریبان کی بہتری مقصود نہیں رکھتا ہوں اس جہاں سے
جب وہ شاہ صاحب سریر دل کی باتوں سے مطلع ہوئے۔ اسی
وقت واپسی کے لئے تیار ہوگئے۔ بعد ازاں روضۂ مبارک
پر تشریف لائے۔ عجز و انکساری سلام و بوسہ دہی کے بعد

تعظیم عظیم بتقدیم رسانیدہ بعد از فاتحہ فتوحی
حاصل کردہ قبر مبارک را وداع کرد واز انجا منازل
منازل قطع راہ می نمود در ہر زمانے ومکانے از عجی
نباتات قدرت الٰہی معائنہ می کرد، ناگاہ درین
اثنا بہ پایانے رسید بہایت فراخ ودرختاں بسیار
بلند شاخ در شاخ و درمیان درختان درختے
دید بلند وبالا وتنہ اش بغایت سطبر از روئے
تعجب گرداگرد بگردید۔ ناگاہ درین دیوار تختہ
مربع کہ درمیان چسپانیدہ شدہ شگاف می نمود۔
آنگاہ دست بزور وقوۃ کرد۔ چنانکہ در وا شد،
سر درون کرد، جائے دید وسیع چوں سینہ کریماں و
روشن تر از دل عاشقاں وبلند تر از ہمت عارفاں
از انجا نسیم معرفت وزیدن گرفت باز قدم
در پیش نہاد، دید کہ دراں جائے
راحت ہائے صدری از صدر ہای
دار السلام کرد و فرش مرصع وملون
بروی کشیدہ وبراں صدر عالی
قدر ہم سرید رخواجہ عالم خاتم
رسل علیہ الصلوٰۃ والسلام نشستہ
وگرد بگردش از چہار یار روئے چوں
کواکب لمعان متمکن شدہ وحضرت
قطب الاقطاب سید العشایہ والاجناب
غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ

فاتحہ خوانی وغیرہ سے فارغ ہو کر مزار مبارک کو
وداع کرتے ہوئے وہاں سے آپ منزلیں طے
کرتے رہے۔ اثنائے راہ ہر وقت اور ہر جگہ کھیتوں
اور سر سبزیوں کو یعنی قدرت الٰہی کا مشاہدہ کرتے
رہے، اچانک اس راہ پیمائی کے درمیان ایک
ایسے مقام پہ پہنچے جو نہایت ہی کشادہ اور بہت ہی
بلند درختیں شاخ در شاخ ان درختوں کے درمیان
آپ نے ایک درخت کو دیکھا جو بلند وبالا اس کا تنہ نہایت
ہی موٹا تھا تعجب کی وجہ سے آپ اس کے ارد گرد گھومنے
لگے۔ اتفاقاً آپ کی نگاہ ایک تختہ مربع پہ پڑی جو درمیان
اس تنہ کے لگی ہوئی تھی۔ آپ نے اسمیں ایک شگاف محسوس
کیا۔ اسی وقت ہاتھ سے زوردار دھکا دیا تو ایک دروازہ
کھلا اور اس کے اندر جھانکنے لگے تو ایک جگہ دیکھا اتنا
وسیع جیسے سینہ کریماں اور اتنا روشن جیسے دل عاشقاں
اور اتنا بلند جیسے ہمت عارفاں اور اس جگہ معرفت
کی ہوا چل رہی تھی پھر آپ نے ایک قدم آگے بڑھایا
اور دیکھا کہ اتنی راحت وآرام دہ ہے گویا جنت
دار السلام معلوم ہوا۔ ہیرے وجواہرات سے آراستہ
رنگین فرش بچھایا ہوا تھا جس پہ صدر عالی قدر
لائق وفائق خواجہ عالم خاتم رسل علیہ الصلوٰۃ و
السلام جلوہ افروز تھے اور آپ کے چار یار چمکدار
ستاروں کی طرح آپ کے اطراف واکناف بیٹھے
ہوئے تھے اور حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ،

بیازوی ایشاں قرار گرفتہ وچوں شاہِ
لولاک باآں تخت نشین صد لولاک
دو چار شد، صدا از صلوٰۃ وسلام برکشید
کہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
یا حبیب اللہ وجد المختار ارسلک اللہ
بالرسالۃ والہدایۃ لاہل الضلالۃ وہم
آں سرور وجد خود رسم تحیت وتعظیم بجا
آوردہ جملہ را سلام او گفتند وندائے
احسن یا قرۃ عینا یا در دادند بعد از
ندائے صدائے تحیت وتعظیم درپے ادای
تقبیل وتلثیم شد بوسہائے بسیار بریک
پائے شریف آں مختار را از انجا پیش جد
خود ولی اکرم حضرت غوث الاعظم شد
بہماں نوع لوازم تعظیم را × بتقدیم رسانیدہ
حسب الفنان ہمانجا بیازوی مبارک السرور
جائے خود اختیار کرد۔ چوں مجلس آں
فرزند ارجمند بنزدیک آں پدر سربلند
واقع شد جناب نبوت را ازیں معنے آثار
× بر بشرہ مبارک ظاہر شدہ

بعلی گفت یا قوی نسلہ
رجع کل شیئی الی اصلہ

آں گاہ لب مبارک تبسم وا کردہ فرمودہ
حیدر را ادبید ان تکلمنا بحق استمع آں

ان کے بازو میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جب حضور
اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اور غوث پاک رضی
اللہ عنہ آپس میں دونوں آمنے سامنے
ہوئے تو درود وسلام کی صدا بلند ہوئی کہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول
اللہ یا حبیب اللہ وجد المختار ارسلک
اللہ بالرسالۃ والہدایۃ لاہل الضلالۃ
نیز اس سرور اور اپنے جد رسم تحیت وتعظیم بجا لائے اور تمام کو اپنا سلام
سنائے۔ حضرات اپنے جد تحیت وسلام بجا لائے تمام کو
اپنا سلام سنائے۔ احسن یا قرۃ عینا یا
کی آواز بلند ہوئی۔ تحیت وتعظیم کے ساتھ
تقبیل وتلثیم میں مشغول ہوگئے اور حضور
اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پائے اقدس پہ کئے
بوسے دئے، دراں حالیکہ اپنے جد امجد حضرت غوث
الاعظم اسی جگہ ٹھہرے رہے۔ اس کے بعد حضور انام
صلی اللہ علیہ وسلم کے بازو میں ایک جگہ بیٹھ گئے
جب اس فرزند ارجمند کی بیٹھک اس جد بزرگوار
کے بازو واقع ہوئی تو جناب نبوۃ صلی اللہ
علیہ وسلم آپکے چہرۂ مبارک سے تمام احوال وکوائف
سے آگاہی پایا ہے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی سے فرمائے
اے قوی النسل لوٹتی ہے۔ ہر چیز اپنے اصل کی
جانب اسی وقت آپ کے لب مبارک پر مسکراہٹ
کھیلنے لگی اور فرمائے۔ حیدر سے۔ اے حیدر ہم چاہتے

شاہ عالی مقام بعد از استماع ایں کلام شفقت
پیام زبان بہ الہام فرمود اے جد ذی مجد
امجد الاماجد حاشا ثم حاشا من کیم وکیستم
کہ بے ادبانہ قدم بر جادہ سوال و جواب نہم
وبے حجابانہ گفتہ حکمت اغشتہ ترا خوابے دہیم
اے صاحب جمال باکمال بجز خداوند لم یزل و
لایزال نہم جواب و سوال ترا کئے الیق، و
شایان نیست ولیکن چو حکم فرمودی پس
تجاوز از فرمان لازم الاذعان تو رواند اشتہ
از تضرع وزاری ہمیں بست بخواہش باز
می کنم کہ ایں دیدہ رمد دیدار فی المشافہ
بے شرائط خواب و خیال از کحل جمال
باکمال تو منور سازم وگاہ بے گاہ در
مجلس شریف باز یابندہ باشم
شاہ ایں تعزیہ دلپذیر بانصرام
رسانیدہ بامید راسخ سر در پیش افگندہ
نگاہ جوابش از جناب فیض مآب مورد
چناں صادر شد کہ اے فرزند شائستہ خاطر
سعادت مآثر خود از یں محل جمع دار دل
شوق منزل از یں طرف مطمئن گرداں انشاء
اللہ علی حسب المراد آں را از ناظرین لعین
ماباشی و در مجالس ما ہر جا کہ نشینی و
از نشیب و بالا ہر چہ گزینی کسے متعرض خاطر

کہ تم کچھ بولو، یقیناً ہم اسے سنیں گے، جب شاہ
عالی مقام اس کلام شفقت پیام کو سننے
کے بعد فرمایا اے جد ذی مجد امجد الاماجد
حاشا ثم حاشا میں کیا ہوں اور کون ہوں، جو
بے ادبی سے سوال و جواب کے راہ میں قدم
رکھوں تو آپ نے فرمایا حکمت سے بھری ہوی
ایک خواب دکھاتے ہیں۔ اے صاحب جمال
باکمال خدائے لم یزل و لایزال، سوال و جواب آپکے
شایان شان نہیں ہے لیکن جب آپ حکم فرماتے ہیں تو
میں اس حکم کی خلاف ورزی نہیں کرسکتا۔ یہ آپ کا
فرمان لازم الاذعان جسے تجاوز کر نہیں کرسکتا
تضرع وزاری سے اسی طرح اپنے خواہش کا اظہار
فرماتے رہے۔ اس چشم بے نور کو فی المشافہ بغیر شرائط
خواب وخیال کے آپکے چہرۂ باکمال وجمال سے منور کروں
اور اس مجلس شریف سے باریاب ہوجاؤں۔ اس
عذر دلپذیر کو کہتے ہوے امید راسخ کے ساتھ آپکے قدموں
پر سر کو رکھ دئے تو حضور والا کے جناب میں آپ کا یہ
عذر قابل قبول ہوا اور آپ صلعم نے حکم فرمایا کہ اے
فرزند شائستہ خاطر جمع رکھو اور دل شوق کو یہاں
مطمئن رکھو، انشاءاللہ مراد کے مطابق تم ہمارے
نگاہوں کے سامنے رہو گے۔ جب بھی تم ہمارے مجلس
میں جس جگہ بھی بیٹھو گے کوئی تمہیں اعتراض نہیں
کرینگے۔ پھر شاہ نے عرض کیا۔ اس لطف وکرم کا مسئلہ

سعادت مآثرت نگردد بازشاہ عرض نمود در
ایں مسئلہ لطف وکرم کہ در بیان راندے و
وازیں صحیفہ لطف عاطفت کہ از حق من فرو
خواندے از عین بندہ نوازی نشان مید ہد
ولیکن اثرش کے بمن ظاہر شود، فرمان شد در
عنقریب الایام × عروس آں مرام وخیال از
رفع حجاب خواب وخیال از میان بتو خواہد کشود
وناظر عین بعین ما باشی و بے ہوشی خواجۂ
عالم ختم کلام بریں نمود شاہ از وداع لبش
مبارک کف پائیش نمود۔ دلدار وعدہ داد
بوصل عزیز خویش ؎ اے دل توشاد باش در
غمہا وداع کن ؎ چوں ازانجا بیشتر روانہ
شد تا بعد از مدتے مدید وعہد بعید عزم
زیارتِ مرقد منورہ جد خود حضرت غوث الاعظم
نمودہ راہ جوئے بغداد معرفت آباد شد وخود
را دراں اشرف المدائن رسانیدہ بزیارت قبر
انور ومرقد اطہر آں غوث برتر بظاہر وباطن مستفیض
ومستفید گشت۔ الغرض چوں اقارب
وچوں سلسلۂ قادریہ عالیہ رضوان اللہ علیہم
اجمعین از تشریف شریف اشرف الاقارب
روح الاخوان مطلع شدند۔ ہر ایک را دردزہ
اندیشہ متنوعہ بر دل ایشاں مفتوح شد۔ ہمہ
کس در بحر تفکر گوناگوں غوطہ خوردہ بحاصل

مجھ حقیر پر جو صادر فرمایا عین بندہ نوازی کی نشان
دہی کی ہے۔ لیکن اس کا اثر مجھ پر کب اور کیسے
ظاہر ہوگا۔ حکم عالی ہوا کہ عنقریب چند
دنوں میں یہ دلی مقصد اور خیال کا
رفع حجاب ہوگا اور یہ خواب وخیال کا پردہ
تمہارے درمیان سے اٹھ جائے گا اور تم
ہمارے نگاہوں کے سامنے رہوگے۔ خواجۂ عالم
کی بے ہوشی انہیں باتوں پر ختم ہوئی اور
آپ وداع کے وقت اپنے لب مبارک کو
آپ کے قدموں پر رکھ لئے۔ دلدار نے اپنے ساتھ وصل
عزیز کا وعدہ کیا ہے۔ اے دل تو خوش ہو
جا اور داغ غم والم کو وداع کرلے۔ اس کے
بعد آپ وہاں سے تیزی کے ساتھ روانہ
ہوئے۔ مدتِ مدید کے گذر جانے کے بعد حضرت
غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے مرقد منورہ
کے زیارت کا ارادہ کیا۔ اور راستہ ڈھونڈتے
ہوئے بغداد معرفت آباد میں اپنے آپ کو پہنچا
لیا بعد ازاں زیارت قبر انور و مرقد اطہر غوث
پاک سے ظاہری وباطنی حیثیت سے مستفیض ومستفید
ہوئے الغرض جب سلسلۂ قادریہ عالیہ رضوان اللہ
عنہم اجمعین میں سے جو رشتہ دار تھے آپکی تشریف
آوری سے مطلع ہوئے ہر ایک کو اپنے اپنے دل میں ایک
قسم کا اندیشہ ظاہر ہوا ہر ایک تفکرات کے دریا

و بکمال لا طائل چناں بردند کہ بکرات و مرات
اعادہ و ارجاع وارث علی الاستحقاق درینجا
غیر از طلب وراثت و ریاست نباشد از یں نوع
چوں در فکر دور و دراز دارد ظاہرا بارسم
تقویت و مواخاۃ و باطنی بے علارا و مواساۃ
صدائے تہنیت و مبارکبادی در دادند و چوں
شاہ صاف دل بر مافی الضمیر آں وارثان
مطلع شد روزی از روزہا نزدیک روضۂ
متبرکہ شریفہ استادہ ندا در داد کہ اے قرابات و
خویشاں از من عنا کیش از طمع میندیشیں

ما عاشقیم و ترک ریاست و سروری
کردیم جملہ گرچہ بمیراث برحقیم

الحق سجادہ نشین مطلق و وارث الیق
و مستحق آں محبوب برحق ربانی مائیم باجود وجود
پیر خود ہم ہیچ یکے از برادران نمی سزد کہ دست
تصرف بر املاک و اقماش و امتاع ایشاں و ہر
چہ متعلق روضہ منورہ ہست دراز کشد و اگر
می خواہند کہ دست از املاک باز دارم و بالکل
حرف و حکایت وراثت از لوح دل و از
نوک زبان بردارم پس بشما امرے می
فرمائیم اگر شما وارث بناہاں متفق اللفظ
و المعنی ماسود ما شدہ عجبے نیست کہ ایں کار
از قوۃ بفعل بیاید و آں آنست کہ تا چہل روز

میں قسم قسم کے غوطے لگاتا رہا۔ آخر یہ سب بے حاصل
اور کمال لا طائل رہے کہ کہیں اس وارث علی الاستحقاق
کی آمد ریاست و وراثت کے طلب میں تو نہیں ہوگا
اسی فکر میں ڈوبے ہوئے رہے اور ظاہری طور
پر بھائی چارگی اور ہمدردی کا اظہار کرتے رہے
تہنیت و مبارکبادی کی آواز بلند کرتے رہے
جب شاہ صاف دل ان وارثوں کے دلوں کی
باتوں سے مطلع ہوئے تو ایک روز انہیں دلوں سے
روضۂ متبرکہ کے قریب کھڑے ہو کر یہ ندا دی
کہ اے رشتہ دار والے اپنے بھائیو، مجھ سے بے پروا رہو
اور میرے آنے سے کوئی فکر نہ کرو۔ (ترجمہ اشعار)
ہم خدا کے عاشق ہیں ریاست اور سرداری کو چھوڑ چکے
ہیں، اگرچہ کہ باعتبار میراث کے ہم بھی حقدار ہیں۔

سچ تو یہ ہے کہ حضرت محبوب ربانی کے سجادہ
نشین اور مستحق وراثت ہم ہی ہیں اور میں اپنے پیر و مرشد
کے ساتھ ہوں۔ بھائیوں میں سے کسی کو یہ لائق
نہیں کہ آپ کے مال و متاع اور ہر اس چیز پر جو
روضۂ پاک سے متعلق ہے دست تصرف دراز کریں اگر
آپ لوگ چاہتے ہیں کہ میں ان معاملات سے دست
بردار ہو جاؤں، صدق دل و صدق زبان ہو
کر میں تمہیں حکم دیتا ہوں، اگر تم لوگ ظاہری
و معنوی حیثیت سے ساتھ دیں تو کوئی تعجب نہیں
کہ یہ کام قوت ارادی سے پورا ہو جائے۔ وہ یہ ہے

روضۂ منورہ جدم را چیناں بر من بگذارند
کہ ہیچ احدے از وارثان و سجادہ نشینان
و مریدان و معتقدان و خادمان و مجاوران
دریں مدت معلوم خود را داخل آں خیر المکاں
نیاید کرد بلکہ ہیچ جاروب کشے بخدمت جاروب
کشی و چراغ افروزی خود را اگر داگرد او نیاید
آورد۔ نئے نئے چراغ خاندان آں شاہ ملک
ملکوت و ایں روضۂ متبرکہ لطیف و من دخلہ
کان اٰمنا موصوف ہست منم و آنجا کہ من باشم
چہ حاجت ہست بروشنی چراغ دیگر، چوں وارثان
بسبب ایں نکتہ تعزیب ازاں مظہر نکات عجب
استماع فرمودند، چوں ایں کار در نظر ایشاں
ہر چند آں دشوار نمی نمود ہمہ یکدل و
یک زبان مامور امر عظیم القدر آں سرور بلند
قدر شدہ کلید روضۂ منورہ بتفویض آں
سرور نمودند و دخل او را رضا دادند و بعد ازاں
از چہار طرف سد دروازہ نمودہ آں سید الاولیأ
داخل آں مضجع شریف شد و چناں سدِ دروازہ
نمود ہیچ یکے از جاروب کشاں و خادماں را
بلکہ مور و مگس را مجال دخل شدن نبود بہ
احوال او بجز خدائے عز و جل و حضرت محی الدین
غوث اکمل کسے را اطلاع نبود۔ قومے از
سکان و وطان بغداد خیر البلاد را عادتے

کہ چالیس روز تک میرے جد محترم کے روضۂ منورہ میں
مجھے اسی طرح چھوڑ دیا جائے اور کوئی بھی وارثین
سجادہ نشین، مریدین اور معتقدین، خادمین
اور مجاوروں میں سے مدت معینہ تک اس مقدس
مقام یعنی روضۂ اقدس کے اندر داخل نہ ہوں
یہاں تک کہ کوئی جاروب کش اور چراغ لگانے
والا بھی اس کے آس پاس نہ آئے، کیونکہ میں خود
شاہِ ذی جاہ کے خاندان کا چراغ ہوں۔ یہ روضۂ
متبرکہ جو من دخلہ کان اٰمنا کا مصداق ہے۔ اس
کے لئے میں کافی ہوں اور جس جگہ میں رہوں اس
جگہ دوسرے چراغوں کی ضرورت کیا ہے۔ جب وارثوں
نے اس عمدہ نکتہ کو جو اس مظہر نکات سے ظاہر
ہوئے تھے سنا تو یہ کام ان کے نگاہوں میں
دشوار ثابت نہ ہوا، تو تمام نے ایک دل و
ایک زبان ہو کر اس امر عظیم کو جیسا کہ اس عالی مرتبت
نے فرمایا تھا عمل کیا اور روضۂ مبارک کی کنجی حضرت
کے حوالے کر دی اور آپکو داخل ہونے کی اجازت
دے دی۔ اس کے بعد چاروں طرف سے دروازے بند
کر دئے گئے۔ دروازے اسطرح بند کر دئے گئے کہ کوئی خادم
یا جاروب کش بلکہ مکھی چیونٹی تک اندر داخل ہونے
کی طاقت و مجال نہیں رکھتی تھی۔ آپکے احوال پر سوائے
خدائے بزرگ و برتر اور حضرت محی الدین غوث
الاعظم کے کوئی مطلع نہ تھا۔ بغداد شریف ہی میں

معہود چناں بود کہ چوں پگاہ از ملک بے خودی کہ عبارت از خواب است بعالم باخودی کہ کنایت از بیداری است می رسیدند ہموں وقت تجدید ونوبتقدیم رسانیدہ بادل بارخود را داخل حریم روضۂ منورہ می کردند وبعد از ادائے لوازم تقبیل وتلثیم مرقد مطہر نماز فجر گذاردہ بہ نزدیک کار خود می شدند وغیر از تقبیل وتلثیم مزار فیض آثار آں سرور ہیچ کارے مقدم نمی داشتند تا بحدیکہ از خوردنی ونوشیدنی باز می بودند وچوں آں سید الاولیأ داخل آں روضہ رحمت آباد شدند ایشاں ازاں کار مانع شدند وازاں سعادت عظمیٰ محروم ماندند ہمہ ترک خوردنی ونوشیدنی وکاروکسب گرفتند ومدت موعود آں سرور را منتظر می بودند الغرض مدت معلوم بسر آمد ونہایت انجامید ناگاہ روز چہلم ندائے از عالم غیب قرع سمع شریفش شد کہ اے فرزند برگزیدہ ومحبوب پسندیدہ چوں علی زعم برادران خود مدت معلوم بسر رسانیدی وظیفہ سعادت ابدی آنکہ بخیر وسعادت وبر افاضت ظاہری وباطنی قدم بیروں نہی وازمدت چہل روز معتقدان خاص ما پے تقبیل وتلثیم قبر منورم ترک آب وطعام کردہ اند بگذار تا ایشاں بسعادت عظمیٰ برسند کہ از جوع وتشنگی جاں بلب رسیدہ اند۔ شاہ ذیجاہ بعد از استماع

رہنے والوں میں سے ایک جماعت کی یہ عادت تھی، کہ صبح سویرے نیند سے بیدار ہوکر درگاہ شریف پہ حاضری دینے کے لئے چلے آتے تھے۔ اور جوق در جوق ایک دوسرے سے پہل کرتے ہوئے روضۂ مبارک میں داخل ہوتے اور ادائے لوازم بوسہ دہی وغیرہ سے فارغ ہوکر نماز فجر ادا کرتے پھر اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہو جاتے۔ یہ لوگ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ، کے مزار شریف کو چومنے سے پہلے کسی کام کو مقدم نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ کھانے پینے سے بھی رُکے رہتے تھے۔ جب سے حضرت مزار پُر انوار میں داخل ہوئے تھے اُن لوگوں کو اندر داخل ہونے سے روک دیا تھا اور یہ لوگ اس سعادتِ عظمیٰ سے محروم ہو گئے تھے، تمام لوگ کھانا پینا چھوڑ کر حضرت نے جو وقت مقرر کیا تھا اسکا انتظار کرتے رہے۔ الغرض مدت معینہ ختم ہوئی۔ اچانک چالیسویں روز عالم غیب سے ایک ندا سنائی دی کہ اے فرزند برگزیدہ ومحبوب پسندیدہ، جب اپنے بھائیوں کی اجازت کے مطابق مدت معینہ کو تمام کیئے اور سعادت ابدی کا کام سرانجام دئے اور بہتری اور نیک بختی ظاہری وباطنی فیوضات کو حاصل کر لئے ہو۔ اب باہر جاؤ کیونکہ چالیس دن سے ہمارے خاص معتقدین قبر منور کی تقبیل وتلثیم کے واسطے کھانا پینا ترک کئے ہوئے منتظر ہیں۔ اب جاؤ تاکہ یہ لوگ سعادت عظمیٰ حاصل کریں۔ بھوک پیاس سے یہ لوگ

این ندا عرض رسانید کہ ای تاج رئیس الاقطاب
و اے برگذیدۂ خدا ؎

خدا تختِ کرامت چوں بنشانید
زفیضِ دامن بدور عالم افشانید

از کمال کرامت و کرمت و مرحمت کہ درحق داری
حکم عالی جہاں صادر فرمودے

ولدا حیدرا افادت یار
قدم از روضۂ ام بیروں بردار

آرے چوں بندۂ محکوم حکم تست
بصد جان و دل ، ولے

بیروں چگونہ نشد ہیچ حاصلے
مقصود اصل خود کہ بدل داشتم عزیز

از کائنات ملک دو عالم و جملہ حدو آں نیتے
کہ منوی دل و عزمے کہ مضمر ضمیر بندہ است
ہمہ در خدمتِ پیر مرحمت ظاہر است می‌خواہم کہ
بداں نیت عزیز مکرم کردم باز ندا آمد اے فرزند
دلبند آں نیت رویت عین بعین کہ در دل می
داری از اول روزے وکرامت سجادہ نشین
خود کردیم باز چہ شاہ جواب داد کہ اے جدِّ
بزرگوار چوں ایں بندۂ خدمت گار ترک ریاست
وراثت کردم، پس کئی سجادہ نشین باشم و
ایں دولت عظمیٰ کہ اعظم مآرب دینی و دنیوی است
چگونہ شایم باز جواب فرمود اے سرورِ سعادت
انتمائے من از اول و آخر بر خاندان شما ختم کردیم۔

جاں بلب ہوگئے ہیں۔ شاہ ذیجاہ نے اس آواز کو سننے
کے بعد عرض کیا کہ اے تاج رئیس الاقطاب و اے برگزیدۂ خدا
(؎ ترجمہ شعر) خدائے تعالیٰ نے آپ کو جب سے تخت کرامت
پر بٹھایا ہے اہل عالم آپکے فیوضات و برکات سے اپنا دامن
بھرے ہیں کیونکہ آپ بزرگی بخشش اور شفقت کے پیکر
ہیں۔ آپ بزرگوار نے حکم صادر فرمایا۔ اے فرزند حیدر!
اپنے محبوب کے فائدے کے لئے محبوب کے روضہ سے قدم
باہر رکھو۔ یہ سننا ہی تھا کہ آپ نے فرمایا ہاں یہ غلام
تو آپ کا محکوم ہے۔ بصد دل و جان قبول کرتا ہے،
لیکن کیسے باہر جاؤں جب کہ کوئی چیز حاصل
نہیں ہوی ہے۔ کیونکہ اصل مقصد کو اپنے دل
میں عزیز رکھتا ہوں۔ ایسا مقصد جو ساری
کائنات اور دونوں جہان سے پیارا ہے۔ میں
ایسی نیت کیا ہوں اور ایسا عزم صمیم دل میں
پوشیدہ رکھتا ہوں جو کہ حضرت فیض اقدس پہ
ظاہر ہے اور چاہتا ہوں کہ اس نیت عزیز کو شرف
قبول تک پہنچاؤں۔ پھر ندا آئی اے فرزند دلبند!
تمہاری اس نیت و ارادے کو جو تم دل میں رکھتے ہو
پہلے دن ہی ہم جان گئے اور اپنی سجادگی کے مسند کو
تمہارے حوالے کرتے ہیں۔ پھر شاہ نے جواب دیا کہ اے
جد بزرگوار جب یہ بندہ ریاست و وراثت کے خدمتگاری
کو ترک کر دیا ہے تو پھر کیسے سجادگی اختیار کرے اور یہ دولت
عظمیٰ دینی اور دنیوی حیثیت سے بہت عظیم ہے اور جس کا
میں کیسے مستحق ہوسکتا ہوں پھر جواب میں فرمایا کہ اے سرفراز

وچوں من بتو ایثار ایں نعمت کردم وتو ایشاں
را از دل غنا منزل خود بخشیدی پس ہر جا
کہ باشی باش و بر ہر کہ ایثار می کنی بکن
بحقیقت جان نسبتے ما بر تو ختم کردیم وچوں
ایزد جل جلالہ مرا محبوب خود از جملہ اولیاءِ
اولو الالباب امتیاز بخشید ہمچناں من ترا
مطلوب خود از فرزندان دیگر برگزیدم و من
بعد ہر چیزیکہ از درگاہ ما درخواست کنی
و ہر عزمے و نیتے کہ بحصول آں خواہش
نمائی آں ہمہ ہر جا ست و ہمہ حاصل تراست
شاہ را ازیں نور آثار بشاشت بر بشرۂ
مبارک ظاہر شد عرض داشت اے غوث
برتر و اے محبوب اللہ اکبر ایں چنیں عنایات
بے نہایت در حق بندہ تراست باز پس
چنیں حجاب چراست چوں ایں تقریر دلپذیر
بعرض آں سلطان ولایت قدرت ان اللہ
علی کل شیئ قدیر رسانید ہموں وقت
حجابے کہ در میان دور شد و دیدار محبوب
میسر شد و عین بعین مقابل روبروش
استاد بالبیہ ہمچو لبہائے ہم کلام شد
حیدر را ہمیں نوع عین بعین مقابل چشم پیش
نور من باشی و ایں عین بعین من بعین در
خاندان تو حتی الآن عطا فرمودیم الغرض شاہ

سعادت ہم اس عہدے کو تمہارے خاندان کے اول
وآخر فرد پر ختم کر دئے ہیں ۔ ہم تو تمہیں یہ عہدہ عطا کرتے
ہیں اور تم اپنے مستغنی دل سے ان لوگوں کو بخش
رہے ہیں، خیر تم جہاں رہنا چاہتے ہو رہو اور تم جس
کسی پر اس عہدے کو ایثار کرنا چاہتے ہو کر لو لیکن ہم
بدل و جان اپنی نسبت کو تم پر ختم کرتے ہیں جیسا کہ
اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا محبوب بنا کر اپنے تمام دوستوں میں
امتیازی مرتبہ بخشا ہے، اسی طرح میں تم کو اپنا مطلوب
بناتے ہوئے اپنے تمام فرزندوں میں تمہیں منتخب کر لیا
ہوں اور جو چیز بھی ہمارے درگاہ سے تم چاہو گے یا
کوئی ارادہ یا نیت اپنی اغراض کے حصول میں کرو گے،
تو وہ ہر جگہ تمہیں حاصل ہونگی ۔ یہ بات سن کر آپ کے
چہرۂ مبارک پر ایک چمک و بشاشت ظاہر ہوئی پھر
عرض کیا اے غوث برتر محبوب اللہ اکبر، جب اس
بندے پر آپ نے اس طرح کی عنایتیں کی ہیں تو پھر یہ پردہ
و حجاب کی کیا ضرورت ہے ۔ جب یہ دلپذیر باتیں
سنیں فوراً ہی دونوں کے درمیان جو پردہ تھا وہ دور
ہو گیا ۔ محبوب کے دیدار سے آپ کا دل باغ باغ ہو گیا
اور روبرو کھڑے ہو گئے ۔ اور اپنی زبان فیض ترجمان
سے فرمایا اے حیدر اسی طرح تم ہمیشہ میرے آنکھوں کے سامنے
رہو گے ۔ اس سلسلے کو تمہارے خاندان میں اب تک عطا
کیے ہیں ۔

الغرض شاہ کو علم ظاہری و باطنی سے

را از علم ظاہری و باطنی معزز و مکرم ساخت و شیرینی از فیض سرمدی در کامش ریخت و بر سرش افسر کرامت بنہاد و در برش خلعت تفاخر و مباہات درداد و عنوان حال اورا بتوقیع الا ان اولیاء اللہ لاخوف علیھم ولا ھم یحزنون موقع گردانید پس بوسہ چند لبشرہ ریش داد و شاہ ساعتے سر مبارک خود بر پائے مبارک آں سرور نہاد بعد ازاں آں ثانی حیدر کرار ازاں دار و دیار قدم بیروں نہاد و ندائے بلند چنیں درداد اے قرابت و یگانہ و اے خویش و بیگانہ

کہ ازیں روضہ بلند و برتر
آنچہ اصل است می برد حیدر

و ہرچہ غیر اصل است لبشما بگذاشت و اگر شما عقل و ہوش می دارید اورا ازیں جا بگذارید و محکم نگاہ دارید القصہ چند روز بایں ندا در ہمہ کوئے و بازار بغداد خیر البلاد فیض آباد آں قصہ منادی شد و ازانجا باز عزم سفر را مصمم کرد طیار بعد ازاں دیار قدم بیروں نہاد و در ہر زمانے و مکانے از تعجب و عجائبات و غرائبات دورانی میدید و در فضائے برو بحر کہ ہر آئینہ ہیچ افراد بنی آدم دراں جا نرسیدہ بلکہ از گوش نشنیدہ رخت خود می کشید و عجائب متنوعہ و غرائب گوناگوں معائنہ و ملاحظہ می فرمود،

معزز و مکرم کیا۔ فیض سرمدی کی مٹھاس سے آپ کے حلق میں ڈالا۔ آپ کے سر پہ تاج کرامت اور آپ کے تن مبارک پہ خلعت فاخرہ کو رکھا اور آپ کے عنوان حال کو (الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون) کا مصداق بنایا اس کے بعد آپ کے چہرہ اور پیشانی پر چند بوسے دئے اور آپ نے اپنے سر مبارک کو سرداِر اولیاء کے قدموں پہ تھوڑی دیر کے لئے رکھا بعد ازاں یہ حیدر کرار ثانی اس پاک مقام سے اپنا قدم باہر رکھا اور بلند آواز سے فرمایا اے میرے خویش و اقارب اے میرے اپنے اور پرائے یہ تمہارا حیدر اس درگاہ عالی سے جو کچھ اصل ہے لئے جا رہا ہے اور جو بے اصل ہے تمہارے لئے چھوڑ دیا ہے اگر تم لوگ عقل و ہوش رکھتے ہو تو اس کو اس جگہ چھوڑ دو اور اس کی حفاظت کرو۔ القصہ چند دنوں تک بغداد فیض آباد کے گلی کوچہ میں ایسی ہی ندا کرتے رہے پھر وہاں سے سفر کا مصمم ارادہ کیا تیار ہو کر بغداد شریف سے نکلے۔ اثنائے سفر میں ہر وقت ہر جگہ مختلف قسم کے عجائبات و غرائبات کا مشاہدہ فرمایا۔ خشکی و تری کے تمام راستے جہاں آج تک بنی آدم میں سے کسی کا گذر نہیں ہوا۔ بلکہ کان تک نہیں سنے ان مقامات سے آپ گذرتے رہے، ان قسم ہا قسم کے عجائبات و غرائبات جن کا آپ نے مشاہدہ و معائنہ

ازانجملہ بلکہ عشرِ عشیرے و نصر نصیبرے ازاں بطریق تیمناً و تبرکاً بر حکم سید الخاص و العام شاہ عالی مقام سیدنا و مولانا حضرت **شاہ درویشؒ** بروفق طبع در قلم آورد، امید از درگاہِ عالی آنحضرت چناں میدارد کہ نظر بر عبارتِ پُر خسارت ایں بے بضاعتہ نہ نہند، عجائب و خوارقات را درنظر آرند۔

فرمایا۔ اس کا عشرِ عشیر سید خاص و عام شاہ عالی مقام سیدنا و مولانا حضرت **شاہ درویشؒ** کے حکم پر حسب طبع قلمبند کیا۔ آپ بزرگوار کی بارگاہِ عالی سے بندۂ بے بضاعت اُمید وار ہے کہ اس عبارتِ پُر خسارت پر توجہ نہ فرماتے ہوئے عجائبات و خوارقات کو مرکز نظر بنائیں گے۔

الحمد للہ "خوارق حیدریہ" کی تمہید پایۂ تکمیل کو پہنچی انشاء اللہ آئندہ سال اس کی دوسری قسط جو خوارقات پر مشتمل ہے، لیکر بزم اللطیف میں حاضر ہونے کی سعادت حاصل کروں گا۔

وما توفیقی الا باللہ

نعت پاک

از حضرت خواجہ شمس الدین تبریزی رحمۃ اللہ علیہ

پیشکش:- شیخ رفیع احمد شوالی نیلی
متعلم دار العلوم لطیفیہ
حضرت آسمان قطب ویلور قدس سرہ

یا رسولؐ اللہ حبیبِ خالقِ یکتا توئی
برگزیدہ ذوالجلالِ پاک و بے ہمتا توئی

اے اللہ کے مقدس رسولؐ آپ کو خالق یکتا کی محبوبیت کا شرف حاصل ہے
آپ صاحب جلال اور کائنات و موجودات میں بے مثال و بے ہمتا ذات کے برگزیدہ ہیں

نازنینِ حضرتِ حق صدرِ بزمِ کائنات
نورِ چشمِ انبیاء و چشم و چراغِ ما توئی

آپ حضرت حق کے محبوب ہیں بزم کائنات کے صدر اور بدرِ منیر ہیں
انبیاء و مرسلینؑ کی آنکھوں کا نور ہیں اور ہمارے لئے سراج ہدایت ہیں باعث افتخار ہیں

در شبِ معراج بودہ جبرئیل اندر رکاب
پا نہادہ بر سرِ گنبدِ اعلیٰ توئی

یا رسولؐ! آپ کی شانِ اقدس و اعلیٰ یہ ہے کہ معراج کی شب میں روح الامین آپکے رکاب میں تھے
اور آپ کے قدم مبارک گنبد اعلیٰ کے تخت پر تھے

یا رسول اللہؐ! تو دانی امتِ تو عاجز اند
عاجزان را رہنما و پیشوائے ما توئی

یا رسول اللہؐ! آپ کو علم ہے کہ آپؐ کی اُمت عاجز و درماندہ ہے
اور آپ ہی ہم عاجزوں اور بےکسوں کے سب سے بڑے دستگیر و رہنما ہیں

شمس تبریزی چہ داند نعتِ تو پیغمبرؐا!
یا رسول اللہؐ! شمس تبریزی کی کیا حیثیت ہے کہ وہ آپکی تعریف کر سکے آپکو تو

مصطفےٰ و مجتبےٰ و سیدِ اعلیٰ توئی
اللہ نے پسند کیا ہے برگزیدہ بنایا ہے، آپ سید الکائنات ہیں اور آپ تمام مخلوقات میں اعلیٰ و افضل ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدقۂ فطر

از جناب مولانا مولوی عبد العزیز صاحب اشرفی مبارکپوری
استاذ دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ

یُرِیدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیدُ بِکُمُ الْعُسْرَ

اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا

اسلام کے قوانین اور اس کے احکام ایسے مکمل اور مستحکم ہیں کہ دنیا چاہے کتنا ہی کروٹ لے لے اور تغیر و تبدل پیدا ہو جائے مگر اسلام کے قوانین جو مرتب ہو گئے وہ تا قیام قیامت باقی و دائم رہیں گے۔ اسی قانون کے تحت حوادثاتِ عالم اور نو پیدا اشیاء کے جواز و عدم جواز کا حکم صادر ہوگا۔ اسلام نے حیاتِ انسانی کے ہر ہر شعبہ کا تحقیقی جائزہ لیا ہے اور کوئی ایسا گوشہ نہیں جو تاریکی کے لپیٹ میں رہ گیا ہو۔ حتیٰ کہ شکم مادر سے لے کر نزولِ قبر میں جانے تک کے سارے مسائل سلجھا دئے۔ بچے کو دودھ پلانا اور چھڑانا، پرورش کرنا، تعلیم، روزگار، شادی بیاہ، خوشی و غمی سارے احکام تفصیل وار بیان کر دئے۔ غریب، امیر، سلطان و وزیر، تارک الدنیا اور عیالدار سب کے لئے قانون بنا دئے۔ اب مسلمان کو قانون و آئین بنانے کی حاجت و ضرورت نہیں۔

رب العالمین نے ہم پر نماز روزے زکوٰۃ وغیرہ فرض کر دئے اور جو احکام ان کے متعلق اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے اسی پر عمل کرنا، اسی کی اتباع و اطاعت میں فلاح و کامیابی منحصر ہے۔ روزے میں جو تبدیلی اور آسانی وسہولت درکار تھی اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرما دئے، وہی قانون قیامت تک کے لئے بن گئے۔ مثلاً روزے کی رخصت حالت سفر میں دے دی گئی، خواہ سفر میں کتنی ہی سہولت و راحت پیدا ہو جائے ہمیشہ رخصت و اختیار ہی باقی رہے گا۔

اگر روزہ بلا عذر شرعی چھوڑ دے تو اس کے لئے جو کفارہ دینے کا حکم ہے وہی دینا ہوگا ورنہ جو وعید تارک پر بیان فرمائی گئی ہے یقیناً اس کا مستحق ہوگا۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو شرعی احکام کی تعمیل اور فرماں برداری کی توفیق بخشے آمین۔

ربِ کریم کا ارشاد اس بات کا گواہ ہے کہ ہمیشہ امت محمدیہ کی آسانی کا ارادہ فرماتا ہے۔ بندہ اگر عقل و شعور سے اپنی خطا پر نادم ہو کر توبہ و استغفار کرتا ہے تو امید ہے کہ دنیا سے پاک و صاف ہو کر لقاء رحمٰن ہو۔

رمضان المبارک کا مہینہ فضل الٰہی و رحمت خداوندی کا خاص مہینہ ہے۔ جس میں روزہ دار کو ہر ساعت، ہر آن اجر و ثواب اور خوشنودی رحمٰن حاصل ہوتی ہے۔ ان خوشیوں کے مظاہرہ کا نام عید ہے۔

عید الفطر میں اس اظہار مسرت کی کچھ زکوٰۃ بھی دی جاتی ہے جس کو فطرہ کہا جاتا ہے۔ ہر صاحب نصاب پر روزہ دار ہو یا شامتِ اعمال سے غیر روزہ دار فطرہ

لازم قرار دیا گیا ہے۔ جبتک فطرہ ادا نہیں کیا جاتا روزہ دار کا ثواب و اجر زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتا ہے۔ رب العالمین نے کہیں قد افلح من تزکیٰ فرما کر مسلمانوں کو ان کی فلاح اور تزکیہ نفس کی جانب توجہ دلائی۔ مفسرین نے فلاح کی مختلف تفسیریں کی ہیں' جو ہر مفہوم کے اعتبار سے طہارۃ گناہ و تزکیہ نفس اور نجات اُخروی کی نوید مسلمانوں کو سناتی ہیں۔

بعض نے یوں تفسیر کی ہے۔ ظاہری و باطنی' حسی و معنوی نجاستوں سے پاک ہوا اور اپنے قلب و قالب کو عقائد صحیحہ۔ اخلاقِ فاضلہ اور اعمالِ صالحہ سے آراستہ کیا' اور کہیں ربنا فرماتا ہے قد افلح من زکھا یعنے نفس کا سنوارنا اور پاک کرنا یہ ہے کہ قوت شہویہ اور قوت نفسیہ کو عقل کے تابع کرے اور عقل کو شریعتِ الٰہیہ کے تابعدار بنائے تاکہ روح اور قلب دونوں تجلی الٰہی کی روشنی سے منور ہو جائیں۔ دوسرے مقام پر ارشاد فرماتا ہے واما من خاف مقام ربہ ونھی النفس عن الھویٰ ○ فان الجنۃ ھی الماویٰ اور جو کوئی ڈرا ہو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے اور روکا ہو اپنے جی کو خواہش سے تو بیشک بہشت ہی ہے اس کا ٹھکانا۔ یعنی جو اس بات کا خیال کر کے ڈرا کہ مجھے ایک روز اللہ کے سامنے حساب کے لئے کھڑا ہونا ہے اور اسی ڈر سے اپنے نفس کی خواہش پر نہ چلا' بلکہ اسے روک کر اپنے قابو میں رکھا اور احکام الٰہی کے تابع بنایا تو اس کا ٹھکانا بہشت کے سوا

اور کیا ہے۔ ان آیات سے ثابت ہوا کہ فلاح و کامیابی حاصل کرنے میں اپنے نفس کا دخل اور لگاؤ نہ رکھے اور اپنی خواہشات کو شریعت محمدیہ کے تابع کر دے۔ اپنے رب سے ملاقات کرے تو اس حال میں کہ رب العالمین تمہارا ٹھکانا جنت ہی بنائے۔ اس لئے روزہ سے جو خاص پاکیزگی قلب صائم کو حاصل ہوتی ہے اس کا صدقہ بھی روزہ ہے۔ جس طرح نماز میں بہت کوتاہیوں کا صدقہ سجدہ سہو ہے اسی طرح بعض لغزشوں کا صدقہ فطر ہے۔ چونکہ فطرہ اس کے ساتھ لازم قرار دیا گیا ہے۔ اس لئے رمضان کی عید کا نام عید الفطر مشہور ہو گیا۔

غرض کہ عید مسلمانوں کا آئین تہوار ہے جس میں اگر ایک طرف بہجت و سرور کا خوش نما مظاہرہ کیا جاتا ہے تو دوسری طرف سر نیاز کو بارگاہِ قدس میں سجدہ کے لئے جھکایا جاتا ہے اور دوگانہ نماز ادا کی جاتی ہے۔ اگر فطرہ کی تنظیم خلوص للّٰہیت کے ساتھ کی جائے اور جمع شدہ سرمایہ کو صحیح طور پر مستحقین کی ضرورت پر صرف کیا جائے تو ملت کے حاجتمند طبقہ کی بکثرت ضروریات پوری ہو سکتی ہیں۔

اب میں ناظرین اللطیف کی نظر فطرہ کی اہمیت پر مبذول و متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ اگرچہ مضمون بالا میں اشارہ کر چکا ہوں۔ مگر اس کی تفصیل اور اس کی مقدار و وزن کیا ہے۔ کتنا فطرہ ادا کرنا لازم و ضروری ہے۔ اور کچھ اعتراضات ہیں' اس کی وضاحت ضروری ہے

فطرہ کے متعلق احادیث نبویہ و اقوال ائمہ بیان کردینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا چند احادیث وجوب فطرہ کے متعلق پیش نظر کرتا ہوں۔ پھر اقوال ائمہ سے پوری تفصیل معلوم ہوجائے گی۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے آخر رمضان میں فرمایا "اپنے روزے کا صدقہ ادا کرو۔ اس صدقہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا۔ ایک صاع خرما، یا جو، یا نصف صاع گیہوں۔

(۲) ترمذی شریف میں بروایت عمرو بن شعیب من جدہ مروی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو بھیجا کہ مکہ کے کوچوں میں اعلان کردے کہ صدقہ فطر واجب ہے۔

(۳) ابوداؤد، ابن ماجہ، حاکم ابن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ فطر مقرر فرمائی کہ لغو و بیہودہ کلام سے روزہ کی طہارت ہوجائے اور مساکین کی خورش ہوجائے۔

(۴) عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعیر علی العبد والحر والذکر والانثیٰ والصغیر والکبیر من المسلمین وامر بہا ان تؤدی قبل خروج الناس الی الصلوٰۃ (مشکوٰۃ)

(۵) عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال فی آخر رمضان اخرجوا صدقۃ صومکم فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذہ الصدقۃ صاعا من تمر او شعیر علی کل امرأۃ مملوک ذکر او انثیٰ صغیرا وکبیر (مشکوٰۃ)

(۶) ومنہ قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ الفطر مطہر الصیام (در بعض نسخ) مطہرۃ للصیام من اللغو والرفث طعمۃ للمساکین۔

(۷) عن رافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زکوٰۃ الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعیر علی کل عبد او حر صغیرا او کبیر (مسلم) عنہما قال فرض رسول اللہ علیہ وسلم صدقۃ رمضان علی الحر والعبد والذکر والانثیٰ صاعا من تمر او صاعا من شعیر قال فعدل الناس بہ نصف صاع من بر (مسلم)

تحقیق صاع اقوال ائمہ

ائمہ اربعہ کے نزدیک صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم ہے۔ یہ اور بات ہے کہ کسی کے نزدیک فرض ہے۔ اور کسی کے نزدیک واجب کسی کے نزدیک سنت مؤکدہ۔ احناف کے نزدیک واجب ہے۔ ہم حنفی مسلک کی رُو سے تحقیق کریں گے اور اقوال احناف سے جو مفتیٰ بہ قول یہ ثابت ہوگا خلاصہ بیان کردیں گے۔ قال ابو حنیفۃ ھی واجبۃ لیست فرضا علی مذھبہ فی الفرق بین الواجب والفرض۔

حدیث میں صدقۂ رمضان آیا ہے۔ رمضان کی قید سے اشارہ وجوب کیطرف ہے۔ قول شافعی میں وجوب غروب شمس سے ہے۔ عید کی اول رات ہے۔ وعند ابی حنیفۃ تجب بطلوع الفجر یعنی صبح

صادق سے وجوب ہوتا ہے۔ ھدایہ میں ہے صدقۃ
الفطر واجبۃ علی الحر المسلم اذا کان مالکاً
لمقدار النصاب الخ لقولہ علیہ السلام فی خطبتہ
ادوا عن کل حر وعبد صغیر او کبیر نصف صاع
من بر او صاع من شعیر رواہ ثعلبۃ بن صُعیر
العدوی صدقۃ فطر واجب ہے آزاد مسلمان پر جبکہ مالک ہو مقدار
نصاب کا۔ اس لئے کہ حضور علیہ السلام نے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔
ادا کرو ہر آزاد و غلام چھوٹے و بڑے کی جانب سے نصف صاع
گیہوں یا ایک صاع جو یخرج ذلک عن نفسہ ویخرج
عن اولادہ الصغار ولا یؤدی عن زوجتہ لقصور
الولایۃ اور نکالے گا فطرہ اپنی طرف سے اور اپنی چھوٹی اولاد کی
طرف سے اور نہ ادا کریگا اپنی بیوی کی طرف سے اس لئے کہ ولایت
کاملہ نہیں ہے (یعنی ادا کرنا شوہر پر واجب نہیں۔ یونہی بالغ اولاد
کا فطرہ واجب نہیں ادا کردے بطور استحسان ادا ہو جائے گا (ہدایہ)
صدقہ فطر ہر مسلمان آزاد مالک نصاب پر جسکی نصاب حاجت اصلیہ
سے فارغ ہو واجب ہے۔ اسمیں عاقل بالغ اور مال نامی ہونے
کی شرط نہیں (بہار شریعت) صدقہ واجب ہونے کیلئے روزہ رکھنا
شرط نہیں۔ اگر کسی عذر سفر، مرض بڑھاپے کی وجہ سے
یا معاذ اللہ بلا عذر روزہ نہ رکھا جب بھی واجب ہے۔
(بہار شریعت) صدقہ فطر واجب ہے۔ عمر بھر اس کا وقت ہے،
یعنی اگر ادا نہ کیا ہو تو اب ادا کرے۔ ادا نہ کرنے سے ساقط
نہ ہوگا۔ نہ اب ادا کرنا قضا ہے بلکہ اب بھی ادا ہی ہے۔
اگرچہ مسنون قبل نماز عید ادا کرنا ہے۔ (ترجمۂ عالمگیری)

مسئلہ عید کے دن صبح صادق طلوع ہوتے ہی
صدقہ فطر واجب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا جو شخص صبح ہونے سے
پہلے مر گیا یا غنی تھا فقیر ہو گیا یا صبح طلوع ہونے کے بعد
کافر مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا یا فقیر تھا غنی ہو گیا تو واجب
نہ ہوا (عالمگیری) وامر بہا فی السنۃ التی فرض
فیہا رمضان قبل الزکوٰۃ اور حکم کیا گیا ہے ادائے
صدقہ فطر کا جس سال کہ رمضان المبارک فرض ہوا زکوٰۃ
سے پہلے۔ روزے رمضان کے فرض ہوئے، شعبان میں
بعد تحویل قبلہ کے کعبہ کیطرف اور حکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کا صدقہ فطر کے لئے عید سے دو روز پہلے ہوا اور زکوٰۃ
کی فرضیت سے پہلے ہی وکان علیہ السلام یخطب
قبل الفطر بیومین یا خراجہا اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے عید سے دو روز قبل حکم فرماتے
صدقہ نکالنے کا۔ پھر فرمایا کہ ادا کرو ایک صاع گیہوں دو
آدمیوں میں، یا ایک صاع کھجور یا جو، ہر شخص کیطرف سے آزاد
ہو یا غلام، چھوٹا ہو یا بڑا فرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم زکوٰۃ الفطر معناہ قدر الاجماع علی ان
منکرھا لا یکفر واجب ہے صدقہ فطر۔ اور وہ حدیث
جس میں مذکور ہے فرض کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
زکوٰۃ فطر کو اس کے معنی ہیں مقرر کیا اس وجہ سے کہ اجماع ہے
اس بات پر کہ منکر اس کا کافر نہیں ہے (درمختار)

لا عن زوجتہ وولدہ الکبیر العاقل نہیں واجب
ہے صدقہ فطر اپنی بیوی کیطرف سے اور اپنے ولد کیطرف سے

جو بالغ عاقل ہو۔ زوجہ کی طرف سے اس لئے واجب نہیں
کہ اس پہ ولایت تامہ نہیں کیونکہ سوائے حقوق زوجیت کے
اور کسی طرح کی ولایت نہیں ہے۔ اور ولد عاقل بالغ اگرچہ
اپاہج ہو اور خورد نوش میں اس کا شریک ہو مگر اس کا
صدقہ باپ پہ واجب نہیں کیونکہ ولایت نہیں (درمختار)

یہ اور بات ہے کہ باپ یا شوہر جو اس کے عیال میں ہیں سب
کی طرف سے فطرہ نکال دے تو ظاہر یہ ہے کہ ادا ہو جائے گا بغیر
ان کی اجازت کے۔ بہتر ہے کہ یہ لوگ اجازت دیدیں ظہیریہ کی عبارت
سے یہی ظاہر ہوتا ہے جیساکہ ترجمہ درمختار سے ظاہر ہے۔

مسئلہ عورت یا بالغ اولاد کا فطرہ ان کے بغیر اذن
ادا کر دیا تو ادا ہو گیا بشرطیکہ اولاد اس کے عیال میں ہو یعنی اس
کا نفقہ وغیرہ اس کے ذمہ ہو ورنہ اولاد کی طرف ادا نہ ہوگا (بہار شریعت)

والصاع عند ابی حنیفة ومحمد ثمانیة ارطال با
لعراقی یعنی طرفین کے نزدیک آٹھ رطل کا ایک صاع ہوتا ہے
۳۳ تولہ کا اور استار۔ ایک تولہ آٹھ ماشہ دو رتی کا ہوتا
ہے اور مثقال ساڑھے چار ماشہ کا کل میزان دو سو ستر تولے
کا ہے (حاشیہ صدریہ و عالمگیری)

وهذا الصاع المعتبر ما یسع الفا و اربعین
درهما من ماش او عدس۔ اور صاع جو شرعاً معتبر
ہے وہ ظرف ہے جس میں ایک ہزار چالیس درہم کے وزن کے
ماش یا مسور سما دیں۔ صاع چار مد کا ہوتا ہے اور مد
دو رطل کا اور رطل نصف من کا اور من درہموں سے
دو سو آٹھ درہم کا۔ اور استار درہم کے وزن سے ساڑھے
چار مثقال کا۔ (ترجمہ درمختار)

صدقہ فطر کی مقدار یہ ہے۔ گیہوں یا اس کا آٹا
یا ستو نصف صاع کھجور یا منقے، یا جو یا اس کا آٹا یا ستو
ایک صاع۔ **مسئلہ** ان چار چیزوں کے علاوہ اگر کسی
دوسری چیز سے فطرہ ادا کرنا چاہے مثلاً چاول، جوار
باجرہ یا اور کوئی غلہ یا اور کوئی چیز دینا چاہے تو قیمت
کا لحاظ کرنا ہوگا۔ یعنی وہ چیز آدھے صاع گیہوں یا ایک
صاع جو کی قیمت کی ہو۔ یہاں تک کہ روٹی دیں تو اس
میں بھی قیمت کا لحاظ کیا جائے گا اگرچہ گیہوں یا جو کی
ہو۔ (عالمگیری)

اعلیٰ درجہ کی تحقیق اور احتیاط یہ ہے کہ صاع کا
وزن تین سو اکاون روپئے بھر ہے۔ اور نصف صاع
ایک سو پچھتر روپئے اٹھنی بھر زائد (بہار شریعت)

جو مسائل بیان کئے گئے ان سے معلوم ہوتا ہے
کہ چار چیزوں کا ذکر احادیث میں مذکور ہے۔ وہ نصف
صاع یا ایک صاع دینے سے صدقہ فطر ادا ہو جائے گا۔
خواہ قیمت کچھ ہو۔ مگر ان کے علاوہ کسی اور چیز سے ادا
کرے گا تو گیہوں کی قیمت کا لحاظ کرنا واجب ہے۔ اگرچہ
مقدار و وزن کے لحاظ سے نصف صاع سے زیادہ
ادا کر دے لیکن قیمت میں نصف صاع سے کم ہے تو اس
کی تکمیل ضروری ہوگی۔

صاع کی تحقیق کے سلسلہ میں عربی واردو
کتابیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صاع کے وزن میں

اختلاف ائمہ زیادہ ہے۔ مختلف کتابوں میں مختلف اوزان ہیں۔ کس قول کو ترجیح دی جائے۔ لہٰذا ایسی صورت میں بہار شریف میں جو برٹش گورنمنٹ کے زمانہ کے روپئے کا وزن بیان کیا گیا ہے اسی قول کو انسب و بہتر سمجھا۔ کیونکہ اس سے زیادہ کا کوئی قول نہیں ملا۔ برٹش کے زمانہ کا روپیہ تلاش کر کے وزن کیا تو ۱۲ ماشہ کا ہوا۔ اس حساب سے نصف صاع کا وزن ایک سو پچہتر روپئے اٹھنی بھر زائد لیا۔ موجودہ حکومت کے روپیہ کا سکہ لیکر حساب کیا گیا تو دو سو چار روپیے اٹھنی ہوے۔ انہیں روپئے سے گیہوں تولا گیا تو دو کلو ایک سو ستائیس گرام ہوئے۔ صوبۂ مدراس کا پیمانہ جس کو پٹی کہا جاتا ہے ناپا تو ایک پڑی ڈیڑھ پاؤ اور کچھ زائد ہوا۔ جو اوزان ہیں اپنی عملی تحقیق ناپ تول کر کے لکھے گئے ہیں۔ اس سے اگر کم کر دیا گیا تو ادائیگی میں نقص و کمی کا احتمال ہے لہٰذا بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر ایک مشت زیادہ دے دیا جائے تو یقین ہے کہ نصف صاع یا ایک صاع گیہوں یا جو ادا ہوگا اور جو زیادہ دے دیا فقراء و مسکین پہ تبرع و احسان ہوگا۔ اس کو ایسا ہی سمجھو جیسے گھی دال میں ڈالنا تھا دال ہی میں گر گیا یعنی بیکار نہیں گیا۔ بعض حضرات کو یہ کہتے سُنا کہ یہاں گیہوں پیدا نہیں ہوتا دیگر مقام سے آتا ہے، دکاندار زیادہ قیمت پہ فروخت کرتے ہیں۔ کون پنجاب و نیپال جائے۔ جو چیز یہاں پیدا ہوتی ہے اسی سے فطرہ ادا کریں گے۔ میں یہ عرض کرنے پر مجبور ہوں کہ اپنی تمام ضروریات اپنے ہی شہر اور گاؤں سے پوری کی جاتی ہیں۔ شادی بیاہ کے موقع پر بنارس، کانپور اور احمد آباد کیوں نہیں یاد کیا جاتا۔ حالانکہ شریعت نے فطرہ و زکوٰۃ میں، فقراء و مساکین کا لحاظ رکھا ہے۔ سال میں ایک مرتبہ فطرہ و زکوٰۃ دینا پڑتا ہے، تو دیگر مقام کا خیال کیا جاتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جبراً ادا کر رہے ہیں۔ غور کریں اور سوچیں کہ جب خلوص اور للّٰہیت نہیں تو کیا امید ہے کہ وہ مقبول بارگاہ ہوگا۔

ملک عرب میں گیہوں کہاں پیدا ہوتا تھا اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسئلہ کا اعلان فرمایا اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عملی ثبوت دیا۔

غرض مسلمان جو بھی عمل خیر کریں احکام الٰہی سمجھ کر اور خلوص نیت سے کریں۔ ان شاء اللہ الرحمٰن یقیناً مقبول بارگاہ ہوگا۔

وما علینا الا البلاغ

نعتِ شریف

از شمیمؔ سید انصاری

پیش کش: سید عطاء شمیم
عم سید الیاس پاشا متعلم دار العلوم
لطیفیہ مکان حضر قطب ویلور

اے خوشا بخت مدینہ سے پیام آئے ہیں — اور مجھ ایسے گنہگار کے نام آئے ہیں

دور میں کوثر و تسنیم کے جام آئے ہیں — آج گردش میں کئی ماہِ تمام آئے ہیں

دل کا دکھ درد جو اُن سے نہ کہوں کس سے کہوں — ایک وہی ہیں جو غم و رنج میں کام آئے ہیں

عرصۂ حشر میں مخصوص نہیں ہے کوئی — سب کی بخشش کے لئے فخرِ انام آئے ہیں

سرنگوں بُت ہوئے میدانِ عمل میں واعظ — جب بھی سرکارِ دو عالم کے غلام آئے ہیں

با ادب خدمتِ اقدس میں صبا پہونچانا — میرے لب پر جو درود اور سلام آئے ہیں

جب کبھی مجھ پہ کٹھن وقت پڑا کوئی شمیمؔ
آپ ہی میرے برے وقت میں کام آئے ہیں

جس نے انسان کو انسان بنایا

از: جناب مولوی نعیم اعجازی صاحب فاضل اشرفیہ مبارکپور یوپی

نسیم سحری کے کیف آور جھونکے شاہد ہیں کہ صبح صادق کے منادی نے مشرق کے کنگوروں سے جب بھی آفتاب عالمتاب کے آنے کی خبر دی تو پوری کائنات پر ظلمت کا تسلط تھا، خورشید کی ضیا بار کرنوں نے طلوع ہو کر نہ صرف خطۂ مشرق کو روشن کر دیا۔ بلکہ شمال و جنوب اور مشرق و مغرب کے ایک ایک خطہ کو ایک ایک گوشے کو ہر شہر اور ہر قریئے کو اپنی فیض بخشی سے مالا مال کر دیا۔ اور اس کی شعاعیں جس طرح شاہی ایوانوں پر پڑیں، اسی طرح غریبوں کے جھونپڑوں پر بھی پڑیں ــــ بعینہ اسی طرح عرب کی سرزمین پر طلوع ہونے والے آفتاب رسالت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس خاکدان گیتی کو اپنی بعثت کا شرف بخشا تو پوری کائنات پر جہالت و گمراہی کی حکمرانی تھی، سارا عالم کفر و شرک کے تند و تیز تھپیڑوں کی زد میں تھا۔ فارس کی سرزمین پر مجوسیوں کے لاکھوں سر آگ کے سامنے جھکے پڑے تھے۔ اور اس عقیدے کے ماننے والے عراق سے لیکر ہندوستان کی سرزمین تک پھیلے ہوئے تھے۔ یورپ کا مذہب عیسائی تھا، جس کا طویل سلسلہ پورے ایشیاء اور افریقہ تک پھیلا ہوا تھا، ان کے علاوہ متعدد ممالک میں آفتاب و ماہتاب اور ان کے جلو میں رہنے والے ستارے، درخت، پہاڑ، سمندر حتیٰ کہ اپنی طرح زمین پر چلتے پھرتے انسانوں کے سامنے اس ظالم انسان

نے اپنی پیشانی ٹیک دی تھی ــــ جس نے روز ازل خداوند قدوس کی صدائے "اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ" کے جواب میں "بلیٰ" کا ادا کردہ جملہ فراموش کر دیا تھا۔ اس دور میں بھی ایک خدا کا تصور زندہ تھا لیکن اُسے یہ لوگ خداؤں کا خدا یا سب سے بڑا خدا کہتے تھے۔ اور اسکی ربوبیت میں دوسروں کو بھی شریک کرتے تھے۔ فاران کی چوٹی سے طلوع ہونے والے آفتاب ہدایت نے ہمالہ کی سر بفلک چوٹیوں کو اپنی صداقت کی کرنوں سے معمور کر دیا۔ یونان و روم کی اولوالعزم حکومتوں کی بنیادیں متزلزل کر دیں۔ کفر و شرک کے منارے لرزہ براندام ہو گئے۔ اس کی روشنی سے جس طرح سلمان فارسی نے استفادہ کیا، صہیب رومی رضی اللہ عنہ بھی بہرہ مند ہوئے آقاؤں میں جس طرح عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے قلب کو منور کیا۔ صدیوں سے صرف عرب ہی میں نہیں بلکہ ایشیاء اور روم و یونان کے طویل علاقوں میں غلاموں کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی حبشی قوم جس کا تصور ہی غلامی کا مترادف تھا اس قوم کو بھی اپنے دامن میں جگہ دی۔ جس کی زندہ مثال حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کی ذات ہے۔ وہی بلال حبشی جب تک صرف بلال تھے یعنی دامن سید ابرار

سے وابستہ نہ ہوئے تھے۔ امیہ بن خلف کے کوڑوں کی ضرب سے
وادئ حجاز میں بلالؓ کی چیخیں بلند ہوتیں مگر کسی عرب کے دل میں
رحم کا ذرا شائبہ بھی پیدا نہ ہوتا تھا لیکن ـــــ وہی بلال جب غلام
محمد رسول اللہ علیہ وسلم بن گئے تو تمام کلمہ خوانوں کی نگاہ میں قابل
صد احترام لائق اعزاز ہو گیا۔ حضرت بلال کے وجود پر اہل حقائق
اب بھی کہتے ہیں۔ شعر

بدر اچھا ہے فلک پر نہ ہلال اچھا ہے
چشم بینا ہو تو دونوں سے بلال اچھا ہے

الغرض آپ کے فیضانِ کرم سے جس طرح ایک امیر آسودہ
ہُوا اُسی طرح ایک غریب بھی سیراب ہوا۔ آپ کی رحمت کے چھینٹے
جس طرح ایک رئیس کی قبا پہ پڑے اُسی طرح فقیر کی گدڑی پر
بھی پڑے ـــ آپ کی نگاہ رحمت کے صدقے غیر مہذب عربی
بدوؤں کو وہ عروج وارتقاء نصیب ہوا کہ ان کی پاؤں کی ٹھوکروں
نے قیصر وکسریٰ کی سلطنتوں کو پاش پاش کر دیا۔ میخانۂ توحید کے
اس ساقی نے اپنے میکشوں کو جب وحدتِ الٰہ کا جام پلایا تو اسی
پر بس نہ ہو گیا بلکہ ان کے کام و دہن، امن و آشتی، علم وہنر، اخوت
و مساوات، عدل وانصاف، تقویٰ و پارسائی سے بھی لذت
آشنا ہو گئے۔ ـــــ

جامِ توحید

توحید کا پیغام ہی وہ پہلی کڑی تھی
جس نے اسلام کو تمام ادیانِ باطلہ
سے ممتاز کر دیا۔ جو سر ہزاروں معبودانِ باطل کے سامنے بیک وقت
جھکنے کا عادی تھا، ایک خدائے ذوالجلال کی بارگاہ میں جھک گیا،
مخلوقات کی پرستش کے بجائے خالق کی عبادت ہونے لگی۔ جو جبینیں
تثلیث کے مصنوعی مدعیانِ ربوبیت کی دہلیز پہ رگڑ رگڑ کر گھس چکی
تھیں ایک خدا کے پیغام پر لبیک کہہ اٹھیں ـــ مدتوں
سے گمراہی کے اندھیرے میں بھٹکنے والوں نے اس آواز کو
دل میں جگہ دی، آنکھوں سے لگایا اور توحید کے علمبردار بن
گئے۔ آج صفِ اسلام میں امتیاز مشکل ہے کہ کون ملت سے
اگر خدائے واجب الوجود کی بارگاہ میں جھکا ہے۔ یہ توحید ہی
کا درس تھا جس کی وجہ سے،

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

خواہ وہ ایرانی ہو یا تورانی، عربی ہو یا عجمی، فاروق
اعظم ہوں یا بلالِ حبشی، عثمان غنی ہوں یا وحیۂ کلبی، غلام
ہو یا آقا، فقیر ہو یا داتا وحدانیت کے متوالے توحید کے
نشے میں سب ایک ہیں۔

پیغامِ امن

بعثتِ مبارک کے وقت پورا عرب
بدامنی کے بھٹی میں سلگ رہا تھا۔
اس دَور کے تمام دستور اسی ایک محور پہ گردش کر رہے تھے
کسی انسان کا باعزت طریقہ سے سانس لینا دشوار تھا،
بیٹیوں کو ماؤں کی گودیں بھی پناہ نہ دے سکتی تھیں۔ ایسے
پُر آشوب زمانے میں جب آفتاب کی روشنی میں سر بازار
عصمتوں پہ ڈاکے ڈالے جا رہے تھے۔ ہادی اعظم صلی اللہ علیہ
وسلم نے امن و آشتی کا وہ درس دیا کہ کایا پلٹ گئی اور فرمان
نبویؐ کے مطابق یمن کے دار السلطنت، صنعاء سے ایک
عورت تنہا سفر کر کے سونا اچھالتی ہوئی آئی۔ حج کر کے واپس
بھی چلی گئی۔ مگر راہ میں کسی نے اس پہ آنکھ تک نہ اٹھائی۔

اسی دریا سے اٹھتی تھی وہ موجِ تند جولاں بھی
شرافت کے نشیمن ہوتے تھے جس سے تہ و بالا

اور اب وہی مقام ہے کہ جہاں سے شاہانِ زمانہ کو امن کا پیغام دیا جانے لگا۔

دولتِ علم

اور تمام خامیوں کی طرح اہلِ عرب علم وہنر کی دولت سے بھی محروم تھے بعثتِ نبویؐ کے زمانہ میں معدودے چند انسان پڑھے لکھے تھے۔ جس نبی کے پاس پہلی ہی وحی علم کی شان وشوکت بیان کرتی ہوئی نازل ہوئی۔ اس کے فیضانِ علم وہنر نے جہالت کی آغوش میں پرورش پانے والے انسانوں کو معلّمِ زمانہ بنا کر دنیا کے لئے باعثِ افتخار بنا دیا۔ جیسا کہ علیؓ مرتضیٰ کے متعلق ارشاد فرمایا "انا مدینۃ العلم وعلیؓ بابھا" "میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔ انہیں علوم کی برکت تھی کہ نہ صرف اسلام کی آسمانی کتاب محفوظ ہے بلکہ لانے والے رسول برحق کی زندگی کا ہر ہر شعبہ اور ہر ہر چیز ہماری نظر میں ہے۔ یہی نہیں بلکہ ان کے اصحاب کی پوری کی پوری زندگی بھی شرح وبسط کے ساتھ ہماری نگاہوں میں محفوظ ہے۔ جس کا اقرار غیر مسلموں نے بھی کیا ہے جیسا کہ ڈاکٹر اسپرنگر کی شہادت موجود ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ مسلمانوں کی رجال کی کتابوں میں پانچ لاکھ انسانوں کی زندگی کامل طور پر محفوظ ہے۔ یہی مؤرخ دوسری جگہ لکھتا ہے کہ "مسلمانوں کی تاریخ اول تا آخر روشنی میں ہے"۔

۵ صداقت ہو تو دل سینے سے کھنچنے لگتا ہے واعظ
حقیقت خود کو منوا لیتی ہے مانی نہیں جاتی

سرمایۂ اتحاد

قاسمِ رحمت نے جس طرح ساری دنیا کو اور نعمتوں سے بہرہ مند فرمایا خصوصاً ملکِ عرب کے ان باشندوں کو خانہ جنگی جن کا آبائی ترکہ تھا اخوت ومساوات کا ایسا درس دیا کہ تاریخ عالم جس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ صحابۂ کرام نے سرکار کی زبانِ فیض ترجمان سے بارہا یہ آواز سُنی ـــ کہ اے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔ یہی نہیں آگے بڑھو تو حجۃ الوداع کے موقعہ پر زبانِ رسالت سے مساوات وبھائی چارگی کے یہہ کلمات سُنائی دیں گے، کہ عربی کو عجمی پر اور گورے کو کالے پر کسی قسم کی فضیلت نہیں۔ تم سب حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہو! اور حضرت آدم مٹی سے بنے تھے۔ اسی تعلیم کا اثر تھا کہ پوری دنیا میں ذلیل سمجھی جانے والی حبشی قوم نے آقاؤں سا عروج حاصل کر لیا۔ اس وقت ہماری نگاہیں حضرت عکرمہ پہ مرکوز ہو کر رہ جاتی ہیں جو لاکھوں علماء ومشائخ کے مخدوم ہیں ـــ آقاؤں کو غلاموں کے ساتھ برابری کا برتاؤ کرنے کا حکم دیا تو اس طرح عمل ہوا کہ محفل میں آنے کے بعد آقا وغلام میں تمیز دشوار ہو گئی ـــ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک صحابیٔ رسولؐ اپنے غلام سے کسی بات پر خفا ہو گئے حتیٰ کہ زد وکوب پر اتر

آئے۔ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر ہوتا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ " اس غلام پر تمہیں جسقدر قدرت ہے اس سے کہیں زیادہ مالک قضا و قدر تم پر قادر ہے، خدا سے ڈرو" ! صحابی رسول نے عرض کی یارسول اللہ، یہ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتا، دن میں کتنی دفعہ معاف کروں۔ سرکار نے فرمایا، ستر بار۔ یہ سنتے ہی احساس فرمہ داری سے اس قدر مغلوب ہوئے کہ پکار اٹھے " یارسول اللہ " آپ شاہد رہیں کہ میں نے اسے معاف کر دیا۔ اس سلسلے میں یہ بھی حکم آیا ہے کہ اپنے غلام کو ایسا کام نہ کہو جس کا کرنا دشوار ہو بلکہ ایسے کاموں میں اس کا ہاتھ بٹاؤ۔ یہ تو رہے انسانوں کے حقوق — سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بے زبان جانوروں کے بھی حقوق مقرر فرمائے ہیں۔

ایک بار ایک اونٹ دربار رسالت میں مستغیث ہوا کہ " یارسول اللہ مالک مجھ سے کام تو زیادہ لیتا ہے مگر میری غذا کا خیال نہیں کرتا۔ آپ نے مالک کو بلا کر جانور کا حق یاد دلایا۔ اور اسے آرام پہنچانے کی ترغیب دی — ایسا بھی ہوا ہے کہ دوعالم کے مولا پانی لیکر وضو کرنے بیٹھے ہیں اور پیاسی بلی پہنچ گئی تو برتن کا منہ جھکا دیا تاکہ آسودہ ہولے۔ اگر اس تعلیم کا اثر دیکھنا ہو تو فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص کے خیمے میں دیکھو — جہاد کے دوران آپ کے خیمے میں ایک کبوتر نے گھونسلہ بنا لیا تو کوچ کے وقت فراش کو حکم دیا کہ خیمہ بدستور چھوڑ دیا جائے تاکہ اس مہمان کو تکلیف نہ ہو۔ اس مقام پر آج فسطاط نامی شہر اس خیمہ کی یادگار کے طور پر موجود ہے۔ اسی تعلیم کا اثر تھا کہ حضرت رابعہ بصریؒ

نے ایک کتے کو پیاسا دیکھا تو اپنا موزہ اتار کر اوڑھنی اور چوٹی کی رسی سے اس کو آسودہ کر دیا۔ سلسلۂ نقشبندیہ کے ایک بلند پایہ شیخ حضرت خواجہ باقی باللہؒ شب کو تہجد سے فارغ ہو کر بستر کے پاس آئے تو دیکھا ایک بلی پڑی سو رہی ہے۔ آپ کابل کی شدید سردی میں خود پوری رات کھڑے رہ گئے۔ مگر بلی کو لحاف سے نہیں اٹھایا۔ اس قسم کے ایک دو نہیں، بے شمار مثالیں تاریخ و سیرت کی کتابوں میں بکھری پڑی ہیں حقیقت شناس اسلاف نے ان کی تعلیم کو نظر میں رکھا تو یہاں تک پہنچے۔ لیکن آج کور چشم مسلمانوں کو بھلا کیا نظر آئے گا —

دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر

اسی طرح عدل و انصاف کو تلاش کرو گے، تو فاروق اعظم کی مکمل دس سالہ خلافت تمہارے سامنے مکمل عدل بنکر آجائیگی کہ ایک باپ نے اللہ اور اس کے رسول کی تعلیم کے سامنے اپنی اولاد کی محبت کا خیال نہ کیا — صرف یہی نہیں بعد کے اسلامی فرمانرواؤں نے بھی اس اسلامی امانت کی پوری طور پر حفاظت کی جیسا کہ سلجوقی خاندان کے باعظمت شہنشاہ ملک شاہ کی سوانح میں ملتا ہے کہ ایک بار اپنے لشکر کے ساتھ کسی جنگل یا میدان میں قیام پذیر تھا کہ اس کے کچھ سپاہیوں نے ایک غریب بیوہ کی گائے پکڑ لی اور ذبح کر کے کھا گئے۔ اس غریب بیوہ کے پاس اس گائے کے سوا کوئی اور ذریعہ معاش نہ تھا۔ وہ اسی کے دودھ کو بیچ کر اپنا

اور یتیم بچوں کا پورا خرچ چلاتی تھی۔ جب اس کا وہ سہارا
ختم ہو گیا تو بڑھیا سرِ راہ ایک پل پہ آ کر کھڑی ہو گئی۔ جب
بادشاہ کی سواری گذرنے لگی تو پکار کر کہا ۔۔۔ اے بادشاہ
سلامت یہ تو بتا کہ ترا اور میرا حساب کتاب اسی پل پر ہوگا
یا پلِ صراط پہ ۔۔۔ بادشاہ نے سنا تو چکرا کر رہ گیا۔ خوفِ
قیامت سے لرزہ براندام ہو گیا۔ صبحِ قیامت کا نقشہ اس
کی نگاہوں میں پھر گیا۔ پوری فوج کو رُکنے کا حکم دیا ۔۔۔
اور بڑھیا سے مخاطب ہُوا۔ بوڑھی ماں ۔ آخر کیا تکلیف
تجھے پہنچی ہے کہ تو نے سرِ راہ میرے گھوڑے کی رکاب پکڑ
کر روزِ قیامت کی یاد دلائی ۔۔۔ بڑھیا نے ماجرا بیان کیا۔
بادشاہ غصے میں لال پیلا ہو گیا۔ اور تھوڑی دیر بعد خشیتِ
ایزدی کا احساس اس قدر غالب ہوا کہ آنکھوں سے آنسوؤں کی
جھڑی بندھ گئی ۔۔۔ اور پھر بڑھیا کو اس کے حق سے زیادہ
نواز کر روانہ کیا گیا ۔۔۔ یونہی تقویٰ اور پرہیزگاری کو
کمالِ انسانی کا تاج قرار دیا گیا ہے۔ تمام اعزاز نسبی اس کے
آگے سرنگوں ہو جاتے ہیں۔ انّ اکرمکم عنداللّٰہ
اتقاکم میں اسی جوہرِ گراں مایہ کی طرف اشارہ
کیا گیا ہے ۔۔۔ اور اگر اس کی زندہ تصویر دیکھنا چاہو
تو جنیدؒ و شبلیؒ کی زندگی کا مطالعہ کر جاؤ ۔۔۔ اور
اگر اپنے دیس میں اس کی تفسیر دیکھنا ہو تو اجمیر کے
خواجہ معین الدین چشتیؒ ، دلی کے محبوبِ الٰہی نظام الدینؒ
اولیاء کی سوانح حیات پڑھ جاؤ ، تو معلوم ہو جائے گا
کہ ان لوگوں نے کس راستہ کو اپنایا کہ خود دنیا کے
لئے نمونۂ عمل بن گئے ۔ اگر نگاہِ حق بین سے دیکھا جائے۔
تو یقیناً معلوم ہو جائے گا کہ بغداد و کلیر، ملتان و بلخ
کے روحانی پیشواؤں کا تاجدار مدینے کی سرزمین پہ
آج بھی سرچشمۂ رحمت بنا ہُوا ہے ؎

سارے عالم پہ برابر ہے عنایت آپکی
راجدھانی ہے عرب، دنیا حکومت آپکی

ــــــ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
وبہٖ نستعین

اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ
قرآن واحادیث کی روشنی میں

از ـ افضل العلماء مولوی محمد یٰسین صاحب لطیفی
مدرس دارالعلوم لطیفیہ
مکان حضرت قطب ویلور
قدس سرہ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا۔ یعنی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو تمہیں عطا کریں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ۔ سلطانِ دارین مختارِ کونین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خداوندِ قدوس نے تمام دنیا کا مختار بنایا ہے۔ آپ کی بادشاہت اور حکومت اور خداداد اختیارات کا اندازہ کس طرح ہو سکتا ہے۔ بلا تخصیص ہر امر میں آپ کی اطاعت فرض اور ہر کام میں آپ کی فرماں برداری ضروری ہے اور آپ کی اطاعت اللہ رب العزۃ کی طاعت ہے من یطع الرسول فقد اطاع اللہ آپکی فرماں برداری اللہ کی فرماں برداری ہے۔ دونوں کی نافرمانی دوزخ کی نشانی ہے ومن یعص اللہ ورسولہ فان لہ نار جھنم خالدین فیھا ابدا یعنی جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ سبحان اللہ! سارے جہان کو یہ حکم ہوتا ہے کہ اپنی فلاح چاہتے ہو اور بہبودی مقصود ہے تو ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حکم کی تعمیل کرو۔ لہٰذا میں اس عنوان کے تحت اُن احادیث اور اقوالِ ائمہ کو پیش کرتا ہوں جن سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیارات کا ثبوت ملتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں لَوْلَآ اَنْ اَشُقَّ عَلٰٓی اُمَّتِیْ لَاَخَّرْتُ الْعِشَآءَ اِلٰی ثُلُثِ اللَّیْلِ اگر میں اپنی امت پر شاق ودشوار نہ سمجھتا تو نمازِ عشاء کا وقت تہائی رات تک مؤخر کر دیتا یعنی تاخیر کو فرض کر دیتا اور دوسری حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔ لَوْلَآ اَنْ اَشُقَّ عَلٰٓی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُھُمْ بِالسِّوَاکِ عِنْدَ کُلِّ صَلٰوۃٍ اگر میری امت پر دشوار نہ ہوتا تو میں ہر نماز میں مسواک فرض کر دیتا۔ دونوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے وہ اختیارات دئے ہیں کہ جس کو چاہیں فرض فرما دیں۔ اس رحیم آقا کا رحم وکرم بھی اپنے غلاموں پر روشن اور ظاہر ہو گیا کہ امت کی دشواری اور سختی منظور نہیں ہے اور آپ امت کی مشقت گوارہ نہیں فرماتے ہیں صحیحین میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے ماموں ابو بردہ بن نیاز رضی نے نماز عید سے پہلے قربانی کر لی تھی۔ جب معلوم ہوا کہ یہ کافی نہیں

ہے' عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' وہ تو میں کر چکا
اب میرے پاس بکری کا بچہ ہے جو چھ ماہ کا ہے مگر سال بھر
والے سے اچھا ہے' فرمایا اِجْعَلْهُ مَكَانَهُ وَلَنْ تَجْزِيَ
عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ اس کی جگہ اسے کر دو اور اتنی عمر
کی بکری تمہارے بعد دوسروں کی قربانی کے لئے ہرگز کافی
نہ ہوگی۔ شارح نے اس حدیث کی تشریح یوں فرمائی ہے' کہ
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ایک خصوصیت ابوبردہؓ
کو بخشی جس میں دوسرے کا حصہ نہیں اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم کو اختیار حاصل تھا کہ جس کو چاہیں کسی بھی حکم سے
خاص فرماویں۔

صحاح ستہ میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک
شخص بارگاہِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ
(صلی اللہ علیہ وسلم) میں ہلاک ہو گیا۔ فرمایا کیا ہے' عرض کی
میں نے رمضان میں اپنی عورت سے نزدیکی کی' تو فرمایا
غلام آزاد کر سکتے ہو۔ عرض کی کہ اتنی استطاعت نہیں رکھتا
ہوں۔ فرمایا لگاتار دو مہینے کے روزے رکھ سکتے ہو۔ عرض
کی کہ یہ بھی نہیں رکھ سکتا۔ فرمایا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا
سکتے ہو۔ عرض کی یہ بھی نہیں کر سکتا۔ اتنے میں کھجوریں
آپؐ کی خدمت اقدس میں لائی گئیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا انہیں خیرات کر دو۔ عرض کی کیا اپنے سے زیادہ کسی
محتاج پر؟ مدینے بھر میں تو کوئی ہمارے برابر محتاج نہیں'
فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ
نَوَاجِذُهُ وَقَالَ اذْهَبْ فَاطْعِمْهُ اَهْلَكَ
سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہنس دیئے۔ یہاں
تک کہ دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے۔ اور فرمایا' جاؤ
اپنے گھر والوں کو کھلا دو۔ کیا ناظرین نے گناہ کا ایسا
کفارہ بھی سُنا ہے؟ دو من کھجوریں سرور کائنات سے
عطا کی گئیں کہ آپ کھا لو کفارہ ہو گیا۔

قسم ہے خدا کی یہ بارگاہ مصطفےٰؐ ہے کہ سزا کو انعام
سے بدل دے۔ ہاں ہاں یہ بارگاہ بیکس پناہ اُولٰئِكَ
الَّذِيْنَ يُبَدِّلُ اللهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ کی
خلافتِ کبریٰ ہے۔ آپکی ایک نگاہِ کرم کبائر کو حسنات
کر دیتی ہے جب ہی تو ارحم الراحمین جل جلالہٗ نے
گناہ گاروں خطاکاروں کو آپؐ کا دروازہ بتایا کہ وَلَوْ
اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَاءُوْكَ الخ گناہگار
آپؐ کے دربار میں حاضر ہو کر معافی چاہیں اور آپ شفاعت
فرمائیں تو خدا کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔

ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے گھوڑا خریدا۔ وہ بیچ کر پھر
گیا اور گواہ مانگا۔ جو مسلمان آتا اعرابی کو جھڑکتا کہ
خرابی ہو تیرے لئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق
کے سوا کیا فرمائیں گے۔ مگر کوئی گواہی نہیں دیتا کہ
کسی کے سامنے کا واقعہ نہ تھا۔ اتنے میں حضرت
خزیمہ رضی اللہ عنہ حاضر بارگاہ ہوئے۔ گفتگو سن
کر کہا اَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَايَعْتَهٗ میں گواہی
دیتا ہوں کہ تو نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ

بیجا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم تو
موجود تو تھے ہی نہیں تم نے گواہی کیسے دی، عرض کی
بِتَصْدِیْقِكَ یَا رَسُوْلَ اللہِ (وفی الثانی)
صَدَّقْتُكَ بِمَا جِئْتَ بِهٖ وَعَلِمْتُ اَنَّكَ
لَا تَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا (وفی الثالث) اَنَا
اُصَدِّقُكَ عَلٰی خَبَرِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اَلَا
اُصَدِّقُكَ عَلَی الْاَعْرَابِیِّ یا رسول اللہ
میں حضور کی تصدیق سے گواہی دے رہا ہوں، میں
حضور کے لائے ہوئے دین پر ایمان لایا اور یقین جانا
کہ حضور حق ہی فرمائیں گے۔ میں آسمان و زمین کے خبروں
پر حضور کی تصدیق کرتا ہوں کیا اس اعرابی کے مقابلہ میں
تصدیق نہ کروں۔ اس کے انعام میں حضور اقدس صلی اللہ
علیہ وسلم نے ہمیشہ ان کی گواہی دو مرد کی شہادت کے
برابر فرما دی اور ارشاد فرمایا شَهِدَ لَهٗ خُزَیْمَةُ
اَوْ شَهِدَ عَلَیْهِ فَحَسْبُهٗ خزیمہ رض جس کسی کے نفع
خواہ ضرر کی گواہی دیں تنہا ان کی شہادت کافی ہے۔

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ
علیہ وسلم نے قرآن عظیم کے حکم عام وَاَشْهِدُوْا ذَوَیْ
عَدْلٍ مِّنْكُمْ سے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کو مستثنیٰ
فرما دیا۔ قربان جائیے اس نوازش پر قرآنی احکام سے
مستثنیٰ کرتے ہوئے آپ اپنے اختیار سے صرف ان کی
ایک گواہی کو دو لوگوں کی گواہی کا درجہ عطا فرماتے
ہیں اور ایک حدیث میں ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم
کے اختیارات کے ثبوت پر گواہی دے رہی ہے۔

صحیح بخاری و ترمذی میں عبداللہ بن عمر رض
سے مروی ہے کہ غزوۂ بدر میں حضرت رقیہ بنت
رسول صلی اللہ علیہ وسلم زوجۂ امیر المومنین عثمان غنی
رضی اللہ عنہ بیمار تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
نے انہیں مدینہ طیبہ میں شاہزادی کی تیمارداری کے لئے
ٹھہرنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا اِنَّ لَكَ اَجْرَ رَجُلٍ
مِّمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَّسَهْمَهٗ بیشک تمہارے
لئے حاضران بدر کے برابر ثواب اور حاضری کے مثل
غنیمت کا حصہ ہے۔ یہ خصوصیت حضرت عثمان غنی
رضی اللہ عنہ کو عطا فرما دی۔ حالانکہ جو حاضر جہاد
نہ ہو غنیمت میں اس کا حصہ نہیں۔ سنن ابوداؤد میں
انہیں سے ہے۔ یَضْرِبُ لَهٗ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی
اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ یَضْرِبْ لِاَحَدٍ
غَابَ غَیْرَهٗ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
ان کے لئے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے سوا کسی غیر حاضر
کو حصہ نہ دیا اور نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہ،
کی موجودگی میں تم دوسرا نکاح نہیں کر سکتے حالانکہ
بیک وقت ایک آدمی کے لئے چار عورتوں سے نکاح
کرنا جائز ہے اور قرآن کریم نے بھی یہی حکم دیا ہے،
لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے حضور صلی اللہ علیہ
وسلم نے جو کچھ فرمایا یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار

سے تھا۔ طبقات ابن سعد میں اسماء بنت عمیس رضی اللہ
عنہا سے ہے، جب ان کے شوہر اوّل جعفر طیار رضی اللہ عنہ
شہید ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا،
تسلبی ثلٰثاً ثم اصنعی ما شئت تین دن
سنگار سے الگ رہو۔ پھر جو چاہو کرو۔ یہاں حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اس حکم عام سے استثنا فرما دیا کہ
عورت کو شوہر پر چار مہینے دس دن سوگ واجب ہے۔
مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے جو حکم کیا، یہ آپ کے
اختیار سے تھا۔ ابن سکن میں ابو نعمان رض ازدی سے ہے
ایک شخص نے ایک عورت کو پیام نکاح دیا۔ حضور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہر دو۔ عرض کی میرے پاس نہیں،
فرمایا اَمَا تحسن سورة من القرآن فاصدقها
السورة ولا یکون لاحد بعدک مهرا۔
کیا تجھے قرآن عظیم کی کوئی سورۃ نہیں آتی وہ سورت
سکھانا ہی اس کا مہر ہے اور تیرے بعد یہ مہر کسی اور کو
کافی نہیں (رواہ سعید بن منصور مختصراً)

ناظرین کرام! صحیحین سے تو ثابت ہے کہ حضور
سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے
سے منع فرمایا۔ اس کے باوجود براء رضی اللہ عنہ نے سونے
کی انگوٹھی پہن رکھی تھی۔ محمد بن مالک کہتے ہیں، جب براء رض
کو سونے کی انگوٹھی پہنے دیکھا اور لوگ ان سے کہتے تھے،
آپ سونے کی انگوٹھی کیوں پہنتے ہیں حالانکہ حضور ص نے
اس سے منع فرمایا ہے۔ انہوں نے کہا ہم حضور صلی اللہ
علیہ وسلم کے سامنے موجود تھے اس وقت اموالِ مالِ غنیمت
غلام و متاع حاضر تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تقسیم
فرما رہے تھے سب بانٹ چکے۔ یہ انگوٹھی باقی رہی۔ حضور
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نظر مبارک اٹھا کر اپنے اصحاب کرام کو
دیکھا پھر نگاہ نیچی کرلی۔ پھر نظر اٹھا کر دیکھا اور مجھے بلایا
اے براء! میں حاضر ہو کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے
بیٹھ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی لیکر میری کلائی
تھامی پھر فرمایا لے پہن لے جو کچھ تجھے اللہ و رسول پہناتے
ہیں۔ براء رض فرماتے ہیں تم لوگ کیوں کر مجھے کہتے ہو کہ میں وہ
چیز اتار ڈالوں جسے حضرت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمائے پہن لے جو کچھ اللہ و رسول نے پہنایا۔

صحیح مسلم میں ہے عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ
کہتے ہیں، خداوند تعالیٰ گودنے والی پر اور گدوانے والی
پر اور چہرے کے بال نوچنے والی پر اور نچوانے والی پر اور
دانتوں کے درمیان خوبصورتی پیدا کرنے کیلئے کشادگی
پیدا کرنے والی پر جو خدا کی بنائی ہوئی صورت کو تبدیل
کرتی ہیں ان پر لعنت فرماتا ہے! عبد اللہ بن مسعود رض
کا یہ قول قبیلہ بنو اسد کی ایک عورت ام یعقوب، جو
قرآن مجید پڑھا کرتی تھیں سنا تو ان کے پاس آئیں
اور کہا مجھکو معلوم ہوا ہے کہ تم گودنے والی گدوانے والی
چہرے کے بال نوچنے والی نچوانے والی وغیرہ پر لعنت کرتے ہو۔
عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں ان پر کیوں نہ لعنت کروں
جن پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اور قرآن مجید

میں بھی ان پر لعنت آئی ہے۔ ام یعقوب نے کہا میں نے قرآن
مجید کو شروع سے آخر تک پڑھا ہے مجھکو تو یہ لعنت نظر نہیں آئی
ابن مسعودؓ نے کہا اگر تم قرآن مجید کو غور سے پڑھیں تو تم کو ضرور
یہ حکم مل جاتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے مَآ اٰتٰكُمُ
الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔
یعنی مسلمانو! رسول جو تمہیں عطا کریں اسے لے لو اور جس سے
منع کریں اس سے رک جاؤ۔ ام یعقوب نے کہا میں تو ان باتوں
میں سے کچھ تمہاری بیوی میں اس وقت پاتی ہوں۔ ابن مسعودؓ
نے کہا جاکر دیکھ لو۔ چنانچہ ام یعقوبؓ نے ابن مسعود کی بیوی
کو جاکر دیکھا اور کوئی بات ان میں سے نہ پائی تو واپس آکر کہا
مجھے کوئی بات نظر نہ آئی۔ ابن مسعودؓ نے کہا اگر ایسا ہوتا تو ہم
کبھی اس سے تعلق نہ رکھتے۔ (یعنی اسکو طلاق دے دیتے۔)
اس حدیث سے ہمکو یہ معلوم ہوا کہ عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس
ام یعقوب نے آکر سوال کیا اسکے جواب میں آپنے یہی فرمایا کہ قرآن
شاہد ہے مَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ
فَانْتَهُوْا مذکورہ افعال کے بارے میں تو قرآن میں کچھ بھی
نہیں بلکہ صحابئ رسول نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث
پر عمل کرنے کے لئے اس آیت کو ام یعقوب کے سامنے پیش کیا اور
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا ہے تَرَكْتُ فِيْكُمْ اَمْرَيْنِ
لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ
رَسُوْلِهٖ یعنی میں تم میں دو چیزوں کو چھوڑ کر جا رہا ہوں۔
اگر تم اس کو مضبوطی سے پکڑے رہوگے تو ہرگز گمراہ نہ ہونگے۔
ایک قرآن مجید ہے اور دوسری سنت رسول ہے۔

ان دونوں پر عمل پیرا ہونا ہمارے لئے ضروری ہے۔
گویا یہ دونوں لازم وملزوم ہیں اور قرآن مجید کے اس
قول پر ہم کو حکم بجالانا ضروری ہے اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے
ہیں سن لو مجھے قرآن کے ساتھ اسکا مثل ملا یعنی حدیث
دیکھو کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر بیٹھکر یہ نہ کہے کہ یہی
قرآن لئے رہو جو اس میں حلال ہے اسے حلال جانو۔
جو اسمیں حرام اسے حرام مانو وَاِنَّمَا حَرَّمَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ جو کچھ اللہ کے رسول نے
حرام کیا وہ بھی اسی کے مثل ہے جیسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے
حرام کیا۔ یہاں صراحتہً حرام کی دو قسمیں فرمائیں ایک وہ
جسے اللہ تعالیٰ حرام فرمادیا۔ دوسرا وہ جسے رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کیا اور فرمادیا کہ وہ دونوں برابر
اور یکساں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے مَا كَانَ
لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ
رَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ
اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ
ضَلٰلًا مُّبِيْنًا۔ نہ کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت
کو پہنچتا ہے کہ جب اللہ ورسول کچھ حکم فرماویں تو انہیں
اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے اور جو حکم نہ مانے اللہ اور
اسکے رسول کا وہ بے شک صریح گمراہی میں بہکا۔ اس
آیت کی تفسیر میں الامن والعلیٰ میں اعلیٰحضرت لکھتے
ہیں کہ ائمہ مفسرین فرماتے ہیں حضور صلعم نے قبل طلوع

بقیہ برصفحہ ۱۳۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ھدیۂ تشکر

تمام تعریفیں اس ذات پاک وحدہٗ لاشریک
کے لئے سزاوار ہیں جس نے ہمیں حصول علم شرائع کی توفیق عطا فرمائی
اور حکمت وبیان کی باتوں سے ہمارے سینوں کو کھول دیا اور ہمارے
دلوں کو نور وھدایت سے منور کردیا۔ اور لاکھوں درود وسلام
ہوں نبی آخر الزمان پر جو دونوں جہان کے تاجدار ہیں۔ آپ نے
ظالموں کو رحمدل، جابروں کو سراپا رحمت اور حق ناشناسوں کو
اپنی صحبت سے صاحب معرفت بنایا اور آپ کے اصحاب پر بھی جو سابقین اولین ہیں۔
مالکِ ذوالجلال! تیری نعمت لازوال، تیرا ہر کرم
انتہائے کمال، تو نے ہمیشہ اپنے بندوں پر جود وعطا نچھاور کیا،
نامرادوں کے دامان کو گوہر مراد سے مالامال کیا تیری رحمت کے
نثار، تیری عطا کے قربان کہ تو نے ہمیں امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
میں پیدا فرمایا۔ جس کی خواہش انبیاء علیہم السلام نے کی تھی اور
ہماری تربیت کی خاطر اپنے خاص بندوں کی ایک ایسی دینی درسگاہ
میں لایا جس کی بنیاد باعث کون ومکاں حضور محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وسلم کے اشارے پر رکھی گئی جو تقریباً تین صدیوں سے علمی عرفانی
مادی وروحانی خدمات انجام دے رہا ہے۔ جہاں سے سینکڑوں
علم کے متوالے گوہر مقصود سے مالامال ہوئے۔
یہاں آب حیات جاودانی کا ۔ حقیقی گر بتایا جارہا ہے

معزز سامعین وناظرین!
دارالعلوم لطیفیہ مکان حضرت
قطب ویلور قدس سرہ کے چشمۂ علم
سے سیراب ہونے والوں میں سے ہم خاکسار بھی
بھی ہیں، جس کے ایک ایک گھونٹ کے قطرے نے ہمیں
قال اللہ وقال الرسول کے حقائق
سے سرشار فرمایا ہم سراپا مشکور ہیں۔ تقدس مآب شیخنا و
مولانا اعلیٰحضرت ابو النصر قطب الدین سید شاہ محمد باقر صاحب
قبلہ قادری دام برکاتہم العالی سجادہ نشین خانقاہ
اقطاب ویلور قدس سرہم کے جن کی انمول نصیحتوں، بے مثال
ہدایتوں اور عنایات وکرم نے حصول علم کے مشکل ترین میدان
میں ہمت افزائی کی اور ہر حال میں کرم سے نوازا اور ممنون
ہیں احسانمند ہیں ہم حضرت مخدومنا ومولانا ابو صالح عماد الدین
سید شاہ محمد ناصر صاحب قبلہ قادری دامت برکاتہم العالی کے
مخدومنا ومولانا ابو الحسن عمدۃ الدین
سید شاہ محمد طاہر صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی کے
ناظم دارالعلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور قدس سرہ کے
جن کے نوازشات اور محبت آمیز تنبیہات نے سمت صحیح پر
لاکھڑا کیا۔ جن کے پند ونصائح کے دلکش اور حکمت آمیز الفاظ
آج بھی ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں۔ آج ہمارے پاس وہ
الفاظ نہیں ہیں جن کے ذریعے ان مربیین کرام کی نظر نوازی
اور احسان وفضل کا شکر ادا کرسکیں اور ہم اپنے حضرات
اساتذۂ کرام کے تہ دل سے شکر گذار ہیں جنہوں نے علم دین

کی لازوال دولت سے سرفراز کرتے ہوئے اسرار و معارف
سے روشناس کیا۔ اور جن کی فیض صحبت نے ہمیں آج اس
مقام پر لایا ہے جہاں آپ دیکھ رہے ہیں۔ ان کا غصہ اور
پیار دونوں ہمارے لئے مہمیز کا کام دیتے تھے۔

آج ہم اپنے مقدس مربیان اور محترم
اساتذۂ کرام سے بادل نخواستہ رخصت
ہوتے ہوئے باادب دعا کی استدعا کرتے
ہیں اور دعاگو ہیں کہ آپ تمام کے سایۂ ہما

فال کو ہمارے سروں پر قائم رکھے
اور یہ سرچشمۂ علوم و فنون تا قیامت
تشنگانِ علوم کو سیراب کرتا رہے۔

آمین

اس مدرسہ کو یارب آباد رکھ ہمیشہ
ہر علم و فن میں ہمکو بس مالامال کردے

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم۔

بتاریخ ۱۰ رشعبان المعظم ۱۳۹۳ھ مطابق ۸ رستمبر ۱۹۷۳ء روز شنبہ

پیش کنندگان:-

مولوی سید مصطفیٰ قادری عرف خسرو انا ہسور (فاضل لطیفیہ)
مولوی حافظ محمد کمال الدین عارف بلنجپوری فاضل لطیفیہ
مولوی سید محمد حنیف کلچرلوی آندھراپردیش
مولوی عبدالرزاق جولیالوی کرناٹکا
مولوی حافظ محمد اسمٰعیل وانمباڑی
حافظ سید نورالحسن حسینی بنگلور

نام مبارک مراد علی عرف علی مراد شاہ صاحب افضل تخلص فرمایا کرتے تھے۔ آپ حضرت سید جلال الدین اکملؔی کے بڑے صاحبزادے اور حضرت شاہ کمال جامی دکن کے پوتے ہیں۔ ۱۲۴۹ھ میں آپکی ولادت ہوئی۔ ابتدائی تعلیم والدِ بزرگوار سے پانے کے بعد مدراس میں علوم و فنون کی تکمیل کی نعمتِ باطنی اور خلافت اپنے والدِ ماجد حضرت سید جلال الدین قدس سرہ سے پائی۔ آپکا وصال بروز جمعہ ۱۱ جمادی الاولی سنہ ۱۳۱۰ھ بمقام مدراس ہوا۔ آپ کی نعش مبارک اسپیشل ٹرین کے ذریعہ کڈپہ لائی گئی اور حضرت سید شاہ نور اللہ باشاہ صاحب قدس سرہ کے مزار مقدس کے قریب تدفین ہوئی۔ آپ کا مزار مقدس مرجع خاص و عام ہے۔ نیز آپ کے روحانی فیوضات و برکات کا سلسلہ آج بھی جاری و ساری ہے۔ آپ کے خلیفۂ خاص پوتے اور نواسے حضرت سید عبدالحق عرف شاہ میر بادشاہ صاحب ثالث المتخلص بہ شاہ میر قدس سرہ نے آپ کی شان میں ایک منقبت لکھی ہے۔ جو عقیدت و ارادت سے بھرپور ہے۔

مرتبہ ابو المکارم بخاری

پیر روشن ضمیر افضل ہے — اور پیران پیر افضل ہے
شاہ سیّد علی ہے جس کا نام — لائق و دلپذیر افضل ہے
عرف میں شہ علی مراد کہیں — اور تخلص شہیر افضل ہے
وارثِ انبیاء ہے وہ بلشک — نائبِ دستگیر افضل ہے
عالمِ باعمل ہے لاثانی — فاضلِ بے نظیر افضل ہے
علم حق اور علم دیں میں خوب — دوجہاں میں شہیر افضل ہے
خوبیوں سے جہاں میں ہے مشہور — مثلِ مہرِ منیر افضل ہے
حق کا دیدار اس نے دیکھ لیا — خلق میں جس کا پیر افضل ہے
حشر کے دن نہیں ہے خوف مجھے — حامی و دست گیر افضل ہے
ساری دُنیا کے سارے پیروں میں — سچ ہے میرا ہی پیر افضل ہے

از طفیلِ نبی بفضلِ خدا
مرشدِ شاہ میر افضل ہے

دعا

پیش کش :۔ بی عبدالرحیم
نرسمہاراجپور، کرناٹک
متعلم دارالعلوم
لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور

آہ جاتی ہے فلک پر رحم لانے کیلئے
بادلو ہٹ جاؤ دیدو راہ جانے کیلئے

اے دعا ہاں عرض کر عرشِ الٰہی تھام کے
اے خدا اب پھیر دے رُخ گردشِ ایّام کے

ڈھونڈتے ہیں اب مداوا سوزشِ غم کیلئے
کر رہے ہیں زخمِ دل فریاد مرہم کیلئے

رحم کر اپنے نہ آئینِ کرم کو بھول جا
ہم تجھے بھولے ہیں لیکن تو نہ ہمکو بھول جا

خلق کے راندے ہوئے دنیا کے ٹھکرائے ہوئے
آئے ہیں اب تیرے در پر ہاتھ پھیلائے ہوئے

خوار ہیں بدکار ہیں ڈوبے ہوئے ذلت میں ہیں
کچھ بھی ہیں لیکن تیرے محبوبؐ کی اُمت میں ہیں

حق پرستوں کی اگر کی تو نے دلجوئی نہیں
طعنہ دیں گے بت کہ مسلم کا خدا کوئی نہیں